کراماتِ صحابہ

حسب الارشاد حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رح

مرتبہ

مولانا احمد حسن صاحب سنبھلی

ناشر

مکتبہ علم و ادب دیوبند یوپی

قیمت ایک روپیہ (خواجہ پریس دہلی)

عرض ناشر

بسم اللہ حامدا و مصلیا و مسلما

زیرِ نظر کتاب کا اصلی نام ہدیۃ الاحباب فی کرامات الاصحاب ہے لیکن کراماتِ صحابہ کے نام سے مشہور ہے جس میں نہایت معتبر روایتوں سے صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی مشہور و معروف کرامتوں کا تذکرہ ہے جسکو حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحؒ نے اس عظیم الشان کام کو شروع فرمایا تھا اور کافی حصہ قلم بند بھی فرما چکے تھے لیکن کثرتِ مشاغل کی وجہ سے خود اس کو پورا نہ فرما سکے،

چنانچہ مولوی سید احمد صاحب سنبھلی کو اس کی تکمیل کا حکم دیا اور مولانا موصوف نے اس کو پورا فرما کر حضرت کی خدمت میں پیش کیا حضرتؒ نے ایک ایک حرف ملاحظہ فرمایا اور جا بجا مفید اضافے بھی فرمائے جو آپ کی تقریظ سے بھی واضح ہے،

اس کتاب کی زبان اگرچہ اپنے زمانہ کے لحاظ سے بہت بہتر تھی لیکن زمانہ کے ارتقاء کے ساتھ ساتھ زبان کی ترقی نے مجبور کر دیا کہ ان کرامتوں کے ترجمہ کو زبانِ حال میں منتقل کر دیا جائے چنانچہ ہم نے مستند علماء کی

نگرانی میں ترجمہ کی زبان درست کرائی تاکہ تمام حضرات ان جواہر
پاروں سے بخوبی مستفید ہو سکیں بہرحال یہ کتاب اپنی آپ نظیر ہے
دیگر اولیاء کرام کی کرامتوں کی بہ نسبت امید ہے ناظرین
اور عشاق دیں اس کو اپنے دل میں زیادہ وقعت دیں گے اس لئے
کہ صحابہ کرام ہی سب سے افضل ہیں اور ولی کتنے ہی اونچے مرتبہ پر
کیوں نہ ہو صحابیؓ کے درجہ کو نہیں پہنچ سکتا۔

اکرام الحق دیوبندی
۱۰؍جنوری ۱۹۶۲ء

فہرست مضامین

نمبر	عنوان	صفحہ	نمبر	عنوان	صفحہ
۱	عرض ناشر	۴	۱۱	کرامات حضرت خبیب رض	۶۰
۲	تقریظ حکیم الامت رح	۶	۱۲	کرامات حضرت انس رض	۶۳
۳	از مؤلف	۷	۱۳	کرامات حضرت ابن ابی وقاص رض	۶۵
۴	کرامات سیدنا ابوبکر صدیق رض	۱۱	۱۴	کرامات حضرت حنظلہ رض	۶۷
۵	کرامات سیدنا عمر بن الخطاب رض	۱۹	۱۵	کرامات ایک انصاری صحابی رض	۷۰
۶	کرامات سیدنا عثمان بن عفان رض	۳۴	۱۶	کرامات حضرت عبداللہ بن مسعود رض	۷۱
۷	کرامات سیدنا علی ابن ابی طالب رض	۳۸	۱۷	کرامات حضرت سعد بن خیثمہ رض	۷۲
۸	کرامات سیدنا امام حسین رض	۴۷	۱۸	کرامات والد حضرت جابر رض	۷۳
۹	کرامات سیدنا امام حسین رض	۵۲	۱۹	کرامات بعض صحابہ رضی اللہ عنہم	۷۴
۱۰	کرامات حضرت سعد بن معاذ	۵۴	۲۰	کرامات حضرت سفینہ رض	۷۶

نمبر	عنوان	صفحہ	نمبر	عنوان	صفحہ
۲۱	کرامات امّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہؓ	۷۷	۳۳	کرامت حضرت اسامہ بن زیدؓ	۱۰۱
۲۲	کرامات سیدنا حضرت خدیجہؓ	۷۹	۳۴	کرامت حضرت ثابت بن قیسؓ	۱۰۲
۲۳	کرامات سیدنا حضرت فاطمۃ الزہراؓ	۸۳	۳۵	کرامت حضرت بلال بن حارثؓ	۱۰۳
۲۴	کرامات حضرت اُسید بن حضیرؓ	۸۹	۳۶	کرامات حضرت سعید بن زیدؓ	۱۰۴
۲۵	کرامت بعض اصحاب رسولؐ	۹۱	۳۷	کرامات حضرت سلمان و ابو درداءؓ	۱۰۵
۲۶	کرامت حضرت ابوہریرہؓ	۹۲	۳۸	کرامت حضرت ابو ذر غفاریؓ	۱۰۶
۲۷	کرامت حضرت ربیعؓ	۹۳	۳۹	کرامت حضرت عمران بن حصینؓ	۱۰۷
۲۸	کرامات حضرت علاء بن حضرمیؓ	۹۵	۴۰	کرامت حضرت حارث بن کلدہؓ	۱۰۸
۲۹	کرامات حضرت زید بن خارجہؓ	۹۷	۴۱	کرامت حضرت بلال بن امیہؓ	۱۰۹
۳۰	کرامت حضرت ابو واقد لیثیؓ	۹۹	۴۲	کرامت حضرت خالد بن ولیدؓ	۱۰۹
۳۱	کرامت حضرت سہل بن حنیفؓ	۹۹	۴۳	کرامت حضرت عامر بن فہیرہؓ	۱۱۰
۳۲	کرامت حضرت ابو بصرہ غفاریؓ	۱۰۰	۴۴	کرامت ایک جن صحابی	۱۱۱

تقریظ

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بعد حمد و صلوٰۃ میں نے اس رسالہ کو خود مؤلف (مولوی سید احمد حسن صاحب سلمہ و نعمہ) سے حرفاً حرفاً سنا اور جا بجا ضروری اور مفید مشوروں سے متفق طور پر کمی و بیشی کی گئی، اس کتاب سے میرا دل اس لئے زیادہ خوش ہوا کہ اس مضمون کو مدت ہوئی ضروری سمجھ کر خود لکھنا چاہا تھا مگر ہجوم مشاغل سے وقت نہ ملا تو اس ضرورت کو پوری ہوتے دیکھ کر جسقدر خوشی ہو تھوڑی ہے اللہ تعالیٰ اسکو نافع فرمائیں۔

ناظرین ترجمہ میں طرز جدید یعنی غلبۂ اتباعِ محاورہ کا انتظار نہ فرماویں مقصود پر نظر رکھنا چاہئے، میرے خیال میں اتباعِ محاورہ میں لسان منقول الیہ کی رعایت ہے اور لفظی ترجمہ میں زبان منقول عنہ کی حلاوت ہے کہ اس میں اصل کا لطف آجاتا ہے

وللناس فیما یعشقون مذاہب

۲۹ر جمادی الاخریٰ سنہ ۱۳۳۳ ہجری

از مؤلف

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ
اَنْفُسِنَا وَسَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ
وَمَنْ یُّضْلِلْہُ اللّٰہُ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ
وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ
وَکُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ۔

امابعد! پس گذارش کرتا ہے افقر العبید الی رحمۃ العلی الکبیر سید احمد حسن سنبھلی حنفی چشتی اہل فہم و بصیرت کی خدمت میں کہ نصوص قطعیہ و سنن نبویہ سے یہ امر یقینًا ثابت ہو چکا ہے کہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم وارضاہم تمام امت محمدیہ سے افضل ہیں[۱] اور اہل تحقیق کا اس امر پر اجماع ہے کہ کوئی ولی اگرچہ وہ اعلیٰ رتبے پر ہو کسی ادنیٰ صحابی کے رتبے کو نہیں پہنچ سکتا اور یہ برکت ہے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صحبت بابرکت کی وہ صحبت مبارک کہاں سے آوے جس سے اطلب کو صحابہ کا درجہ حاصل ہو۔ ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء مگر باوجود اس کے اس زمانہ میں اکثر عوام کو دیکھا جاتا ہے کہ جسقدر اعتقاد ان کو پچھلے صلحا اور اولیاء کے ساتھ ہے

---

[۱] رواہ مسلم واحمد وغیرہما ۱۲

اس کا نصف بھی صحابہؓ سے نہیں جہاں تک غور کیا گیا اس کی وجہ صرف یہ سمجھ میں آئی کہ ان لوگوں نے کمال کو کرامات و خوارق عادات میں منحصر سمجھ لیا ہے اور حضرات صحابہ کی کرامتیں کم سنی گئی ہیں اس وجہ سے ان حضرات کو اس درجہ کا صاحب کمال نہ سمجھا کہ جس درجہ کے کہ وہ حضرات باکمال تھے اسی لئے اعتقاد میں بھی کمی ہوئی ہر چند کہ محققین صوفیہ کی تصریح سے بار بار ثابت ہو چکا ہے کہ کمال حقیقی اور چیز ہے کشف و کرامت کی اس کے روبرو کچھ حقیقت نہیں اور وہ چیز استقامت علی الدین ہے جیسا کہ کہا گیا ہے الاستقامۃ فوق الکرامۃ اور صحابہؓ کا شریعت ظاہرہ اور طریقہ باطنہ اور اعلیٰ زینہ میں مستقیم ہونا کس کو معلوم نہیں اور اس مضمون کو تحقیق اور تفصیل کے ساتھ حضرت مجدد الامۃ مصلح الملۃ علامۂ زمان قطب دوران مولانا حافظ حاجی شاہ محمد اشرف علی صاحب نے کرامات امدادیہ میں اچھی طرح ادا فرمایا ہے اس جگہ مختصر عرض کیا جاتا ہے کیونکہ یہاں اصل مقصود نقل کرامات صحابہ ہے۔ اور بس اور استقامت کو کرامات معنویہ کہتے ہیں۔ فی الواقع حقیقی اور مقصود کرامت یہی ہے۔ چنانچہ حضرت سید الطائفہ جنید بغدادی قدس سرہ کی خدمت میں ایک شخص دس سال رہا اور دس سال کے بعد عرض کیا کہ حضرت میں نے آپ سے کسی کرامت کا صدور نہیں دیکھا حضرت جنید قدس سرہ نے جوش میں آکر فرمایا کہ اس مدت میں مجھ سے کوئی گناہ بھی دیکھا! عرض کیا نہیں فرمایا اس سے بڑھ کر کیا کرامت ہوگی

؎ یعنی دین پر سیدھا رہنا اور اس کو مضبوط پکڑنا اور گناہوں کی لغزش سے باز رہنا ۱۲ منہ

یہ تھے اہل علم اور اہل تصوف اور اہل تحقیق کہ بالکل قرآن مجید
کے مطابق جواب ارشاد فرمایا حق تعالیٰ فرماتا ہے۔ اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ
اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ یعنی بے شبہ بڑی کرامت و عظمت والا تم میں کا اللہ
کے نزدیک وہ جو تم میں زیادہ پرہیزگار ہے۔ معلوم ہوا کہ مدار تقرب
فقط تقویٰ ہے لا غیر دوسرے یہ کہ اکثر خوارق ثمرہ کثرت مجاہدہ و
ریاضت کا ہوتے ہیں اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو بوجہ کمال قابلیت
و قوت فطرت و برکت صحبت حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے
زیادہ ریاضت کی حاجت نہیں ہوئی اس لئے خوارق کا بکثرت ان حضرات سے
صادر ہونا تعجب کی بات نہیں۔ تیسرے[1] بقول حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ
اللہ علیہ کرامت کا ظہور تقویت یقین اہل زمانہ کے لئے ہوتا ہے چونکہ بہ برکت
قرب زمانہ جناب رسول مقبول ﷺ خیر القرون میں یقین و ایمان کمال درجہ حاصل تھا
اس لئے اس حجت و دلیل کی چنداں حاجت نہ تھی جوں جوں زمانہ برکت مآب
علیہ الصلوٰۃ والسلام دور ہوتا گیا برکات میں کمی پیدا ہوتی گئی اور ایمان میں
ضعف ہوتا گیا۔ برہان تقویت کا ظہور قرین حکمت ہوا یہاں سے یہ بھی ثابت
ہوا کہ اقرب الی السنۃ وہی حالت ہے جو صحابہؓ کی حالت تھی۔
اس لئے کہ وہاں ضعف ایمان نہ تھا جس کی تقویت کی حاجت ہوتی
اور ظاہر ہے کہ یہ حاجت اقرب الی السنۃ ہے۔
چوتھے صحابہؓ کے واقعات نقل کرنے میں محدثین نے صحت روایت

[1] بالقول اور وہ جملہ نہا فی نی صدوص الاولیا یحییٰ و حنبل صدا محمد ابوہ ہ منہ

کی بہت سخت شرطیں مقرر کیں اور اس قدر اہتمام کیا کہ تا بمقدور
احوالِ صحیحہ سے اطلاع ہو اور رطب و یابس اقوال سے اعلیٰ درجہ کا پرہیز کیا بخلاف
حکایات اولیائے متاخرین کے کہ ان کے نقل کرنے میں اس قدر احتیاط
اور تحقیق نہیں کی گئی اور شدت شرائط صحت کے لئے قلت روایات
امر لازم ہے نیز چونکہ اصل مقصود دین میں احکام ہیں اس لئے بھی محدثین
نے بہ نسبت نقل حکایات کے روایت سنن کا زیادہ اہتمام فرمایا مگر چونکہ
یہ دو وجوہ بعض عوام کے لئے تسلی بخش نہیں ہیں تاوقتیکہ ان کو کچھ کرامتیں صحابہ
کرام کی بھی نہ بتلائی جاویں اس لئے حسب ارشاد فیض بنیاد حضرت والا درجت
مجدد دوراں قطب زماں سیدی و محبوبی و مرشدی مولوی شاہ اشرف
علی صاحب اس احقر نے اس کام کو شروع کیا حق تعالیٰ بطریق احسن
تمام فرماوے ناظرین سے حسبۃً للہ اپنے واسطے دعائے مغفرت
و حصول مقاصد کا طالب ہوں واضح ہو کہ اس کتاب کا خطبہ عرصہ ہوا کہ
حضرت والا نے تحریر فرمایا تھا اور ایک صاحب سے کچھ متفرق مضامین
بھی جمع کرائے تھے لیکن بوجہ عدم الفرصتی حضرت کے دست مبارک
پھر یہ کام نہ ہو سکا - اس خطبہ میں بھی بہت سے مضامین خطبۂ مذکورہ
کے با اختصار و تغیر مناسب بندہ نے درج کئے ہیں۔

وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْہِ اُنِیْبُ ربنا
رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

کرامات افضل الاولیاء حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

۱۰، أَخْرَجَ مَالِكٌ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ نَحَلَهَا جَادَّ عِشْرِيْنَ وَسْقًا
مِنْ مَالِهِ بِالْغَابَةِ فَلَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ قَالَ يَا بُنَيَّةُ وَاللهِ مَا مِنَ النَّاسِ
أَحَدٌ أَحَبُّ إِلَيَّ غِنًى مِنْكِ بَعْدِي وَلَا أَعَزُّ عَلَيَّ فَقْرًا بَعْدِي مِنْكِ وَإِنِّي كُنْتُ
نَحَلْتُكِ جَادَّ عِشْرِيْنَ وَسْقًا فَلَوْ كُنْتِ جَدَدْتِيْهِ وَاحْتَزْتِيْهِ كَانَ
لَكِ وَإِنَّمَا هُوَ الْيَوْمَ مَالُ وَارِثٍ وَإِنَّمَا هُمَا أَخَوَاكِ وَأُخْتَاكِ فَاقْتَسِمُوْهُ
عَلَى كِتَابِ اللهِ قَالَتْ يَا أَبَتِ وَاللهِ لَوْ كَانَ كَذَا وَكَذَا لَتَرَكْتُهُ إِنَّمَا هِيَ
أَسْمَاءُ فَمَنِ الْأُخْرٰى قَالَ ذُوْ بَطْنِ ابْنَةِ خَارِجَةَ أُرَاهَا
جَارِيَةً وَأَخْرَجَهُ ابْنُ سَعْدٍ وَقَالَ فِي الْخَبَرِ قَالَ ذَاتُ بَطْنِ ابْنَةِ
خَارِجَةَ قَدْ أُلْقِيَ فِيْ رُوْعِيْ أَنَّهَا جَارِيَةٌ فَاسْتَوْصِيْ بِهَا خَيْرًا فَوَلَدَتْ
أُمَّ كُلْثُوْمٍ (تاریخ الخلفاء ص۶۶ مطبوعہ مطبع السلطانی لکھنو)

ترجمہ۔ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت
کی ہے کہ حضرت صدیق اکبرؓ نے جناب عائشہؓ کو بیس وسق (یعنی ساٹھ
صاع تقریباً پانچ من) کھجوریں جو درختوں پر لگی تھیں۔ ہبہ کی تھیں اور اپنی وفات
سے پہلے ہی فرمایا۔ اے میری پیاری بیٹی!! مال و دولت کے بارے میں
مجھے تم سے زیادہ کوئی پیارا نہیں اور مجھے تمہاری حاجتمندی بھی ناپسند ہے
اور یہ بیس وسق کھجوریں میں نے تمہیں ہبہ کی تھیں۔ اگر تم نے
انہیں توڑ کر اکٹھا کر لیا ہوتا تو وہ تمہاری مملوکہ ہو جاتیں لیکن اب وہ

تمام دونوں کا مال ہے جس میں تمہارے دو بھائی اور تمہاری دو بہنیں
شریک ہیں۔ بس اس کو تم قرآن کریم کے احکام کے موافق تقسیم کر لو۔

جس پر حضرت عائشہؓ نے کہا۔ ابا جان!! اگر وہ بہت زیادہ بھی ہوتا تو
تب بھی میں اس ہبہ سے دست بردار ہو جاتی لیکن یہ تو فرمائیے کہ میری
بہن تو صرف ۱۰۰ اسماء ہے یہ دوسری کون ہے۔

حضرت صدیق اکبرؓ نے جواب دیا کہ بنت خارجہ کے پیٹ میں
مجھے لڑکی دکھائی دے رہی ہے۔

اس واقعہ کو ابن سعدؓ نے اسطرح روایت کیا ہے کہ بنت خارجہ
کے پیٹ کی لڑکی کو میرے دل میں القاء کیا گیا ہے۔ یعنی میری بیوی
بنت خارجہ کے پیٹ میں لڑکی ہی ہے۔ بس میری اسی نصیحت وصیت
کو قبول کرو۔ بالآخر جناب ام کلثوم پیدا ہوئیں۔

اس وصیت سے سیدنا ابوبکر صدیقؓ کی الہامی کرامت ثابت
ہوتی ہے کہ انھوں نے اپنی بیوی کے پیٹ ہی میں جناب ام کلثوم کے وجود
کو معلوم کر کے حضرت عائشہؓ سے فرمایا کہ تمہاری بہن موجود ہے۔

(۲) أَخْرَجَ أَبُو يَعْلَى عَنْ عَائِشَةَ قِصَّةً وَفِيهَا أَنَّهُ قَالَ رَأَى أَبُو بَكْرٍ
فِي أَيِّ يَوْمٍ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ
قَالَ أَرْجُو فِيمَا بَيْنِي وَبَيْنَ اللَّيْلِ فَتُوُفِّيَ لَيْلَةَ الثُّلَاثَاءِ وَدُفِنَ قَبْلَ أَنْ يُصْبِحَ
(تاریخ الخلفاء ص ۲۳) ترجمہ: ابو یعلیٰؒ نے حضرت عائشہؓ سے ایک قصہ کے ضمن
میں نقل کیا ہے کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے جناب عائشہؓ

دریافت فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے اس دنیا سے کس دن رحلت فرمائی!
انھوں نے کہا، پیر کے دن اس پر آپ نے فکر کیا کہ میں بھی ایک مہلت کے
بعد اسی چیز کا امیدوار ہوں۔ چنانچہ حضرت صدیق اکبرؓ نے منگل کی رات
میں داعی اجل کو لبیک کہا اور صبح ہونے سے پہلے ہی پہلے آپ دفن کئے گئے،
سیدنا صدیق اکبرؓ کی دوسری کرامت ہے کہ آپ نے جو حکم لگایا تھا
اسی وقت وفات پائی، اگرچہ زہوق روح شب میں ہوا لیکن وفات کے مقدمات
یقینیہ دن ہی میں واقع ہوئے جو موت کے حکم میں ہیں۔

(۳) اَخْرَجَ (اَیْ اِبْنُ سَعْدٍ) عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ اَنَّ اَبَا بَکْرٍ لَمَّا
مَاتَ اَرْتَجَّتْ مَکَّۃُ فَقَالَ اَبُوْ قُحَافَۃَ مَا ھٰذَا قَالُوْا مَاتَ ابْنُکَ قَالَ
رُزْءٌ جَلِیْلٌ الخ (تاریخ الخلفاء، ص) ترجمہ۔ جناب ابن سعدؒ نے حضرت
سعید بن المسیب سے روایت کی کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کی وفات کے وقت
مکہ معظمہ تھرتھرا گیا جس پر صدیق اکبرؓ کے والد ماجد جناب ابو قحافہؓ نے فرمایا
یہ زلزلہ کیسا؟ لوگوں نے عرض کیا کہ آپ کے صاحبزادہ نے جام رحلت
نوش فرمایا ہے۔ جس پر جناب ابو قحافہؓ نے فرمایا یہ تو بڑی سخت مصیبت آن پڑی۔
آپ لوگوں نے دیکھا کہ مکہ معظمہ کانپا، تھرایا اور زلزلہ پذیر ہو کر آپ کی
کرامت کا ظہور رہا۔

(۴) عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ بَکْرٍ فِیْ قِصَّۃٍ طَوِیْلَۃٍ فَدَعَا (اَیْ اَبُوْ بَکْرٍ)
بِالطَّعَامِ فَاَکَلَ وَاَکَلْنَا فَجَعَلُوْا لَا یَرْفَعُوْنَ لُقْمَۃً اِلَّا رَبَتْ مِنْ اَسْفَلِھَا
اَکْثَرُ مِنْھَا فَقَالَ لِامْرَاَتِہٖ یَا اُخْتَ بَنِیْ فِرَاسٍ مَا ھٰذَا قَالَتْ

قُرَّةِ عَيْنِيْ لَهِيَ الْآنَ اَكْثَرُ مِنْهَا قَبْلَ ذٰلِكَ بِثَلٰثِ مِرَارٍ فَاَكَلُوْا وَبَعَثَ بِهَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذُكِرَ اَنَّهٗ اَكَلَ مِنْهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (مشکوٰۃ شریف مطبوعہ اصح المطابع لکھنؤ ص۵۴۲ ج۲) ترجمہ۔ حضرت عبدالرحمن بن ابو بکرؓ سے ایک بڑے قصہ میں منقول ہے کہ ایک مرتبہ حضرت صدیق اکبرؓ نے مہمانوں کی دعوت کی اور خود بھی شریک طعام تھے جس میں ہر شخص یہ محسوس ہو رہا تھا اور مشاہدہ میں بھی آ رہا تھا کہ ہر لقمہ اٹھانے کے بعد کھانا پہلے سے بھی زیادہ بڑھتا جاتا گویا اور پیدا ہو جاتا۔ سیدنا صدیق اکبرؓ نے اپنی بیوی سے (جو بنی فراس کے قبیلہ کی تھیں) فرمایا، اے ہمشیرہ بنی فراس یہ کیا معاملہ ہے؟ انھوں نے جواباً عرض کیا۔ اے آنکھوں کی ٹھنڈک اس وقت تو یہ کھانا پہلے سے تین گنا زیادہ ہے۔ چنانچہ مہمان سبھوں نے خوب یہ کھانا کھایا اور رسالتمآبؐ کی خدمت میں بھی روانہ کیا جسے حضور ہادیٔ کلؐ نے بھی نوش جان فرمایا (متفق علیہ) سیدنا صدیق اکبرؓ کی نیک نیتی اور برکت کا طفیل تھا بلکہ آپ کی کرامت کا ادنیٰ ظہور تھا کہ تھوڑا سا کھانا تمام مہمانوں نے کھایا جس

(۵) عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَبِيْ بَكْرٍ فَرَاٰى ثَرِيْدًا فَخَرَجَ مِنْ عِنْدِهٖ فَدَخَلَ عَلٰى عَائِشَةَ يُخْبِرُهَا بِاَمْرِ اَبِيْ بَكْرٍ اِذْ دَخَلَ اَبُوْ بَكْرٍ يَسْتَاْذِنُ فَقَالَتْ عَائِشَةُ اَبِيْ يَدْخُلُ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَعَجِّبٌ لِمَا عَجَّلَ اللّٰهُ فِيْهِ مِنَ الْعَافِيَةِ فَقَالَ مَا هُوَ اِلَّا اَنْ خَرَجْتُ مِنْ عِنْدِكَ فَعُرِضْتُ فَاَتَانِيْ جِبْرِيْلُ فَسَعَطَنِيْ سَعْطَةً فَقُمْتُ وَقَدْ بَرِئْتُ مَعًا [illegible] (قرۃ العینین ص۱۴ مجتبائی)۔

ترجمہ محمد بن المنکدر سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضور پر نور سرکار دوعالم نے حضرت ابو بکر صدیق کی عیادت کے لئے شدید مرض کے زمانہ میں قدم رنجہ فرمایا۔ رسول اللہ نے صدیق اکبر کو بیمار دیکھا اور پھر اس بیماری کی اطلاع کے لئے حضرت عائشہ کے پاس گئے اور ان سے صدیق اکبر کی علالت کو بیان ہی فرما رہے تھے کہ عین اسی وقت صدیق اکبر نے ہادی کل کے در دولت پر حاضر ہو کر اندر آنے کی اجازت چاہی جس پر حضرت عائشہ نے کہا ابا جان تو آ رہے ہیں۔ اس پر حضور رحمۃ للعالمین اس بات سے کہ شافی مطلق نے اتنی جلد اچھا کر دیا تعجب فرمایا۔ صدیق اکبر نے کہا کہ حضور جلد ہی میرے پاس سے نکلے جبریل امین نے آ کر مجھے ایک دوا سونگھائی اور میں تندرست ہو گیا۔ اس واقعہ کو ابن ابی الدنیا اور ابن عساکر نے بھی بیان کیا ہے۔

حضرت صدیق اکبر کی یہ کرامت بھی آپ نے دیکھی کہ ایک ہی لمحہ بیماری سے صحت یاب ہو گئے اور حضرت جبریل کے ذریعہ احکامات الٰہی کو حاصل کر لیا۔

(۶) عَنْ اَبِیْ جَعْفَرٍ قَالَ کَانَ اَبُوْ بَکْرٍ یَسْمَعُ مُنَاجَاةَ جِبْرِیْلَ لِلنَّبِیِّ ﷺ یُکَلِّمُہٗ وَلَا یَرَاہُ ابْنُ اَبِیْ دَاؤدَ فِی الْمَصَاحِفِ کَذَا فِی ابْنِ عَسَاکِرَ (کنز العمال جلد ۶ ص ۳۱۲ مطبوعہ حیدرآباد) ترجمہ ابو جعفر سے روایت کی گئی ہے کہ سرکار دوعالم اور جبریل امین کی سرگوشیوں کو سیدنا ابو بکر صدیق سنتے تھے اور ہمیشہ ان کو دیکھتے نہیں تھے۔

اس کو مصنف میں بھی ابو داؤد نے لکھا ہے اور حافظ محدث ابن عساکر نے بھی بیان کیا ہے۔

(۵) فِي قِصَّةِ الْحُدَيْبِيَّةِ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَأَتَيْتُ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ أَلَسْتَ نَبِيَّ اللّٰهِ حَقًّا قَالَ بَلَى قُلْتُ أَلَسْنَا عَلَى الْحَقِّ وَعَدُوُّنَا عَلَى الْبَاطِلِ قَالَ بَلَى قُلْتُ فَلِمَ نُعْطِي الدَّنِيَّةَ فِي دِينِنَا إِذًا قَالَ إِنِّي رَسُولُ اللّٰهِ وَلَسْتُ عَاصِيَهُ وَهُوَ نَاصِرِي قُلْتُ أَوَلَيْسَ كُنْتَ تُحَدِّثُنَا أَنَّا سَنَأْتِي الْبَيْتَ وَنَطُوفُ بِهِ قَالَ بَلَى أَفَأَخْبَرْتُكَ أَنَّكَ تَأْتِيهِ الْعَامَ قُلْتُ لَا قَالَ فَإِنَّكَ آتِيهِ وَمُطَّوِّفٌ بِهِ قَالَ فَأَتَيْتُ أَبَا بَكْرٍ فَقُلْتُ يَا أَبَا بَكْرٍ أَلَيْسَ هَذَا نَبِيَّ اللّٰهِ حَقًّا قَالَ بَلَى قُلْتُ أَلَسْنَا عَلَى الْحَقِّ وَعَدُوُّنَا عَلَى الْبَاطِلِ قَالَ بَلَى قُلْتُ فَلِمَ نُعْطِي الدَّنِيَّةَ فِي دِينِنَا إِذًا فَقَالَ أَيُّهَا الرَّجُلُ إِنَّهُ رَسُولُ اللّٰهِ وَلَنْ يَعْصِيَ رَبَّهُ وَهُوَ نَاصِرُهُ فَاسْتَمْسِكْ بِغَرْزِهِ فَوَاللّٰهِ إِنَّهُ عَلَى الْحَقِّ فَقُلْتُ أَلَيْسَ كَانَ يُحَدِّثُنَا أَنَّا سَنَأْتِي الْبَيْتَ وَنَطُوفُ بِهِ قَالَ بَلَى أَفَأَخْبَرَكَ أَنَّكَ تَأْتِيهِ الْعَامَ قُلْتُ لَا قَالَ فَإِنَّكَ آتِيهِ وَمُطَّوِّفٌ بِهِ قَالَ عُمَرُ فَعَمِلْتُ لِذَلِكَ أَعْمَالًا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ و تیسیر مطبوعہ نولکشور ص۵ جلد ۲

ترجمہ۔ صلح حدیبیہ سے متعلق مذکور ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں سرور عالم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر پوچھا یا رسول اللہ ﷺ! کیا آپ اللہ کے سچے رسول ہیں؟ سرکار ﷺ نے فرمایا ہاں ہوں۔ پھر میں نے کہا کیا ہم حق پر نہیں؟ اور ہمارے دشمن . . . .

باطل پر نہیں؟ آپ نے فرمایا ہاں ہیں۔ پھر میں نے عرض کیا تو ہم اب اپنے
دین کے بارے میں ذلت کیوں گوارا کریں۔ یعنی جبکہ ہم حق اور سچائی پر قائم
ہیں تو وہ صلح جو مسلمنا کرلی گئی ہے اسے برقرار کیوں رکھیں اس پر سرکار دو عالم ﷺ
کا ارشاد ہوا میں اللہ کا رسول ہوں اور اس کی نافرمانی نہیں کرتا وہ ہماری امداد
کرنے والا ہے اور انجام کار ہمیں غلبہ دے گا۔ پھر میں نے کہا کہ آپ نے ہم سے
کیا یہ نہیں فرمایا تھا کہ ہم عنقریب بیت اللہ آئیں گے اور اسکا طواف کریں
گے۔ اس پر سرکار نے فرمایا ہاں لیکن کیا میں نے تم سے یہ کہا تھا کہ ہم
اسی سال آئیں گے؟ میں نے عرض کیا جی نہیں۔ اس پر سرور عالم ﷺ نے ارشاد
فرمایا یقیناً یہاں آؤ گے اور بیت اللہ کا طواف کرو گے۔ اس کے بعد میں
نے صدیق اکبرؓ کے پاس آکر کہا کہ سرور عالم کیا اللہ تعالیٰ کے سچے
رسول نہیں ہیں؟ انہوں نے جواب دیا۔ بیشک ہیں میں نے کہا کیا ہم
حق و راستی پر اور ہمارے دشمن کج راہی اور باطل پر نہیں ہیں؟ انھوں نے فرمایا
کیوں نہیں میں نے پھر کہا تو اس وقت جبکہ ہم راستی پر ہیں اور مخالف ناحق پر
تو دین کے بارے میں اس صلح کو برقرار رکھ کر ذلت کیوں اختیار کریں؟ جس پر
صدیق اکبرؓ نے جواباً کہا۔ اے مرد خدا! ان سرور عالم ﷺ بلاشک و شبہ
اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور کبھی بھی اللہ تبارک و تعالیٰ کے احکام کے خلاف
کوئی کام نہیں کرتے۔ اللہ تعالیٰ ان کا مددگار ہے۔ اور ان کو غلبہ
دینے والا ہے۔ پس تم ان کے احکام کی سختی سے تعمیل کرتے رہو کیوں کہ اللہ کی
قسم وہ راستی اور حق پر گامزن ہیں پھر میں نے دوبارہ ملاقات کی اور کہا انہوں نے ہم سے

یہ نہیں کہا تھا کہ ہم بیت اللہ آن کر اس کا طواف کریں گے۔ جس پر صدیق اکبرؓ نے جواب دیا کہ سرکار دوعالمؐ نے کیا یہی فرمایا تھا کہ تم اسی سال بیت اللہ جاؤ گے؟ جس پر میں نے کہا نہیں تو۔ پھر صدیق اکبرؓ نے فرمایا تم یقیناً بیت اللہ آؤ گے اور اس کا طواف کرو گے۔

حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ میں نے اس جرأت و بیباقت کے تدارک کے لیے بہت سے نیک اور صالح اعمال کیے۔ جس کو بخاری اور ابوداؤد نے بیان کیا ہے۔

سیدنا صدیق اکبرؓ کا جواب لفظاً بہ لفظ بالکل رسالتمآبؐ کے جواب کے برابر پایا جانا۔ بالعموم لوگوں کی عادتوں کے خلاف ہے اس لئے یہ بھی آپ کی کرامت تصور کی گئی۔ امر واقعہ یہ ہے کہ حضرت ابوبکرؓ صدیق کی نیک نیتی اور برکت کا طفیل تھا بلکہ درحقیقت آپ کی کرامت تھی کہ اپنی کرامتوں اور خرق العادت کاموں کو دوسروں پر واضح الفاظ میں بیان نہیں فرماتے تھے بلکہ خود کو ادنیٰ بندہ کہتے اور اکثر اوقات اپنے اقوال و کردار سے کرامتوں کا اظہار فرماتے تاکہ تمام لوگ اسلام کے حلقہ بگوش ہو جائیں۔

کرامات خلیفہ دوم فاروق اعظم سیدنا عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ

(۸) اَخْرَجَ الْبُخَارِی عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَقَدْ کَانَ فِیْمَا قَبْلَکُمْ مِنَ الْاُمَمِ نَاسٌ مُحَدَّثُوْنَ فَاِنْ یَکُنْ فِیْ اُمَّتِیْ اَحَدٌ فَاِنَّہٗ عُمَرُ اَیْ مُلْهَمُوْنَ (تاریخ الخلفاء ص۸۰) وَاَخْرَجَ الطَّبْرَانِیُّ فِی الْاَوْسَطِ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ ن الْخُدْرِیِّ مَرْفُوْعًا فِیْ حَدِیْثٍ طَوِیْلٍ وَاِنَّہٗ لَمْ یَبْعَثِ اللّٰہُ نَبِیًّا اِلَّا کَانَ فِیْ اُمَّتِہٖ مُحَدَّثٌ وَاِنْ یَکُنْ فِیْ اُمَّتِیْ مِنْهُمْ اَحَدٌ فَهُوَ عُمَرُ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ کَیْفَ مُحَدَّثٌ قَالَ تَتَکَلَّمُ الْمَلٰئِکَةُ عَلٰی لِسَانِہٖ اِسْنَادُہٗ حَسَنٌ (تاریخ الخلفاء ص۸۰)

امام بخاریؒ نے حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کی ہے کہ سرور عالمؐ نے ارشاد فرمایا پہلی امتوں میں ایسے لوگ تھے جن کے دل میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے باتیں القا کر دی جاتی تھیں یعنی انھیں الہام ہوتا تھا، اور میری ملت میں اگر کوئی ایسا شخص ہے تو وہ عمرؓ ہیں۔ نیز علامہ طبرانیؒ نے کتاب اوسط میں جناب ابوسعید خدریؓ کے ذریعہ ایک لمبی مرفوع حدیث کے تحت بیان کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جس امت پر کوئی نبی بھیجا تو اس امت میں کوئی نہ کوئی ملہم ضرور ہوتا تھا یعنی اس نبی کی آمد سے قبل اس امت میں ایسی شخصیت ضرور ہوتی تھی جس پر پروردگار عالم کی طرف سے الہام ہوتے تھے۔ اور اگر الہام من اللہ سے سرفراز ہونے والا کوئی شخص میری ملت میں ہے تو وہ عمرؓ ہیں

صحابہؓ کے اس استفسار پر کہ محدث و ملہم کی کیفیت کیا ہوتی ہے۔
رحمۃ للعالمینؐ نے فرمایا اس کی زبان پر فرشتے بولتے ہیں یعنی اس شخص ملہم
کی کیفیت ہوتی ہے کہ فرشتے اس سے جو کچھ کہتے ہیں وہ فرشتوں کی کہی ہوئی
باتوں کو انسانوں سے کہہ دیتا ہے۔ اور کوئی بات اپنی طرف سے کسی سے بھی
نہیں کہتا۔ اس حدیث کی سند حسن یعنی معتبر ہے۔

ان دونوں حدیثوں سے حضرت فاروق اعظمؓ کا صاحب الہام ہونا
آپ کی کرامت کو ظاہر کرتا ہے۔ اور ان دونوں حدیثوں میں لفظ اِنْ یَّکُنْ
یعنی اگر کا لفظ اس لئے لایا گیا ہے تاکہ انتہائے وثوق ظاہر ہو اور کلام میں
قوت پیدا ہو۔ جیسے کوئی شخص اپنے کسی دوست سے یوں کہے اگر دنیا میں
میرا کوئی ایک ہے تو تم ہو۔ اس جملہ سے کسی سمجھدار کو اس کی یاری اور دوستی میں
وہم اور شک پیدا نہیں ہوتا بلکہ بے انتہا دوستی کو ظاہر کرتا ہے۔
چونکہ پہلی امتوں میں صاحبان الہام ہوا کرتے تھے تو ملت اسلامیہ جو باعتبار
فضل افضل تر ہے۔ اس نعمت الہام سے زیادہ تر مشرف ہوئی۔ ان
دونوں حدیثوں میں کوئی نقطہ تک ایسا نہیں جو حضرت عمرؓ کے سوائے
دوسرے پر منحصر اور دلالت کرتا ہو۔ حضرت صدیق اکبرؓ کا صاحب الہام ہونا
پہلے بیان کیا جا چکا ہے جو بالکل صحیح ہے اور فاروق اعظمؓ پر الہامات
کی بارش آپکے اوصاف حمیدہ کیساتھ متصف ہے۔ نیز ہر شخص پر واضح ہے
کہ تقریباً بیس مقامات ایسے ہیں جہاں فاروق اعظمؓ کی رائے فرمان پروردگار
کے عین موافق تھی جن کا تذکرہ قرآن کریم اور احادیث میں موجود ہے۔

تفصیل کے لئے تاریخ الخلفاء صفحات (۸۷ تا ۸۹) دیکھئے

(۹) اَخرَجَ التِرمِذِیُّ عَن عَائِشَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنھَا قَالَت قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ اِنِّی لَاَنظُرُ اِلٰی شَیَاطِینِ الجِنِّ وَالاِنسِ قَد فَرُّوا مِن عُمَرَ (تاریخ الخلفاء ص) وَاَخرَجَ اَحمَدُ مِن طَرِیقِ بُرَیدَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الشَّیطٰنَ لَیَفرَقُ مِنکَ یَا عُمَرُ (ص تاریخ الخلفاء) ترجمہ۔ امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے جناب عائشہ رض سے روایت کی ہے کہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ البتہ میں نے انسانوں، جنّاتوں اور شیطانوں کو دیکھا کہ وہ عمرؓ کے خوف سے بھاگ گئے (تاریخ الخلفاء ص) امام احمدؒ نے حضرت بریدہ رضؓ کی سند سے روایت کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ اے عمرؓ البتہ تم سے شیطان تک ڈرتا ہے (تاریخ الخلفاء ص)

(۱۰) عَن اِبنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ قَالَ وَجَّہَ عُمَرُ جَیشًا وَرَاَّسَ عَلَیھِم رَجُلًا یُدعٰی سَارِیَۃَ فَبَینَمَا عُمَرُ یَخطُبُ جَعَلَ یُنَادِی یَا سَارِیَۃُ الجَبَلَ ثَلٰثًا ثُمَّ قَدِمَ رَسُولُ الجَیشِ فَسَاَلَہُ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ فَقَالَ یَا اَمِیرَ المُؤمِنِینَ ھُزِمنَا فَبَینَا نَحنُ کَذٰلِکَ اِذ سَمِعنَا صَوتًا یُنَادِی یَا سَارِیَۃُ الجَبَلَ ثَلٰثًا فَاَسنَدنَا ظُھُورَنَا اِلَی الجَبَلِ فَھَزَمَھُمُ اللّٰہُ قَالَ قِیلَ لِعُمَرَ اِنَّکَ کُنتَ تَصِیحُ بِذٰلِکَ وَذٰلِکَ الجَبَلُ الَّذِی کَانَ سَارِیَۃُ عِندَہُ بِنَھَاوَندَ مِن اَرضِ العَجَمِ قَالَ ابنُ حَجَرٍ فِی الاِصَابَۃِ اِسنَادُہُ حَسَنٌ (تاریخ الخلفاء ص

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ فاروق اعظمؓ نے جناب ساریہ کی قیادت میں جہاد کی غرض سے ایک لشکر روانہ فرما دیا تھا۔

حضرت فاروق اعظمؓ ایک دن خطبہ پڑھ رہے تھے کہ اپنے اسی لکچر کے دوران میں فرمانے لگے۔ اے ساریہ پہاڑ کی طرف ہٹ جا آپ نے تین دفعہ اسی طرح فرمایا کیونکہ پہاڑ کی طرف ہٹ جانے سے مسلمانوں کے غالب ہو جانے کی امید تھی۔ جب تھوڑے دنوں بعد اس فوج کا قاصد آیا تو فاروق اعظمؓ نے اس سے لڑائی کا حال پوچھا۔

قاصد نے عرض کیا۔ اے امیرالمومنین ایک دن شکست کھانے ہی والے تھے کہ ہمیں ایک آواز سنائی دی جیسے کوئی پکار کر کہہ رہا ہے کہ اے ساریہ پہاڑ کی طرف ہٹ جا اس آواز کو ہم نے تین مرتبہ سنا اور ہم نے پہاڑ کی طرف پیٹھ کر کے سہارا لیا ہی تھا کہ اللہ تعالیٰ نے ان مشرکین کو شکست فاش دی۔ حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ لوگوں نے فاروق اعظمؓ سے کہا جبھی تو آپ جمعہ کے دن خطبہ کے درمیان اسی لئے چیخ رہے تھے۔ اور یہ پہاڑ جہاں جناب ساریہ اور ان کی فوج تھی مشرق کے شہر نہاوند میں تھا۔

ابن حجر نے اصابہ میں اس کو حدیث معتبر قرار دیا ہے

(۱) عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لِرَجُلٍ مَا اسْمُكَ قَالَ جَمْرَةُ قَالَ ابْنُ مَنْ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ قَالَ مِمَّنْ قَالَ مِنَ الْحُرَقَةِ قَالَ أَيْنَ مَسْكَنُكَ قَالَ الْحَرَّةُ قَالَ بِأَيِّهَا قَالَ بِذَاتِ لَظًى فَقَالَ عُمَرُ أَدْرِكْ

أهلك فقيل احترقوا فرجع الرجل فوجد أهله قد احترقوا
أخرجه أبو القاسم بن بشران في فوائده ومالك في الموطا
عن يحيى بن سعيد نحوه وأخرجه ابن دريد في الأخبار المشهو
رة وابن الكلبي في الجامع وغيرهم (تاريخ الخلفاء، صـ) ترجمہ

حضرت ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ حضرت فاروق اعظمؓ نے ایک شخص
سے اس کا نام دریافت کیا۔ اس نے کہا جمرہ (یعنی چنگاری) پھر آپ نے
استفسار فرمایا کہ تمہارے باپ کا نام؟ اس نے جواب دیا ابن شہاب
(یعنی شعلہ) پھر آپ نے پوچھا تم کس قبیلہ کے فرد ہو؟ اس نے کہا حرقہ
(یعنی سوزش) پھر آپ نے فرمایا تمہاری بود و باش کی جگہ کہاں ہے؟ اس نے
جواب دیا حرہ (یعنی گرمی) اور دوبارہ دریافت کیا کہ حرہ کے کس حصہ میں
سکونت پذیر ہو؟ اس شخص نے کہا کہ ذات لظی (یعنی شعلہ والا) میں
اس پر حضرت فاروق اعظمؓ نے ارشاد فرمایا۔ جا اپنے کنبہ کی
خبر لے کہ وہ سب جل کر سوختہ ہو گئے۔ چنانچہ اس آدمی نے لوٹ کر اپنے
کنبہ والوں کو سوختہ سامان پایا۔

اس نادر واقعہ کو ابوالقاسم بن بشران نے فوائد میں اور جناب
مالکؒ نے بروایت یحییٰ بن سعید موطا میں اور ابن درید نے اخبار مشہور
ہ میں اور ابن کلبی نے جامع میں بیان کیا ہے۔

(۱۵) أخرج ابن عساكر عن طارق بن شهاب قال إن كان الرجل
ليحدث عمر بالحديث فيكذبه الكذبة فيقول احبس هذه

ثُمَّ يُحَدِّثُهُ بِالْحَدِيثِ فَيَقُولُ اُحْبِسْ هٰذِهِ فَيَقُولُ لَهُ كُلُّ مَا حَدَّثْتُكَ حَقٌّ اِلَّا مَا اَمَرْتَنِيْ اَنْ اَحْبِسَهُ. وَاَخْرَجَ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ اِنْ كَانَ اَحَدٌ يَعْرِفُ الْكِذْبَ اِذَا حُدِّثَ بِهِ فَهُوَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ

(تاریخ الخلفاء صفحہ ۹۱ باب کرامات عمرؓ) ترجمہ۔ جناب ابن عساکرؒ نے حضرت طارقؓ بن شہاب سے روایت کی ہے کہ ایک شخص تھا جو دوران گفتگو میں حضرت فاروق اعظمؓ سے جب کوئی خاص جھوٹی بات کہتا تو آپ فرماتے اس بات کو یاد رکھنا۔ پھر باتیں کرنے لگتا اور پھر جب کوئی جھوٹ بات کہتا تو آپ اس کو ٹوک کر فرماتے اس بات کو بھی یاد رکھنا۔ آخر کار اس شخص نے حضرت فاروق اعظمؓ سے کہا کہ میری تمام گفتگو میں جہاں جہاں ٹوک کر آپ نے اس بات کو یاد رکھنا فرمایا ہے بس یہ جھوٹی ہیں اور باقی پوری باتیں ٹھیک اور سچی ہیں۔

حافظ حدیث جناب ابن عساکر نے حضرت حسن بصریؒ سے روایت کی ہے۔ کہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے زمانہ میں جھوٹی بات کو پہچانتا حضرت عمر بن الخطاب کا حق تھا۔

ہر جھوٹی بات کو پہچان لینا یہ آپ کا سچا اور پاک ملکہ در حقیقت کشف فراست تھا جو خرق عادات ہے۔ اور آپ کی کرامتوں کا مظہر ہوا۔

اس شبہ کا جواب کہ بعض عقلمند بھی قرائن سے ایسی باتیں معلوم کر لیتے ہیں جن کو خرق عادات کہا جا سکتا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ عقلمندوں کا اندازہ صرف تخمین قرائن پر مبنی ہوتا ہے۔ اور ان کا قیاس بیشتر اوقات

اس لئے صحیح نہیں ہوتا کہ وہ فراست کشفیہ کے مالک نہیں ہیں۔
اور فراست کشفیہ میں کسی قرینہ کے تحقیق کی حاجت نہیں ہوتی بلکہ ایسے شخص
کو خود بخود ضروری علم حاصل ہو جاتا ہے۔ نیز چونکہ کشف کو شرعی حجت
قرار نہیں دیا گیا ہے اس لئے محض کشف کی بنا پر کسی سے بدگمانی کرنا بھی
جائز نہیں رکھا گیا ہے۔ پس جس صورت میں کشف پر عمل کرنے سے کوئی عذر
شرعی لازم آئے تو ایسے کشف پر عمل نہ کیا جائے بلکہ اسباب ظاہری کی
تحقیق پر جو نتیجہ ہاتھ آئے اس پر کاربند ہونا چاہیے۔

(۱۳) اَخْرَجَ الْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّلَائِلِ عَنْ اَبِي عُذْبَةَ الْحِمْصِيِّ قَالَ
اُخْبِرَ عُمَرُ بِاَنَّ اَهْلَ الْعِرَاقِ قَدْ حَصَبُوْا اَمِيْرَهُمْ فَخَرَجَ غَضْبَانَ
فَصَلّٰى فَسَهَا فِيْ صَلٰوتِهٖ فَلَمَّا سَلَّمَ قَالَ اللّٰهُمَّ اِنَّهُمْ قَدْ لَبَّسُوْا عَلَيَّ
فَالْبِسْ عَلَيْهِمْ وَعَجِّلْ عَلَيْهِمْ بِالْغُلَامِ الثَّقَفِيِّ يَحْكُمُ فِيْهِمْ
بِحُكْمِ الْجَاهِلِيَّةِ لَا يَقْبَلُ مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَلَا يَتَجَاوَزُ عَنْ مُسِيْئِهِمْ
قُلْتُ اَشَارَ بِهٖ اِلَى الْحَجَّاجِ قَالَ ابْنُ لَهِيْعَةَ وَمَا وُلِدَ يَوْمَئِذٍ

(تاریخ الخلفاء، ص۸۹) ترجمہ۔ علامہ بیہقی نے کتاب دلائل میں بروایت
ابی عذبہ حمصی بیان کیا ہے کہ عراقیوں نے اپنے حاکم اعلیٰ کو سنگسار کرنے کی
خبر حضرت فاروق اعظمؓ کو پہنچی تو انکی یہ ناشائستہ حرکت سنکر آپ کو غصہ آیا
اور آپ نے نماز ادا فرمائی جس میں آپ کو سجدہ سہو لازمی ہو گیا آپنے نماز
ختم کرکے دعا کی کہ اے اللہ ان ظالم عراقیوں نے مجھے شبہ میں ڈالدیا
جس سے میری نماز میں سہو ہو گیا۔ اے بار خدایا تو انکو بھی شبہ میں

ڈالدے اور نوعمر ثقفی کی حکومت کو ان پر جلدی سے مسلط کر دے تاکہ ان پر زمانہ جاہلیت جیسی حکومت نظر آئے۔ نیک و بد کی سطلق تمیز نہ کرنے والی رعایا پر یہ نئی حکومت اپنا حکم چلائے اور ان کی برائیوں سے درگذر کرکے ان کی اچھائیوں کو شرف قبول بھی نہ دے۔

علامہ کہتے ہیں کہ اس نئی حکومت حضرت فاروق اعظمؓ کی مراد حجاج سے تھی لیکن ابن لہیعہ کا بیان ہے۔ کہ حجاج اس تاریخ تک پیدا ہی نہیں ہوا تھا۔

حضرت فاروق اعظمؓ کا غصہ کی حالت میں ان ظالم عراقیوں کیلئے بددعا کرنا جس سے بددعا کا غالب گمان واضح ہے کہ یہ بددعا در اصل دعویٰ اور مقابلہ کے عنوان اور طریق پر ہے۔ اور اس صورت میں اس قسم کی دعا کرنا درست اور جائز ہے۔ اور یہ کھلی ہوئی بات ہے۔ کہ آپؓ کی ہر دعا قبول ہونا خرق عادت اور کرامت ہے۔

(۱۴) اَخْرَجَ اِبْنُ سَعْدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ الْجِنَّ نَاحَتْ عَلٰى عُمَرَ (تاریخ الخلفاء ۱۰۳) ترجمہ جناب ابن سعدؓ نے حضرت سلیمان بن یسارؓ سے روایت کی ہے کہ سیدنا فاروق اعظمؓ کی وفات حسرت آیات پر جنات نے بھی اظہار رنج و غم کیا اور نوحہ پڑھا۔

(۱۵) اَخْرَجَ الْحَاكِمُ عَنْ مَالِكِ بْنِ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعَ صَوْتٌ بِجَبَلِ تَبَالَةَ حِيْنَ قُتِلَ عُمَرُ ۔ لِيَبْكِ عَلَى الْاِسْلَامِ مَنْ كَانَ بَاكِيًا فَقَدْ اَوْشَكُوْا هُلْكًا وَمَا قَدُمَ الْعَهْدُ ۔ وَاَدْبَرَتِ الدُّنْيَا وَاَدْبَرَ خَيْرُهَا ۔ وَقَدْ مَلَّهَا مَنْ كَانَ يُوْقِنُ بِالْوَعْدِ ۔ تاریخ الخلفاء صفحہ ۱۰۳

حضرت حاکمؒ نے مالک بن دینارؒ سے روایت کی ہے کہ جس وقت
حضرت عمرؓ مقتول ہوئے تو جبل تبادلہ سے یہ آواز آئی۔
اسلام سے محبت رکھنے والے کو اسلام کی حالت پر رونا چاہیئے۔
اسلامی زمانہ اگرچہ پرانا نہیں ہوا لیکن اہل اسلام بچھڑ گئے اور مسلمانوں
میں ضعیف نمودار ہوگیا۔
دنیا کی اچھائیوں اور دنیا والوں نے اسلام سے منہ موڑ لیا۔
اور جس کو موت کا یقین ہے وہ تو اس دنیا میں طول اور بجیدگی بتا ہے

چونکہ دنیاوی نعمتیں فنا ہونے والی ہیں اور آخرت میں حشر و نشر اور
بقا پیش آنے والی ہے۔ اس لئے اس دنیا میں عقلمندوں کو سکون جامد
جس کو چین اور سکہ کا نام دیا گیا ہے۔ ہرگز ہرگز نہیں مل سکتا۔
جنات کی گریہ وزاری اور ان کے آہ بکا کا سنا جانا نہ صرف عجیب و
غریب امر ہے۔ بلکہ یہ بات خوارق عادات میں داخل ہے۔

(۱۲) أَخْرَجَ أَبُو الشَّيْخِ فِي كِتَابِ الْعَظَمَةِ عَنْ قَيْسِ بْنِ الْحَجَّاجِ عَمَّنْ حَدَّثَهُ قَالَ لَمَّا فُتِحَتْ مِصْرُ أَتَى عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ حِينَ دَخَلَ يَوْمٌ مِنْ أَشْهُرِ الْعَجَمِ فَقَالُوا يَا أَيُّهَا الْأَمِيرُ إِنَّ لِنِيلِنَا هَذَا سُنَّةً لَا يَجْرِي إِلَّا بِهَا قَالَ وَمَا ذَاكَ قَالُوا إِذَا كَانَ اِحْدَى عَشْرَةَ لَيْلَةً تَخْلُو مِنْ هَذَا الشَّهْرِ عَمِدْنَا إِلَى جَارِيَةٍ بِكْرٍ بَيْنَ أَبَوَيْهَا فَأَرْضَيْنَا أَبَوَيْهَا وَجَعَلْنَا عَلَيْهَا مِنَ الثِّيَابِ وَالْحُلِيِّ أَفْضَلَ مَا يَكُونُ

ثُمَّ اَلْقَيْنَاهَا فِيْ هٰذَا النِّيْلِ فَقَالَ لَهُمْ عَمْرٌو وَاِنَّ هٰذَا لَا يَكُوْنُ اَبَدًا فِي الْاِ
سْلَامِ وَاِنَّ الْاِسْلَامَ يَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهٗ فَاَقَامُوْا وَالنِّيْلُ لَا يَجْرِيْ
قَلِيْلًا وَّلَا كَثِيْرًا حَتّٰى هَمُّوْا بِالْجَلَاءِ فَلَمَّا رَاٰى ذٰلِكَ عَمْرٌو كَتَبَ اِلٰى
عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ بِذٰلِكَ فَكَتَبَ لَهٗ اَنْ قَدْ اَصَبْتَ بِالَّذِيْ فَعَلْتَ
وَاِنَّ الْاِسْلَامَ يَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهٗ وَبَعَثَ بِبِطَاقَةٍ فِيْ دَاخِلِ كِتَابِهٖ
وَكَتَبَ اِلٰى عَمْرٍو اِنِّيْ قَدْ بَعَثْتُ اِلَيْكَ بِبِطَاقَةٍ فِيْ دَاخِلِ كِتَابِيْ فَاَلْقِهَا
فِي النِّيْلِ فَلَمَّا قَدِمَ كِتَابُ عُمَرَ اِلٰى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَخَذَ الْبِطَاقَةَ فَفَتَحَهَا
فَاِذَا فِيْهَا مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ عُمَرَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِلٰى نِيْلِ مِصْرَ اَمَّا بَعْدُ
فَاِنْ كُنْتَ تَجْرِيْ مِنْ قِبَلِكَ فَلَا تَجْرِ وَاِنْ كَانَ اللّٰهُ يُجْرِيْكَ فَاَسْاَلُ
اللّٰهَ الْوَاحِدَ الْقَهَّارَ اَنْ يُّجْرِيَكَ فَاَلْقَى الْبِطَاقَةَ فِي النِّيْلِ قَبْلَ
الصَّلِيْبِ بِيَوْمٍ فَاَصْبَحُوْا وَقَدْ اَجْرَاهُ اللّٰهُ تَعَالٰى سِتَّةَ عَشَرَ
ذِرَاعًا فِيْ لَيْلَةٍ وَّاحِدَةٍ فَقَطَعَ اللّٰهُ تِلْكَ السُّنَّةَ عَنْ اَهْلِ مِصْرَ

(تاریخ الخلفاء صفحہ ۱۱۱) ترجمہ حافظ الحدیث ابو الشیخ نے کتاب العظمۃ میں قیس بن حجاج کے ذریعہ بیان کنندہ سے روایت کی ہے۔ کہ مصر فتح ہونے کے بعد عجمی مہینوں میں سے ایک مہینے کی پہلی تاریخ کو ایک وفد نے رئیس مملکت مصر حضرت عمرو بن عاصؓ کی خدمت میں حاضر ہو کر کہا۔

اے امیر المومنین!! ہمارا ایک معمول ہے اور جب تک اس کی تکمیل نہ کر دی جائے ہمارے اس دریائے نیل میں روانی نہیں آتی۔

حضرت عمرو بن عاصؓ نے۔ فرمایا۔ بتاؤ تو تمہارا اصول کیا ہے۔ ان لوگوں نے جواب دیا کہ ہمارا سالانہ دستور یہ ہے کہ ہر سال ایک کنواری نوجوان لڑکی کو جو اپنے والدین کی اکلوتی ہوتی ہے اس کے والدین کو راضی کر لیتے ہیں اور پھر اس کو نہلا دھلا کر اس کو اچھے اچھے کپڑے اور عمدہ سے عمدہ زیورات پہنا کر اور اس کو خوب سجا بنا کر دریائے نیل کی نذر کر دیتے ہیں۔ حضرت عمرو بن عاصؓ نے یہ سب کچھ سن کر فرمایا یہ سب کچھ ایام جاہلیت کی رسوم ہیں۔ اور خدا کی قسم اسلام کے عہد میں تو ہرگز ہرگز ایسا نہیں ہوگا۔ اس لئے کہ اسلام نے زمانہ جاہلیت کے تمام رسوم کو ختم کر دیا ہے۔ چنانچہ مصری خاموش ہو گئے اور اس سال زندہ لڑکیوں کو اس طرح ڈبونے کی رسم ادا نہ ہونے سے دریائے نیل کی روانی رکی رہی۔ دریا کی روانی کو بند دیکھ کر لوگوں نے ترک وطن کا ارادہ کیا حضرت عمرو بن عاصؓ نے ان تمام حالات کی امیر المومنین حضرت فاروق اعظمؓ کو اطلاع دی جنہوں نے جواب میں لکھا کہ اے عمرو بن عاصؓ تم نے جو کچھ کیا درست اور تمہاری رائے بالکل ٹھیک ہے اسلام نے رسوم سابق کو جڑ پیڑ سے اکھاڑ دیا ہے۔ نیز اپنے مکتوب گرامی میں ایک علیحدہ پرچہ رکھ کر حضرت عمرو بن کو عاصؓ کو لکھا کہ تمہارے موسومہ خط میں ہم ایک علیحدہ پرچہ بھیج رہے ہیں اس کو دریائے نیل میں ڈال دینا۔ پس عمرو بن عاصؓ نے اپنے موسومہ خط میں اس علیحدہ پرچہ کو پڑھا جس میں مرقوم تھا از طرف عبداللہ عمرؓ امیر المومنین بنام نیل مصر حمد و صلوٰۃ کے بعد اگر تو بااختیار خود بہتا ہے

تو ہرگز مت چل ۔ اور اللہ تعالیٰ تجھ کو رواں کرتے ہیں خداوند یکتا و زبردست سے دعا کرتا ہوں کہ وہ تجھ کو جاری کر دے ۔۔۔

چنانچہ عمرو بن عاص ؓ نے ستارۂ صلیب نکلنے سے ایک دن پہلے رات کے وقت اس خط کو دریائے نیل میں ڈال دیا ۔ دوسرے دن صبح کو لوگوں نے دیکھا کہ ایک ہی رات میں سولہ ہاتھ اونچا پانی دریائے نیل میں اللہ تعالیٰ نے جاری فرما کر لڑکی ڈباؤ کے دستورِ قدیم کو اہالیانِ مصر سے آج تک کے لئے مسدود و منقطع کر دیا ۔

حرزِ حکمنامہ میں اِنْ کَانَ ۔ یعنی اجرائے آب میں لفظ اگر آئے تو یہ تو کوئی بھی یہ شک نہیں کر سکتا کہ اللہ کے سوائے کوئی اور دوسری طاقت پانی پر قابض ہے بلکہ فاروقِ اعظم ؓ کی اس قسم کی تحریر سے تاکید ثابت ہوتی ہے یعنی اے دریائے نیل تو تو صرف اللہ تعالیٰ کے حکم سے جاری ہے ۔ اس پر تیرا کوئی اقتدار اور اختیار نہیں ہے ۔ از خود جاری مت ہو کر لفظ لکھنا محض زجر و توبیخ اور سرزنش کے لئے تھا وگرنہ ظاہر ہے کہ وہ کسی طرح کی بھی مختار نہیں اور حقیقت یہ ہے کہ جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے تو اس کی دنیا کی ہر چیز ڈرتی ہے ۔ اللہ سے ڈرنے والی شخصیت کی سب پر حکومت ہوتی ہے ۔

(۷) عَنْ یَحْیَی بْنِ اَیُّوْبَ الْخُزَاعِیِّ قَالَ سَمِعْتُ مَنْ یَذْکُرُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ اَنَّہٗ ذَھَبَ اِلٰی قَبْرِ شَابٍّ فَنَادَاہُ یَا فُلَانُ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ

[illegible]

رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ فَاَجَابَهُ الْفَتٰی مِنْ دَاخِلِ الْقَبْرِ یَا عُمَرُ قَدْ اَعْطَانِیْهِمَا رَبِّیْ فِی الْجَنَّةِ مَرَّتَیْنِ وَالْقِصَّةُ بِطُوْلِهَا مَعْهُمْ (ذکرہ ابن عساکر۔ درۃ العینین صفحہ ۱۰۵) ترجمہ یحییٰ بن ایوب خزاعیؒ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن حضرت فاروق اعظمؓ نے ایک نوجوان کی قبر پر جا کر فرمایا کہ جو شخص اپنی زندگی میں پروردگار عالم سے ڈرتا رہا تو اللہ تعالیٰ جنت میں اس کو دو باغ دیگا (ولمن خاف مقام ربہ جنتان یہ سورہ رحمٰن میں موجود ہے۔)

اس نوجوان نے اپنی قبر سے جواب دیا اے فاروق اعظمؓ مجھے تو پروردگار نے ایسے باغ دو مرتبہ عنایت فرمائے ہیں۔

اس دراز قصہ کو حافظ حدیث ابن عساکر نے بھی بیان کیا ہے۔

(۱۸) عَنْ مَعْدَانَ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ فِیْ قِصَّةٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ یَا اَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ قَدْ رَاَیْتُ رُؤْیَا کَاَنَّ دِیْکًا اَحْمَرَ نَقَرَنِیْ نَقْرَتَیْنِ وَلَا اُرٰی ذٰلِكَ اِلَّا لِحُضُوْرِ اَجَلِیْ اَخْرَجَهُ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ۔

(درۃ العینین صفحہ ۱۰۵) ترجمہ حضرت معدان بن ابی طلحہؓ نے ایک واقعہ کے تحت لکھا ہے۔ حضرت فاروق اعظمؓ نے ارشاد فرمایا۔ لوگو سنو!! میں نے خواب میں دیکھا ہے۔ کہ ایک لال مرغوں نے مجھے دو ٹھونگیں ماریں اور اس خواب کی تعبیر میری موت کی قربت ہے۔ اس واقعہ کو ابن ابی شیبہؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

چونکہ یہ خواب الہامی کشف تھا جو آپ کی رحلت سے ثابت ہوا۔ اور یہی آپ کی کرامت کو ظاہر کرتا ہے۔

(۱۹) عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ كُنَّا نَتَحَدَّثُ وَنُحَدِّثُ أَنَّ الشَّيَاطِينَ كَانَتْ مُصَفَّدَةً فِي إِمَارَةِ عُمَرَ فَلَمَّا أُصِيبَ بَثَّتْ رَوَاهُ ابْنُ عَسَاكِرَ (کنز العمال ج ۶ ص [illegible]) ترجمہ حضرت مجاہد فرماتے ہیں ہم آپس میں کہا کرتے تھے کہ امیر المومنین حضرت عمرؓ کی خلافت میں تمام شیطان مقید اور بند تھے لیکن ان کے وصال کے بعد یہ سارے طاغوت پھیل گئے۔ اس خبر کو حافظ حدیث ابن عساکر نے بھی بیان کیا ہے۔

(۲۰) عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ مَا سَمِعْتُ عُمَرَ يَقُولُ لِشَيْءٍ قَطُّ إِنِّي لَأَظُنُّهُ كَذَا إِلَّا كَانَ كَمَا يَظُنُّ بَيْنَمَا عُمَرُ جَالِسٌ إِذْ مَرَّ بِهِ رَجُلٌ فَقَالَ لَقَدْ أَخْطَأَ ظَنِّي وَأَنَّ هٰذَا عَلَى دِينِهِ فِي الْجَاهِلِيَّةِ لَقَدْ كَانَ كَاهِنَهُمْ عَلَيَّ الرَّجُلَ فَدُعِيَ لَهُ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ لَقَدْ أَخْطَأَ ظَنِّي وَإِنَّكَ لَفِي دِينِكَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَلَقَدْ كُنْتَ كَاهِنَهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَقَالَ مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ اسْتُقْبِلَ بِهِ رَجُلٌ مُسْلِمٌ فَقَالَ إِنِّي أَعْزِمُ عَلَيْكَ إِلَّا مَا أَخْبَرْتَنِي قَالَ كُنْتُ كَاهِنَهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ أَخْرَجَهُ الْبُخَارِيُّ (تیسیر ص [illegible] ج ۲ مطبوعہ نولکشور)

ترجمہ حضرت سالمؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے فاروق اعظمؓ کو کبھی یہ کہتے نہیں سنا کہ میں اس امر کے متعلق یہ اور یہ گمان کرتا ہوں۔ لیکن حقیقت نفس الامری یہ ہے کہ جیسا آپ فرماتے تھے ویسا ہی

ہوا کرتا تھا۔ ایک مرتبہ آپ تشریف فرما تھے کہ سامنے سے ایک شخص گزرا۔ آپ نے فرمایا کہ میرا گمان غلط نکلا۔

یہ تو زمانہ جاہلیت میں نجومی اور فال بتانے والا تھا۔ اور اب ایک پرانے دین پر ہے۔ ذرا اس کو میرے پاس تو لاؤ۔ جب وہ حاضر ہو گیا تو فاروق اعظمؓ نے فرمایا کیا میرا یہ گمان غلط ہے کہ اب تک تم اپنے پرانے مذہب پر قائم ہو اور زمانہ جاہلیت میں تم نجومی اور فال دیکھنے والے تھے؟

اس نجومی نے جواب دیا۔ میں نے آج تک تم جیسا مسلمان نہیں دیکھا۔

آپ نے فرمایا تو اچھا اب تم مجھے اپنے پورے حالات بتلاؤ۔ اس پر اس نجومی نے کہا کہ ہاں میں ایام جاہلیت میں اُن کا کاہن تھا۔ اس کو امام بخاریؒ نے بھی بیان کیا ہے۔

کرامات
حضرت سیدنا عثمان بن عفان ذی النورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۲۱) عَنْ مَالِكٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ قَالَ رَأَى عُثْمَانُ مَقْتُولًا عَلَى بَابِ دَارِهِ وَإِنَّ رَأْسَهُ لَيَقُولُ طَقْ طَقْ حَتّٰى صَارُوْا بِهِ إِلٰى حَشِّ كَوْكَبٍ فَاخْتَفَرُوْا لَهٗ فِيْهِ

(استیعاب صفحہ ۲۹۱ ج ۲) حضرت امام مالکؒ سے روایت ہے کہ خلیفہ سوم حضرت ذوالنورین شہید کی نعش مبارک آپ کے دروازہ پر رکھی ہوئی تھی اور آپ کی زبان مبارک سے طق طق "دفن دفن" کی پے در پے آواز آرہی تھی، چنانچہ آپ کی نعش مبارک باغ کوکب پہنچائی گئی جہاں آپ دفن کئے گئے۔

(۲۲) وَفِي التَّعْقِبَةِ الْمَدَنِيَّةِ قَالَ مَالِكٌ وَكَانَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَمُرُّ بِحَشِّ كَوْكَبٍ فَيَقُوْلُ إِنَّهٗ سَيُدْفَنُ فِيْهِمَا رَجُلٌ صَالِحٌ۔ ترجمہ

ترجمہ۔ امام مالک سے روایت ہے کہ سیدنا عثمان ذی النورین رضی اللہ عنہ جب کبھی باغ کوکب سے گذرتے تو فرماتے کہ یہاں عنقریب ایک نیک مرد دفن کیا جائے گا۔

چنانچہ آپ خود وہاں دفن کئے گئے۔

(۲۳) عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ عُثْمَانَ أَصْبَحَ فَحَدَّثَ فَقَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَنَامِ اللَّيْلَةَ فَقَالَ يَا عُثْمَانُ أَفْطِرْ عِنْدَنَا۔

فَاَصْبَحَ عُثْمَانُ صَائِمًا فَقُتِلَ مِنْ يَوْمِهٖ اَخْرَجَهُ الْحَاكِمُ

(قرۃ العینین صفحہ ۱۳۵) ترجمہ ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ حضرت عثمان ذی النورین رضی اللہ عنہ نے ایک دن صبح کے وقت بیان فرمایا میں نے رات کو مجھ کو سرکار کائنات محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عثمان کل کا روزہ ہمارے پاس کھولنا۔

چنانچہ حضرت عثمان ذی النورینؓ کو روزہ کی حالت میں اسی دن شہید کیا گیا۔ اس واقعہ کو حاکم نے بھی بیان کیا ہے بطور یہ بھی لکھا ہے کہ حضرت عثمانؓ نے سرور عالمؐ کو خواب میں یہ بھی کہتے سنا کہ اے عثمانؓ تم جمعہ کے دن ہمارے پاس آجاؤ گے۔ تفصیل کے لئے قرۃ صفحہ (۱۳۸) چونکہ جمعہ کے دن ہی آپ نے روزہ کی حالت میں جام شہادت نوش فرمایا اس لئے آپ کا خواب مزید کسی تعبیر کا محتاج نہیں رہا۔ یہ آپ کی کرامت نہیں تو کیا چیز تھی۔

(۴) عَنْ مُحْجِنٍ مَوْلٰی عُثْمَانَؓ قَالَ كُنْتُ مَعَ غُلَامٍ لِي اَرْضِيْهِ قَدْ غَلَبَتْ عَلَيْهِ الْغِرَابَةُ بِغَيْرِ فَقَالَتْ اِنِّيْ قَدْ زَنَيْتُ فَقَالَ اَخْرِجْهَا يَا مُحْجِنُ فَاَخْرَجْتُهَا ثُمَّ رَجَعَتْ فَقَالَتْ اِنِّيْ قَدْ زَنَيْتُ فَقَالَ اَخْرِجْهَا يَا مُحْجِنُ فَاَخْرَجْتُهَا ثُمَّ رَجَعَتْ فَقَالَتْ اِنِّيْ قَدْ زَنَيْتُ فَقَالَ عُثْمَانُ وَيْحَكَ يَا مُحْجِنُ اَرَاهَا بِغَيْرٍ وَاِنَّ الضُّرَّ يَحْمِلُ عَلَى الشَّرِّ فَاذْهَبْ بِهَا حَتّٰى تَدْفَعَهَا اِلَيْكَ فَاسْتَغِهَا وَاكْسُهَا فَذَهَبْتُ بِهَا فَفَعَلْتُ ذٰلِكَ بِهَا حَتّٰى رَجَعَتْ اِلَيْهَا نَفْسُهَا ثُمَّ قَالَ عُثْمَانُ اَوْقِرْ لَهَا شَاذًا مِنْ تَمْرٍ وَّدَقِيْقٍ وَزَبِيْبٍ ثُمَّ

اِذْهَبْ بِهَا فَإِذَا لَمْ تَرَ قَوْمًا تَعْرِفُهُ بِالْبَادِيَةِ أَهْلِهَا فَضُمَّهَا إِلَيْهِمْ ثُمَّ
قُلْ لَهُمْ يُؤَدُّوهَا إِلَى أَهْلِهَا فَفَعَلْتُ ذَلِكَ بِهَا فَبَيْنَا أَنَا أَسِيرُ بِهَا
إِذْ قُلْتُ لَهَا أَتَعْرِفِيْنَ لِمَا أَقْرَرْتِ بِهِ بَيْنَ يَدَيْ أَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ
قَالَتْ إِنَّمَا قُلْتُ ذَلِكَ مِنْ ضُرٍّ مَا بِيْ رَوَاهُ الْعُقَيْلِيُّ -

(کنز العمال ص۳۰۳ ج۲) حضرت عثمان ذی النورین رضی اللہ عنہ کے آزاد
کردہ غلام محجن کہتے ہیں کہ ایک دن میں آپ کے ساتھ آپ کی ایک زمین
پر گیا جہاں ایک عورت نے جو کسی تکلیف کا شکار تھی آپ کے پاس آکر عرض
کیا اے امیر المومنین!! مجھ سے زنا کی غلطی ہوگئی ہے۔ اس پر آپ نے
مجھے حکم دیا کہ اس عورت کو نکال دو۔ چنانچہ میں نے اس کو بھگا دیا۔ تھوڑی
دیر بعد اس عورت نے آکر پھر کہا کہ میں نے تو زنا کیا ہے۔
چنانچہ سرکار کے فرمانے پر کہ اے محجن اسے باہر نکال دو میں نے دور
بھگا دیا اور تیسری مرتبہ اس عورت نے پھر آکر کہا اے خلیفۂ وقت میں نے
بلا شک و شبہ زنا کیا ہے اور میرے تین مرتبہ کے اقرار پر حد زنا جاری
فرمائی جاوے۔ اس پر میرے آقا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا او ناواقف
محجن!! اس عورت پر مصیبت آپڑی ہے اور مصیبت و تکلیف ہمیشہ شر و فساد
کا سبب ہوتی ہے۔ تم جاؤ اور اس کو اپنے ساتھ لیجا کر اس کو پیٹ بھر
روٹی اور تن بھر کپڑا دو۔ چنانچہ اس دیوانی کو میں اپنے ساتھ لے گیا اور
اس کے ساتھ وہی برتاؤ کیا جو میرے آقا نے فرمایا تھا یعنی میں نے اکرام سے
رکھا تھوڑے دنوں بعد جب اس کے ہوش و حواس ٹھکانے لگے اور وہ

مطمئن ہو گئی۔ تب آپ نے فرمایا کہ اچھا کاب کھجور، آٹا اور کشمکش کا ایک
گدھا بھر کر کل اسکو جنگل کے باشندوں کے پاس لیجاؤ اور ان بادیہ نشینوں سے
کہو کہ اس عورت کو اس کے کنبہ والوں اور اہل و عیال کے پاس پہنچا دیں
چنانچہ میں کھجوروں کشمکش اور آٹے سے بھرے ہوئے گدھے کو لیکر اسکے ساتھ
روانہ ہوا۔ میں نے رستہ چلتے چلتے کہا کہ کیا اب بھی تم اس بات کا اقرار کرتی ہو
جس کا تم نے امیر المومنین کے سامنے اقرار کیا تھا وہ کہنے لگی نہیں او ہرگز نہیں۔
کیونکہ میں نے جو کچھ کہا تھا۔ وہ تو صرف تکلیفوں اور مصیبتوں کے پہاڑ ٹوٹ پڑنے
سے کہا تھا۔ تاکہ مدد کی جاؤں اور مصیبتوں سے نجات پا جاؤں اس واقعہ
کو عقل نے بھی کہا ہے۔

لوگو!! دیکھو یہ الہامی کشف تھا۔ جو بالکل سچ واقعہ ثابت ہوا
اس سے بڑھ کر اور کس کرامت کے طلبگار ہو۔ خلیفۂ سوم سید نا عثمان ذی النورین رض
مجسم کرامت تھے انکی کرامتوں کو از خروارے بیان کیا گیا ہے۔

کرامات سیدنا علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ

(۲۵) قَالَ عَلِیٌّ اَنَا اِنَّ هٰذَا قَاتِلِیْ قِیْلَ فَمَا یَمْنَعُكَ مِنْهُ قَالَ اِنَّهُ لَمْ یَقْتُلْنِیْ بَعْدُ (استیعاب صفحہ ج ۲) ترجمہ۔ حضرت شیر خداؓ نے ابن ملجم کی طرف اشارہ کر کے فرمایا آگاہ ہو جاؤ یہ شخص مجھے قتل کرے گا۔ اس پر جب لوگوں نے کہا کہ اس کے قصاص کے بارہ میں کیا چیز مانع ہے؟ آپؓ نے فرمایا کہ اس نے ابھی تک مجھ کو قتل نہیں کیا ہے۔ اسلئے اس سے قصاص لینا کسی طرح جائز نہیں ہے۔

آخر کار جیسا آپؓ نے فرمایا وہی شیطنت پیش آئی یعنی بدبخت ابن ملجم نے آپؓ کو شہید کیا۔

دیکھئے ان صحابہ کرام کی ہر گفتگو میں الہام کشفی ہوا کرتا تھا جو ان حضرات کی کرامات ہیں۔

(۲۶) اَخْرَجَ الطَّبْرَانِیُّ فِی الْاَوْسَطِ وَاَبُوْنُعَیْمٍ فِی الدَّلَائِلِ مِنْ زَاذَانَ اَنَّ عَلِیًّا حَدَّثَ بِحَدِیْثٍ فَكَذَّبَهُ رَجُلٌ فَقَالَ لَهُ عَلِیٌّ اَدْعُوْ عَلَیْكَ اِنْ كُنْتَ كَاذِبًا قَالَ اُدْعُ فَدَعَا عَلَیْهِ فَلَمْ یَبْرَحْ حَتّٰی ذَهَبَ بَصَرُهٗ (تاریخ الخلفاء صفحہ ۱۲۳) ترجمہ۔ طبرانیؒ نے کتاب الاوسط میں اور ابونعیمؒ نے کتاب الدلائل میں جناب زاذانؒ سے روایت کی ہے کہ جناب حیدر کرارؓ نے کسی سے گفتگو فرمائی جس نے دوران گفتگو ہی میں آپ کو جھٹلایا اس پر جناب شیر خداؓ نے فرمایا کہ جھوٹا تو دراصل تو ہے اور کیا تجھ جھوٹ کے

اظہار کے لئے میں جناب باری عزّ اسمہ میں بد دعا کروں؟ اس بیوقوف نے اپنے جھوٹ کو چھپانے کیلئے بڑی دلیری سے کہا کہ میں تو سچا ہوں اگر میں جھوٹا ہونگا تو آپ کی بد دعا مجھے لگے گی۔ آپ شوق سے بد دعا کیجئے۔ چنانچہ جناب علیؓ نے اس جھوٹے کے حق میں بد دعا کی اور آپؑ کی دعا قبول ہوگئی۔ یعنی وہ جھوٹا ابھی بیٹھا تھا کہ بد دعا کے ساتھ ہی اندھا ہوگیا اور اس مجلس سے اُٹھنے بھی نہ پایا۔

(۲۷) عَنْ اَبِی یَحْیٰی قَالَ سَمِعْتُ عَلِیًّا یَقُوْلُ اَنَا عَبْدُ اللّٰہِ وَاَخُوْ رَسُوْلِہٖ وَلَا یَقُوْلُہَا اَحَدٌ بَعْدِیْ اِلَّا کَاذِبٌ فَقَالَہَا رَجُلٌ فَاَصَابَتْہُ جَنَّۃٌ رَوَاہُ الْعَدَنِیُّ۔

کرتے ہیں کہ میں نے جناب علیؓ سے یہ کہتے سُنا کہ میں اللہ کا بندہ اور رسول اللہؐ کا بھائی ہوں۔ اور اس کلمہ کو میرے بعد سوائے کسی کذابیے کے اور کوئی زبان پر نہیں لائے گا

عدنیؒ بیان کرتے ہیں کہ امیرالمومنینؑ کی موجودگی میں ان کلمات کو جس نے اپنی زبان سے ادا کیا وہ فوراً ہی مجنون اور پاگل ہوگیا۔

(۲۸) عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَیْلٰی قَالَ خَطَبَ عَلِیٌّ فَقَالَ اَنْشُدُ اللّٰہَ امْرَاً نَشَدَہُ الْاِسْلَامَ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ غَدِیْرِ خُمٍّ اَخَذَ بِیَدِیْ یَقُوْلُ اَلَسْتُ اَوْلٰی بِکُمْ یَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِیْنَ مِنْ اَنْفُسِکُمْ قَالُوْا بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاہُ اَللّٰہُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاہُ وَعَادِ مَنْ عَادَاہُ وَانْصُرْ مَنْ نَصَرَہُ وَاخْذُلْ مَنْ

حَتّٰی لَهُ الْاَنَامُ فَشَهِدَ بِضْعَةَ عَشَرَ رَجُلاً فَشَهِدُوْا وَكَتَمَ قَوْمٌ
فَمَا فَنُوْا مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا عَمُوْا وَبَرِصُوْا رَوَاهُ الْخَطِيْبُ فِي الْاَفْرَادِ

کنزالعمال ص۴۰۶ ج ۶ ترجمہ۔ قاضی عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ بیان کرتے ہیں کہ جناب شیرِ خداؑ نے خطبہ پڑھتے میں فرمایا کہ اللہ کی قسم میں اسلامی قسم دلاتا ہوں ہر اس شخص کو جس نے رسول اللہؐ سے سنا ہے کہ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بیچ میں جحفہ کے پاس جو مقام خم غدیر کے نام سے موسوم ہے اس میں حضور سرورِ کائناتؐ نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا تھا کہ اے مسلمانو! کیا میں تمہاری جانوں سے زیادہ تم کو پیارا نہیں ہوں؟ ان سب لوگوں کے اقرار کے بعد آپؐ نے فرمایا کہ میں جس کا پیارا ہوں تو علی بھی اس کے پیارے ہیں اے پروردگار تو محبوب کرلے اس کو جو محبوب کرے علیؑ کو اور دشمنی کا مزہ چکھادے اسکو جو علیؑ سے دشمنی رکھے۔ اور اے بار خدایا جو علیؑ کی مدد کرے تو تو اسکی مدد کر، اور ذلیل و رسوا کر اس کو جو علیؑ کو مصیبت میں تنہا چھوڑ دے۔ لوگو! سرکارِ کائناتؐ کو یہ اقوال کہتے ہوئے جس کسی نے سنا ہو کھڑا ہو جائے۔ چنانچہ اس سے زیادہ آدمیوں نے کھڑے ہو کر گواہی دی کہ آپ سچ کہتے ہیں۔ ان آدمیوں کے سوا ایک قوم نے اس شہادت کو چھپایا جس کی وجہ سے ان کو برص کا مرض ہو گیا۔ یعنی ان کے جسم پر سفید داغ پڑ گئے اور وہ سب اندھے ہو کر اس دنیا سے فنا ہوئے اس واقعہ کو خطیبؒ نے افراد میں بھی بیان کیا ہے۔

آپ نے یہ زندہ کرامت دیکھی کہ اس قوم کے افراد اندھے ہو کر

موت کے گھاٹ اترتے ہیں۔ اَللّٰھُمَّ احْفَظْنَا مِنْ کُلِّ الْخَطَایَا۔

(۲۹) عَنْ جَعْفَرِ ابْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ عَرَضَ لِعَلِیٍّ رَجُلَانِ فِیْ خُصُوْمَةٍ فَجَلَسَ فِیْ اَصْلِ جِدَارٍ فَقَالَ رَجُلٌ الْجِدَارُ یَقَعُ فَقَالَ امْضِ کَفٰی بِاللّٰهِ حَارِسًا فَقَضٰی بَیْنَهُمَا وَقَامَ ثُمَّ سَقَطَ الْجِدَارُ اَخْرَجَهٗ اَبُوْ نُعَیْمٍ فِی الدَّلَائِلِ (کنز العمال صفحہ ۶) ترجمہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام اپنے والد بزرگوار جناب امام محمد باقرؑ سے روایت کرتے ہیں کہ دو آدمی اپنے جھگڑے کا فیصلہ کرانے کیلئے جناب شیر خداؑ کے پاس آئے اور ان کا جھگڑا سننے کیلئے آپؑ ایک دیوار کی جڑ میں بیٹھ گئے ایک نے کہا کہ دیوار گر رہی ہے۔ تو آپ نے فرمایا کہ تم اپنا بیان شروع کرو حفاظت کے لئے اللہ کافی ہے جب ان دونوں کے بیانات کو سن کر مقدمہ کا فیصلہ کر کے کھڑے ہو گئے تو اس کے بعد دیوار گر پڑی۔ اس واقعہ کو ابو نعیم نے بھی کتاب الدلائل میں بیان کیا ہے۔

(۳۰) عَنْ اَبِی الْبَخْتَرِیِّ اَنَّ رَجُلًا اَتٰی عَلِیًّا فَاَثْنٰی عَلَیْهِ وَکَانَ قَدْ بَلَغَهٗ عَنْهُ قَبْلَ ذٰلِكَ شَیْءٌ فَقَالَ لَهٗ عَلِیٌّ لَیْسَ کَمَا تَقُوْلُ وَاَنَا فَوْقَ مَا فِیْ نَفْسِكَ رَوَاهُ ابْنُ اَبِی الدُّنْیَا وَابْنُ عَسَاکِرَ (کنز العمال صفحہ ۶)

ترجمہ ابو البختری سے روایت ہے کہ ایک شخص نے حضرت علیؑ کے پاس آکر آپؑ کی بڑھ چڑھ کر تعریف کرنا شروع کی۔ اس شخص کے متعلق جناب علیؑ کو اس سے پہلے ہی کچھ معلومات ہو چکی تھیں۔ آپؑ نے فرمایا تو جو بات نہیں بلکہ تو جو منافقانہ مدح سرائی کر رہا ہے میں تو اس سے بہت زیادہ بلند

ہوں یعنی تو جس قدر میرا مرتبہ سمجھتا ہے اس سے کہیں زیادہ اللہ تعالےٰ نے مجھے سربلند اور ذی مرتبہ کیا ہے اس واقعہ کو ابن ابی الدنیا اور ابن عساکر نے بھی بیان کیا ہے۔

حیدر کرارؓ کو اس جھوٹے مدح سرا کی خوشامد کا کشف ذریعہ الہام ہو جانا کرامت ہے۔

(۳۱) عَنْ جَعْفَرٍ لَمَّا دَخَلَ رَمَضَانُ كَانَ عَلِيٌّ يُفْطِرُ عِنْدَ الْحَسَنِ لَيْلَةً وَعِنْدَ الْحُسَيْنِ لَيْلَةً وَلَيْلَةً عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ لَا يَزِيْدُ عَلَى اللُّقْمَتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا فَقِيْلَ لَهُ فَقَالَ إِنَّمَا هِيَ لَيَالٍ قَلَائِلُ يَأْتِيْ أَمْرُ اللّٰهِ وَأَنَا خَمِيْصٌ فَقُتِلَ مِنْ لَيْلَتِهِ رَوَاهُ الْعَسْكَرِيُّ۔ کنز العمال۔

صفحہ ج ۲) ترجمہ امام جعفر صادقؓ سے روایت ہے کہ رمضان کا مہینہ تھا اور جناب شیر خداؓ ایک دن جناب امام حسنؓ جناب امام حسینؓ اور حضرت عبداللہ بن جعفرؓ کے پاس روزہ افطار کرتے تھے اور دو تین لقموں سے زیادہ تناول نہیں کرتے تھے۔ آپؓ کی کم خوردنی دیکھ کر لوگوں نے کہا کہ آپ اس قدر کم کیوں کھا رہے ہیں؟ آپ نے جواب دیا میری زندگی تو بہت تھوڑی رہ گئی ہے وہ وقت قریب ہے کہ میں بھوکا رہوں گا اور موت کا فرشتہ آ جائے گا۔ آپؓ اسی شب میں شہید کر دیئے گئے اس واقعہ کو عسکری نے بھی بیان کیا ہے۔

(۳۲) عَنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ أَنَّ عَلِيًّا قَالَ لَقِيَنِيْ حَبِيْبِيْ فِي الْمَنَامِ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَكَوْتُ إِلَيْهِ مَا لَقِيْتُ مِنْ أَهْلِ الْعِرَاقِ بَعْدَهُ

وَعَدَنِیْ فِی الرَّاحَةِ مِنْهُمْ اِلٰی قَرِیْبٍ فَمَا لَبِثَ اِلَّا ثَلٰثًا [illegible] فِیْ

(کنز العمال ص۱۸۷ ج۶) ترجمہ حضرت امام حسن رضؓ و حسینؓ سے مروی ہے۔

کہ جناب شیر خدا رضؓ نے فرمایا کہ رات کو خواب میں میرے محبوب یعنی رسول خدا سے میری ملاقات ہوئی میں نے ان سے عراقیوں کے اس طرز عمل کی شکایت کی جو آپ کے بعد انھوں نے مجھے مخالفت اور ایذا رسانی کر کے پہنچائیں اس پر رسالتمآب نے مجھے ان کی ایذا رسانی سے نجات دلا کر عنقریب راحت و آرام دلانے کا وعدہ فرمایا ہے۔ اس خواب کے بعد جناب شیر خدا رضؓ صرف تین دن اس دنیا میں مقیم رہے اور اس کے بعد شہید کر دئے گئے۔

اس واقعہ کو عدنی نے بھی بیان کیا ہے۔

(۳۳) عَنِ الْحَسَنِ بْنِ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ خَرَجَ عَلِيٌّ اِلَى الْفَجْرِ فَاَقْبَلَ الْوَزُّ يَصِحْنَ فِيْ وَجْهِهٖ فَطَرَدُوْهُنَّ عَنْهُ فَقَالَ ذَرُوْهُنَّ فَاِنَّهُنَّ نَوَائِحُ وَخَرَجَ فَضَرَبَهُ ابْنُ مُلْجَمٍ رَوَاهُ ابْنُ عَسَاكِرَ (کنز العمال ص۴۱۲ ج۶) ترجمہ

جناب حسن بن کثیرؒ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت شیر خدا رضؓ نماز فجر کیلئے تشریف لے گئے جہاں بطین آپ کے سامنے آکر آپ کو دیکھ کر چلانے لگیں۔ لوگوں نے ان کو آپ کے پاس سے ہنکایا۔ تو آپ نے فرمایا ان کو رہنے دو چھوڑ دو یہ تو نوحہ پڑھ رہی ہیں۔ پھر ابن ملجم نے آپؓ کو شہید کیا اس واقعہ کو ابن عساکرؒ نے بھی ذکر کیا ہے۔

(۳۴) عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ قَالَ خَطَبَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رضؓ وَقَالَ فِيْهِ كَانَ النَّبِيُّ اِذَا بَعَثَهٗ فِيْ سَرِيَّةٍ كَانَ جِبْرِيْلُ عَنْ يَمِيْنِهٖ وَمِيْكَائِيْلُ

عَنْ يَسَارِهٖ فَلَا يَرْجِعُ حَتّٰى يَفْتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ رَوَاهُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ۔

(کنز العمال ص ۴۱۲ ج ۶) ترجمہ جناب عاصم بن ضمرہؒ سے روایت ہے کہ جناب امام حسین بن علیؓ نے ایک تقریر کے دوران میں فرمایا کہ سرکار دوجہاںؐ جب والد بزرگوار حضرت علیؓ کو کسی جہاد میں روانہ کرتے تو آپؓ کے دائیں طرف جبرائیلؑ اور بائیں جانب حضرت میکائیل ہوتے تھے اور آپؓ اس جنگ کو جیت کر واپس آجاتے تھے یعنی جہاد میں حضرت علیؓ کے ساتھ جبرئیل اور میکائیل رہا کرتے تھے۔ اور اللہ کی امداد سے جناب شیر خدا اس جنگ کو جیت لیتے تھے۔

اس روایت کو ابن ابی شیبہؒ نے بھی بیان کیا ہے۔

(۳۵) عَنْ اَبِيْ رَافِعٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ عَلِيٍّ حِيْنَ بَعَثَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَايَتِهٖ فَلَمَّا دَنَا مِنَ الْحِصْنِ خَرَجَ اِلَيْهِ اَهْلُهٗ فَقَاتَلَهُمْ فَضَرَبَهٗ رَجُلٌ مِّنَ الْيَهُوْدِ فَطَرَحَ تُرْسَهٗ مِنْ يَّدِهٖ فَتَنَاوَلَ عَلِيٌّ بَابًا كَانَ عِنْدَ الْحِصْنِ فَتَتَرَّسَ نَفْسَهٗ فَلَمْ يَزَلْ فِيْ يَدِهٖ وَهُوَ يُقَاتِلُ حَتّٰى فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ اَلْقَاهُ مِنْ يَّدِهٖ حِيْنَ فَرَغَ فَلَقَدْ رَاَيْتُنِيْ فِيْ سَبْعَةٍ مِّنْ سَبْعَةٍ اَنَا ثَامِنُهُمْ نَجْهَدُ عَلٰى اَنْ نَقْلِبَ ذٰلِكَ رَوَاهُ اَحْمَدُ

(الرحمۃ المہداۃ مطبوعہ فاروقی دہلی ص ۴۱۲ ج ۲) ترجمہ حضرت ابو رافع روایت کرتے ہیں کہ سرکار دو عالمؐ نے جب حضرت علیؓ کو اپنا جھنڈا دیکر خیبر کی طرف روانہ کیا تو ہم بھی ان کے ساتھ تھے۔ جب ہم قلعہ خیبر کے پاس پہنچے جو مدینہ منورہ کے قریب ہے تو خیبر والے آپؓ پر ٹوٹ پڑے آپ نے کشتوں کے

پشتے لگا دیئے تھے کہ آپ پر ایک یہودی نے چوٹ کر کے آپ کے ہاتھ سے
آپ کی ڈھال گرا دی۔ اس پر جناب حیدر کرار نے قلعہ کے ایک دروازہ کو
اکھیڑ کر اپنی ڈھال بنا لیا۔ اور اس کو ڈھال کی حیثیت سے اپنے ہاتھ میں
لئے ہوئے شریک جنگ رہے۔ بالآخر دشمنوں پر فتح حاصل ہو جانے
پر اس ڈھال نما دروازہ کو اپنے ہاتھ سے پھینک دیا۔ اس سفر میں میرے
ساتھ سات آدمی اور بھی تھے اور ہم آٹھوں آدمی مل کر اس دروازہ کو الٹ
دینے کی کوشش کرتے رہے لیکن وہ دروازہ جس کو تن تنہا حیدر کرار نے اپنے
ایک ہاتھ میں اٹھا لیا تھا اس کو ہم آٹھوں آدمی کوشش کے باوجود پلٹ تک
نہ سکے اور یہ آپ کی کرامت تھی۔

حضرت والا درجت مرشدی فرماتے تھے کہ میں نے حضرت علیؓ کا
یہ قول۔ مَا حَمَلْتُهَا بِقُوَّةٍ وَلٰكِنْ حَمَلْتُهَا بِقُوَّةٍ اِلٰهِيَّةٍ۔ یعنی میں نے اس کواڑ
کو انسانی قوت کے بل بوتہ نہیں اٹھایا بلکہ قوت الٰہی سے اٹھایا۔

اس قصہ کو امام احمد نے بھی بیان فرمایا ہے۔

(۳۶) رَوَى الْبَيْهَقِيُّ فِي دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ فِي قِصَّةٍ طَوِيلَةٍ فَلَمَّا تُوُفِّيَ
رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَاءَتِ التَّعْزِيَةُ سَمِعُوا صَوْتًا
مِنْ نَاحِيَةِ الْبَيْتِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ
اِنَّ فِي اللّٰهِ عَزَاءً مِنْ كُلِّ مُصِيبَةٍ وَخَلَفًا مِنْ كُلِّ هَالِكٍ وَدَرَكًا مِنْ
كُلِّ فَائِتٍ فَبِاللّٰهِ فَثِقُوا وَاِيَّاهُ فَارْجُوا فَاِنَّمَا الْمُصَابُ مَنْ حُرِمَ
الثَّوَابَ فَقَالَ عَلِيٌّ اَتَدْرُوْنَ مَنْ هٰذَا هُوَ الْخَضِرُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

(مشکوٰۃ صفحہ ۲) ترجمہ علامہ بیہقیؒ نے دلائل نبوت میں ایک طویل قصہ کے ماتحت بیان کیا ہے کہ: رسول اللہ کے انتقال کے بعد جب ماتم پرسی ہونے لگی تو صحابہؓ نے گھر کے کونے سے ایک آواز سنی ـــ

اے رسول اللہؐ کے گھر والو!! تم پر اللہ کا سلام ہو اور اس کی برکتیں نازل ہوں۔ اللہ تعالیٰ زندہ ہے۔ وہ ہر مشکل کو ٹال دیتا ہے۔ وہی بندوں کے غم غلط کرتا ہے۔ ہر وقت ہونے والی چیز کا وہ خوب پہچاننے والا ہے۔ اور ہر ہلاک ہونے والی چیز کا وہ خود نعم البدل ہو جاتا ہے۔ بس اللہ تعالیٰ ہی سے امید رکھو۔ کیونکہ مصیبت زدہ تو دراصل وہ شخص ہے جو ثواب سے محروم اور مایوس رہے۔

حضرت علی مرتضیٰؓ نے فرمایا جانتے ہو یہ کون تھے؟ یہ خضر علیہ السلام تھے جو نبی تو نہیں لیکن کامل ولی ہیں۔

آپؓ کا حضرت خضر علیہ السّلام کو شناخت کر لینا یہ بھی منجملہ دیگر کرامات کے آپؓ کی ایک کرامت تھی۔

انہی فضیلتوں کے لئے تو کہا گیا ہے۔

آنکس کہ ترا شناخت جاں را چہ کند فرزند و عیال و خان و ماں را چہ کند
دیوانہ کنی ہر دو جہانش بخشی دیوانہ تو ہر دو جہاں را چہ کند

کرامات سبط رسول سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ

۵۳ تا ۶۳ ولما قتل الحسين مكثت الدنيا سبعة ايام والشمس
على الحيطان كالملاحف المعصفرة والكواكب يضرب بعضها بعضا
وكان قتله يوم عاشوراء وكسفت الشمس ذلك اليوم واحمرت
آفاق السماء ستة اشهر بعد قتله ثم زالت الحمرة ترى
فيها بعد ذلك ولم تكن ترى فيها قبله وقيل إنه لم يقلب حجر ببيت
المقدس يومئذ إلا وجد تحته دم عبيط وصار الورس الذي
في عسكرهم رمادا ونحروا ناقة في عسكرهم فكانوا يرون في
لحمها مثل النيران وطبخوها فصارت مثل العلقم وتكلم رجل
في الحسين بكلمة فرماه الله بكوكبين من السماء فطمس بصره
كذا في تاريخ الخلفاء ص۸۰ وفيه ايضا اخرج ابو نعيم في الدلائل
عن ام سلمة قالت سمعت الجن تبكي على حسين وتنوح عليه

ترجمہ جب حضرت امام حسین شہید کئے گئے تو دنیا کی سات دن تک یہ حالت
تھی کہ:-

۱۔ سورج کی روشنی دیواروں پر کسم میں رنگی ہوئی چادروں کی طرح
معلوم ہوتی تھی۔ یعنی دھوپ بالکل پھیکی معلوم ہوتی تھی۔

۲۔ اور ایک ستارہ دوسرے ستارے سے ٹکرا رہا تھا یعنی لگاتار آسمانی
تارے ٹوٹ رہے تھے۔

۳ . آپ کی شہادت دسویں محرم ۶۱ھ میں ہوئی اور اسی دن شدید ترین سخت سورج گرہن لگا۔

۴ . آپ کی شہادت کے چھ ماہ بعد تک آسمان کے کنارے کچھ عجیب طرح سُرخ رہے اور پھر وہ سرخی جاتی رہی۔ شہادت سے پہلے اور اس کے بعد پھر کبھی ویسی سُرخی نہیں دیکھی گئی۔

۵ . آپ کی شہادت کے دن بیت المقدس میں ہر پتھر کے نیچے سے تازہ تازہ خون نکلا۔

۶ . ظالموں کی فوج میں جو پیلے رنگ کی گھاس رکھی ہوئی تھی وہ راکھ ہوگئی۔

۷ . ان ظالموں نے اپنے لشکر میں ایک اونٹنی ذبح کی تو اس کے گوشت میں سے آگ کی چنگاریاں نکلتے دیکھیں۔

۸ . اور جب اس کا گوشت پکایا تو وہ اندرائن کی طرح کڑوا زہر ہوگیا۔

۹ . ایک شخص نے حضرت حسینؓ سے گستاخ باتیں کیں تو خدائے جبار وقہار نے اس پر دو آسمانی ستارے پھینکے جن سے اس کی قوت بصارت جاتی رہی۔ تفصیل کے لئے دیکھئے (تاریخ الخلفاء صفحہ ۲۰۸)

۱۰ . اور ان ایام کی اسی حالت سے متعلق حضرت ابو نعیمؒ نے کتاب دلائل میں حضرت ام سلمہؓ سے روایت کی ہے کہ میں نے حضرت حسینؓ پر جنات کو روتے اور نوحہ کرتے سُنا۔

حضرت امام حسینؓ کی یہ دس کرامتیں تاریخ خلفاء سے نقل کی گئی ہیں ما بقی آگے دیکھئے۔

حضرت مولانا تھانویؒ نے کسوف شمس سے اہل ہیئت کی اصطلاح جو آخری مہینہ میں رونما ہوتی ہے وہ نہیں بلکہ لغوی معنی یعنی آفتاب کا بے نور ہو جانا بتایا ہے۔

نیز ان مذکورہ بالا کرامات کو حافظ حدیث ابن حجرؒ نے مزید صحیح حوالوں کے ساتھ کتاب تہذیب التہذیب کی جلد دوم صفحات (۳۵۴ و ۳۵۵) پر بھی بیان کیا ہے۔

(۳۷ تا ۵۱) قَالَ خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ عَنْ أَبِيهِ لَمَّا قُتِلَ الْحُسَيْنُ اسْوَدَّتِ السَّمَاءُ وَظَهَرَتِ الْكَوَاكِبُ نَهَارًا وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ الْأَسَدِيُّ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ مُنْذِرٍ الثَّوْرِيِّ عَنْ أَبِيهِ جَاءَ رَجُلٌ يُبَشِّرُ النَّاسَ بِقَتْلِ الْحُسَيْنِ فَرَأَيْتُهُ أَعْمَى يُقَادُ وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ حَدَّثَتْنِي جَدَّتِي أُمُّ أَبِي قَالَتْ شَهِدَ رَجُلَانِ مِنَ الْجُعْفِيِّينَ قَتْلَ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَتْ فَأَمَّا أَحَدُهُمَا فَطَالَ ذَكَرُهُ حَتَّى كَانَ يَلُفُّهُ وَأَمَّا الْآخَرُ فَكَانَ يَسْتَقْبِلُ الرَّاوِيَةَ بِفِيهِ حَتَّى يَأْتِيَ عَلَى آخِرِهَا وَفِي قِصَّةٍ عَنِ السُّدِّيِّ فَقُلْنَا مَا شَرِكَ فِي قَتْلِهِ أَحَدٌ إِلَّا مَاتَ بِأَسْوَءِ مِيتَةٍ فَقَالَ مَا أَكْذَبَكُمْ يَا أَهْلَ الْعِرَاقِ فَأَنَا مِمَّنْ شَرِكَ فِي ذَالِكَ فَلَمْ يَبْرَحْ حَتَّى دَنَا مِنَ الْمِصْبَاحِ وَهُوَ يَتَّقِدُ بِنَفْطٍ فَذَهَبَ يُخْرِجُ الْفَتِيلَةَ بِإِصْبَعِهِ فَأَخَذَتِ النَّارُ فِيهَا فَذَهَبَ يُطْفِئُهَا بِرِيقِهِ فَأَخَذَتِ النَّارُ فِي لِحْيَتِهِ فَعَدَا فَأَلْقَى نَفْسَهُ فِي الْمَاءِ فَرَأَيْتُهُ كَأَنَّهُ حُمَمَةٌ

(تہذیب التہذیب الحافظ ابن حجرؒ ص ۳۵۴ و ۳۵۵ ج ۲) ترجمہ۔

خلف بن خلیفہ اپنے والد سے بیان کرتے ہیں کہ حضرت حسینؓ کی شہادت کے وقت آسمان کالا ہو گیا اور دن میں ستارے نکل آئے۔

محمد بن صلت اسدی نے ربیع بن منذر ثوری اور انھوں نے اپنے والد سے روایت کی ہے کہ ایک شخص نے آکر امام حسینؓ کی شہادت کی اطلاع دی اور وہ اندھا ہو گیا جس کو دوسرا آدمی کھینچ لے گیا

ابن عیینہ کا بیان ہے کہ مجھ سے میری دادی نے کہا قبیلہ جعفیین کے دو آدمی جناب امام حسینؓ کے قتل میں شریک تھے جن میں سے ایک کی شرمگاہ اتنی لمبی ہو گئی کہ وہ مجبوراً اس کو لپیٹتا تھا اور دوسرے آدمی کو اتنا سخت استسقا ہو گیا کہ وہ پانی کی بھری ہوئی مشک کو منہ کو لگا لیتا اور اس کی آخری بوند تک چوس جاتا۔

سدی ایک قصہ بیان کرتے کہ میں ایک جگہ مہمان گیا۔ جہاں قتل حسینؓ کا تذکرہ ہو رہا تھا میں نے کہا حسینؓ کے قتل میں جو شریک ہوا وہ بڑی موت مرا جس پر گفتگو کرنے والے نے کہا۔ اے عراقیو! تم کتنے جھوٹے ہو۔ مجھے دیکھو میں قتل حسینؓ میں شریک تھا لیکن ابتک بُری موت سے محفوظ ہوں۔

اسی لمحہ اس جلتے ہوئے چراغ میں اور تیل ڈال کر بتی کو اپنی انگلی سے ذرا بڑھانا ہی تھا کہ پوری بتی میں آگ لگ گئی جسے وہ اپنے تھوک سے بجھا رہا تھا کہ اس کی داڑھی میں آگ لگ گئی۔ وہ وہاں سے دوڑا۔ اور پانی میں کود پڑا تاکہ آگ بجھ جائے لیکن آخر کار جب اسے دیکھا تو وہ

جل کر کوئلہ ہو گیا تھا۔ اور اللہ تعالیٰ نے دنیا ہی میں دکھا دیا کہ تیری شرارت کا یہ انجام ہے۔

(۵۲) عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ لَمَّا جِيءَ بِرَأْسِ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ زِيَادٍ وَأَصْحَابِهِ نُضِّدَتْ رُؤُوسُهُمْ فِي رَحْبَةِ الْمَسْجِدِ فَانْتَهَيْتُ إِلَيْهِمْ وَهُمْ يَقُولُونَ قَدْ جَاءَتْ قَدْ جَاءَتْ فَإِذَا حَيَّةٌ قَدْ جَاءَتْ فَجَعَلَتْ تَخَلَّلُ الرُّؤُوسَ حَتَّى دَخَلَتْ فِي مَنْخِرِ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ زِيَادٍ فَمَكَثَتْ هُنَيْهَةً ثُمَّ خَرَجَتْ فَذَهَبَتْ ثُمَّ عَادَتْ فَدَخَلَتْ فِيهِ فَفَعَلَتْ ذٰلِكَ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا أَخْرَجَهُ التِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهُ (تيسير كشوری ص۱۵۲)

ترجمہ۔ عمارہ بن عمیر نے بیان کیا کہ جب عبید اللہ بن زیاد اور اس کے ساتھیوں کے سر لا کر مسجد کے برآمدے میں برابر رکھے گئے اور میں اس وقت ان لوگوں کے پاس پہنچا جبکہ وہ لوگ کہہ رہے تھے وہ آ گیا۔ وہ آ گیا کہ اتنے میں ایک سانپ نے آ کر ان سروں میں گھسنا شروع کیا اور عبید اللہ بن زیاد کے نتھنے میں گھستا اور اس میں تھوڑی دیر ٹھہر کر پھر باہر آ جاتا۔

اس واقعہ کو امام ترمذی نے بیان کر کے اس کی سند کو بھی صحیح کہا ہے۔

کرامات سیدنا حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۵۴ و ۵۵) فی تاریخ الخلفاء ما لفظہ قال ابن عبد البر رُوِّینا من
وجوہ انّہ لمّا احتضر قال لاخیہ یا اخی انّ اباک استشرف
لھٰذا الامر فصرفہ اللہ عنہ وولیھا ابو بکرؓ ثم استشرف
لھا وصرفت عنہ الی عمرؓ ثم لم یشک وقت الشوریٰ انّھا لا
تعدوہ فصرفت عنہ الی عثمانؓ فلمّا قتل عثمان بویع علیؓ ثم
نوزع حتی جرد السیف فما صفت لہ وانّی واللہ ما اریٰ
ان یجمع اللہ فینا النبوّۃ والخلافۃ فلا اعرفنّ ما استخفّک
سفھاء الکوفۃ فاخرجوک وقد کنت طلبت الی عائشۃ ان ادفن
مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقالت نعم وما ادری لعلّ القوم
الا سیمنعوک فان فعلوا فلا تراجعھم فلمّا مات اتی الحسینؓ
الی امّ المؤمنین عائشۃؓ فقالت نعم وکرامۃ فمنعھم مروان
فلبس الحسینؓ ومن معہ السلاح حتی ردہ ابو ہریرۃؓ ثم دفن
بالبقیع الی جنب امّہ (ص ۱۳۵) ترجمہ حافظ حدیث ابن عبد البر نے
تاریخ الخلفاء میں لکھا ہے کہ ہم کو کئی سندوں سے یہ خبر پہنچی ہے حضرت
امام حسنؓ قریب المرگ ہوئے تو انھوں نے حضرت حسینؓ سے کہا اے
بھائی !!! ابا جان کو امر خلافت کا خیال ہوا تھا کہ اسلام کی خدمت کریں
لیکن اللہ تعالیٰ نے بعض حکمتوں اور مصلحتوں کے مد نظر ان کو خلافت نہ دیکر

حضرت ابوبکر صدیقؓ کو اس کا والی بنا دیا۔ ان کی وفات کے بعد جب پھر ابا جان
کو اس کا خیال ہوا تو سلطنت خلافت حضرت عمرؓ کے حوالہ کر دی۔
اور فاروق اعظمؓ کی وفات کے بعد مجلس شوریٰ میں ابا جان کو یقین تھا
کہ خلافت اُن سے تجاوز نہ کرے گی یعنی وہیؓ خلیفہ مقرر کئے جائیں گے
لیکن خلافت کی باگ ڈور حضرت عثمانؓ کے سپرد کر دی گئی۔ اور
حضرت عثمان کی شہادت کے بعد والد بزرگوار حضرت علیؓ کے ہاتھ پر
بیعت ہوئی یعنی وہ خلیفہ بنائے گئے پھر ایک فتنہ برپا ہوا جسمیں تلواریں
کھینچ لی گئیں اور لڑائیاں ہوئیں یعنی وہ خلافت ابا جان کو بلا غبار نہیں ملی
خدا کی قسم میں یہ امر تجویز نہیں کرتا اللہ تعالیٰ ہم اہل بیت نبویؐ میں نبوت
اور خلافت دونوں چیزوں کو جمع کر دے۔ یعنی میرا اندازہ یہ ہے کہ خلافت
اہل بیت میں نہیں رہے گی۔ اور یقیناً میں یہ بھی نہیں چاہتا کہ کوفے کے
بیوقوف تمکو حرکت دیکر جنگ و جدال کیطرف متوجہ کر دیں اور تمکو وطن سے
باہر نکال دیں۔ ان لوگوں کا اس وقت تک بظاہر کوئی قرینہ تو نہ تھا کہ کوفی
حضرت حسینؓ کے ساتھ نازیبا برتاؤ کریں گے۔ لیکن آپ کو کشف کے ذریعہ
یہ سب کچھ معلوم ہو جانا آپ کی کرامت تھی۔

حضرت امام حسنؓ فرماتے ہیں کہ میری خواہش یہ کہ میں رسول اللہ
کے پاس دفن کیا جاؤں۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ نے اقرار فرمایا تھا۔ یعنی
سرِ علم کے پاس دفن ہونے کی مجھے اجازت دیدی تھی اور جب میں مر جاؤں تو
اسکی درخواست ان سے پھر کر لینا۔ لیکن اسکے ساتھ ہی میرا گمان ہے کہ قوم تمکو اس

بات سے رد کرے گی۔ اور اگر وہ ایسا کریں یعنی تیرے دفن سے تم کو روکیں تو ان سے بد بار رکھنا۔

الحاصل حضرت حسنؓ کی وفات پر جناب حسینؓ نے حضرت عائشہ صدیقہؓ سے جا کر کہا انہوں نے جواب دیا نہایت خوشی سے۔ لیکن مدینہ کے گورنر مروان نے انکو وہاں دفن کرنے سے منع کر دیا اس پر حضرت حسینؓ اور انکے رفقاء مسلح ہو کر لڑائی کیلئے آمادہ ہو گئے لیکن ابو ہریرہؓ نے ان کو اس ارادہ جنگ سے باز رکھا اور کہا اس موقع پر اگرچہ مروان نے نامعقول اور ناشائستہ حرکت کی ہے لیکن تمہارا آمادہ جنگ ہونا مناسب نہیں۔

آخر کار حضرت حسنؓ مقام بقیع میں اپنی والدہ ماجدہ کے پاس دفن ہوئے سیدنا امام حسنؓ کی وفات کے وقت رفقاء اہل بیت کی کثرت کی وجہ کسی سے ہرگز یہ توقع نہ تھی کہ آپ کو دفن سے روکا جائے گا۔ لیکن امام عالیمقام نے ظاہر احالات کے خلاف پیش ہونے والا واقعہ کو بذریعہ کشف ظاہر کیا وہ آپ کی کرامت تھی۔

کرامات حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ

۵۶ و ۵۷ فی تہذیب التہذیب (صفحہ ۳) وَقَالَ الْمُنَافِقُوْنَ لَمَّا مَاتَ (اے سعد بن معاذ) مَا اَخَفَّ جَنَازَتَهٗ فَقَالَ النَّبِيُّ اِنَّ الْمَلٰئِكَةَ حَمَلَتْهُ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فِيْمَا رُوِيَ عَنْهُ مِنْ وُجُوْهٍ كَثِيْرَةٍ اِهْتَزَّ الْعَرْشُ لِمَوْتِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍؓ ترجمہ تہذیب التہذیب

جلد سوم صفحہ ۳۳) پر درج ہے کہ حضرت سعدؓ کی وفات پر منافقوں نے کہا
کہ ان جنازہ کتنا ہلکا ہے۔ اس پر سرورِ عالم ؐ نے ارشاد فرمایا جنازہ کو ملائکہ
اٹھائے ہوئے ہیں اس لئے ہلکا معلوم ہو رہا ہے۔ حالانکہ حضرت
سعدؓ بڑے موٹے تازے آدمی تھے جیسا علامہ واقدیؒ نے کتاب المغازی
اور زیلعیؒ نے تخریج الہدایہ جلد اول (صفحہ ۳۵۰) پر درج کیا ہے۔

اور کئی معتبر سندوں کے ذریعہ مروی ہے کہ رسول اللہ ؐ نے فرمایا کہ
سعد بن معاذؓ کی موت کے وقت عرش اعظم بھی اس شوق میں جھوم کر
اب انؓ کی روح ہمارے پاس آجائے گی۔

(۵۸) رَوَى ابْنُ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ ؓ لَقَدْ شَهِدَهُ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ
لَمْ يَنْزِلُوْا إِلَى الْاَرْضِ قَبْلَ ذٰلِكَ الْحَدِيْثَ (زرقنی ص۴۸)۔

ترجمہ: حضرت ابن عمرؓ سے حضرت ابن سعدؓ نے روایت کی ہے کہ حضرت
سعد بن معاذؓ کے بارے میں رسول اللہ ؐ نے ارشاد فرمایا کہ ان کے
جنازے میں ستر ہزار فرشتے شریک ہوئے جو اس سے پہلے اتنی تعداد میں
کبھی زمین پر نہیں آئے۔ تا ختم حدیث شریف۔

(۵۹) قال الزھری عن ابن المسیب عن ابن عباس قال سعد
بن معاذ ثلث انا فیھن رجل (کما ینبغی) وما سوی ذلک
فانا رجل من الناس ما سمعت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم حدیثا قط الا علمت انہ حق من اللہ تعالیٰ ولا کنت فی صلوۃ قط

فَشَغَلْتُ نَفْسِيْ بِغَيْرِ حَاجَتِيْ اَقْضِيْهَا وَلَا كُنْتُ فِيْ جَنَازَةٍ قَطُّ فَحَدَّثْتُ نَفْسِيْ بِغَيْرِ مَا تَقُوْلُ وَيُقَالُ لَهَا حَتّٰى اَنْصَرِفَ مِنْهَا قَالَ ابْنُ الْمُسَيِّبِ فَهٰذِهِ الْخِصَالُ مَا كُنْتُ اَحْسَبُهَا اِلَّا فِيْ نَبِيٍّ كَذَا فِيْ تَهْذِيْبِ التَّهْذِيْبِ

(تکشف مشتبہ ۵۶) ترجمہ زہری نے ابن مسیب کے ذریعہ حضرت ابن عباس کے بیان پر کہا حضرت سعدؓ نے فرمایا کہ تین آدمیوں میں سے میں ایک شخص ہوں میں نے رسول اللہؐ سے جو حدیث بھی سنی وہ اللہ تعالیٰ کا حق ہے اور میں نے کثرت مشاغل کے باوجود اپنی پوری نمازیں پڑھی ہیں اور میں جس جنازے میں شریک ہوا تو میں نے اس سے باتیں کیں۔

حضرت ابن مسیبؒ کہتے ہیں کہ میں توان خصلتیں کو صرف انبیاء کرام میں جانتا تھا لیکن اپنی آنکھوں سے یہ حضرت سعدؓ میں دیکھ لیں — ایسا ہی تہذیب التہذیب جلد سوم صفحہ (۴۸۲) مطبوعہ حیدرآباد دکن میں مرقوم ہے۔

(۶۰ و ۶۱) عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَمَا رَجَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْخَنْدَقِ الْحَدِيْثَ وَفِيْهِ وَكَانَ سَعْدٌ اُصِيْبَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ فِي الْاَكْحَلِ فَضَرَبَ عَلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْمَةً فِي الْمَسْجِدِ لِيَعُوْدَهُ مِنْ قَرِيْبٍ فَقَالَ سَعْدٌ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَعْلَمُ اَنَّهُ لَيْسَ قَوْمٌ اَحَبَّ اِلَيَّ اَنْ اُجَاهِدَهُمْ فِيْكَ مِنْ قَوْمٍ كَذَّبُوْا رَسُوْلَكَ وَاَخْرَجُوْهُ اَللّٰهُمَّ فَاِنِّيْ اَظُنُّ اِنَّكَ قَدْ وَضَعْتَ الْحَرْبَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ فَاِنْ كَانَ بَقِيَ مِنْ حَرْبِ قُرَيْشٍ شَيْءٌ فَاَبْقِنِيْ حَتّٰى

أُجَاهِدُهُمْ فِيكَ وَإِنْ كُنْتَ وَضَعْتَ الْحَرْبَ فَافْجُرْهَا وَاجْعَلْ مَوْتِي فِيهَا فَانْفَجَرَتْ مِنْ لَبَّتِهِ فَلَمْ يَرُعْهُمْ فِي الْمَسْجِدِ إِلَّا الدَّمُ يَسِيلُ إِلَيْهِمْ فَإِذَا سَعْدٌ يَغْذُو جُرْحُهُ دَمًا فَمَاتَ مِنْهَا۔

أَخْرَجَهُ الشَّيْخَانِ۔ عَنْ جَابِرٍ قَالَ إِنَّ سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ رُمِيَ يَوْمَ الْأَحْزَابِ فَقَطَعُوا أَكْحَلَهُ أَوْ أَبْجَلَهُ فَحَسَمَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّارِ فَانْتَفَخَتْ يَدُهُ فَتَرَكَهُ فَنَزَفَهُ الدَّمُ فَحَسَمَهُ أُخْرَى فَانْتَفَخَتْ يَدُهُ فَلَمَّا رَأَى ذٰلِكَ قَالَ اللّٰهُمَّ لَا تُخْرِجْ نَفْسِي حَتَّى تُقِرَّ عَيْنِي مِنْ بَنِي قُرَيْظَةَ فَاسْتَمْسَكَ عِرْقُهُ فَمَا قَطَرَ قَطْرَةً حَتَّى نَزَلُوا عَلَى حُكْمِهِ فَحَكَمَ فِيهِمْ أَنْ تُقْتَلَ رِجَالُهُمْ وَتُسْتَحْيَى نِسَاؤُهُمْ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَصَبْتَ حُكْمَ اللّٰهِ فِيهِمْ وَكَانُوا أَرْبَعَمِائَةٍ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ قَتْلِهِمُ انْفَتَقَ عِرْقُهُ فَمَاتَ أَخْرَجَهُ التِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهُ

(تکشف صفحہ ۵۶۷)۔ ترجمہ حضرت عائشہ سے مروی ہے۔ کہ جب رسول اللہؐ جنگ خندق سے لوٹ کر آئے۔ اسی میں یہ قصہ بھی ہے کہ حضرت سعدؓ کی ہفت اندام رگ میں تیر لگا تھا۔ رسول اللہؐ نے قریب ہی سے ان کی عیادت کیلئے مسجد میں ایک خیمہ لگا دیا تھا۔ جس پر حضرت سعدؓ نے دعا کی اے الٰہ العالمین تو خوب جانتا ہے کہ جن لوگوں نے رسول اللہؐ کو جھٹلایا اور ان کو مکہ معظمہ سے جلاوطن کیا ہے۔ مجھے ایسے لوگوں سے جہاد کرنا بہت زیادہ محبوب ہے۔

اے اللہ میرا گمان ہے کہ تو نے ہم میں اور ان میں لڑائی بند کر دی ہے

یعنی میرا اپنا ذاتی خیال ہے کہ ہم مسلمانوں اور ان ظالموں میں کوئی جنگ نہیں ہوگی۔ اگر میرا یہ خیال غلط ہے اور قریش کے ساتھ کوئی معرکہ ہونا باقی ہے تو مجھے زندہ رکھ تاکہ میں تیری راہ میں ان سے جہاد کروں اور اگر میرا یہ گمان غلط ہے کہ ہم سے ان کا کوئی معرکہ نہ ہوگا۔ تو میرے زخم کے خون کو جاری کردے اور اسی میں مجھے موت دیدے۔ چنانچہ اسی رات کو اس رگ کا منہ کھل گیا اور مسجد والوں نے دیکھا کہ آپ کا خون بہہ رہا تھا آپؓ نے وفات پائی۔

اس حدیث کو شیخان یعنی امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ نے حضرت جابرؓ سے روایت کیا ہے کہ حضرت سعد بن معاذؓ کو جنگ خندق میں ایک تیر لگا جس سے ہفت اندام کی رگ کٹ گئی جس کو رسول اللہ نے خون تھم جانے کے لئے آگ سے داغ دیا خون تو رک گیا مگر حضرت معاذؓ کا ہاتھ سوج گیا چونکہ خون روانی میں جوش تھا اس لئے خون پھر بہنے لگا آپؐ نے دوبارہ داغ دیا اس سے خون تو رک گیا مگر ہاتھ پر ورم زیادہ ہوگیا حضرت سعدؓ یہ دیکھ کر کہا اے اللہؐ! اس وقت تک میری روح پرواز نہ ہو جب تک بنی قریظہ کی طرف سے میری آنکھیں ٹھنڈی ہوجائیں یعنی ان کی شرارت کی سزا دیکھنے کے بعد مجھے موت آجائے۔

چنانچہ ان کی رگ کا خون بند ہوگیا اور ایک بوند بھی نہ نکلی یہاں تک کہ بنو قریظہ نے محاصرہ سے عاجز آکر سرکار دو عالم کے حکم پر اس شرط کے ساتھ قلعہ سے باہر آئے کہ حضرت سعدؓ ہمارے لئے

جو تجویز کریں وہی کارروائی ہم سے کی جائے۔ چنانچہ حضرت سعدؓ نے شریعت کے موافق ان کے مقدمہ میں یہ فیصلہ دیا کہ ان کے بالغ مردوں کو قتل کر دیا جائے اور ان کی عورتوں اور بچوں کو زندہ چھوڑ دیا جائے۔ رسول اللہ صلعم نے فرمایا اے سعدؓ تم نے اس مقدمہ میں خدا کے حکم کے موافق فیصلہ دیا ہے۔ ان لوگوں کی تعداد چار سو تھی حسب فیصلۂ مذکورہ جب ان کے قتل سے فراغت ہوگئی تو ان کی وہ ہفت اندام کی رگ پھر پھٹ پڑی اور ان کا انتقال ہوگیا۔

اس روایت کو امام ترمذی نے بھی بیان کیا ہے اور اس کی صحت کا بھی اقبال و اقرار کیا ہے۔ (تکشف جلد نہم صفحات ۸۸ و ۸۹)

اس قصہ میں حضرت سعد بن معاذؓ کی کئی کرامتیں درج ہیں۔ ایک تو یہ کہ میرے خیال سے ہماری اور مشرکین قریش کی جنگ موقوت ہوگئی ہے۔ چنانچہ اس کے بعد کوئی معرکہ نہیں ہوا۔ اور فتح مکہ میں چھوٹی سی تبرد آزمائی اور چھیڑ چھاڑ ہوئی تھی جس کو عربی زبان میں مقاتلہ کہتے ہیں۔ دوسری کرامت جاری خون کا بند ہو جانا اور تیسری کرامت بند خون کا بہنے لگنا اور ادا دی کا۔ فَلَمَّا فَنِهُمْ کا لفظ استعمال کرنا صرف اختصار بیان کے گئے ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ فَلَمَّا فَنِهُمْ وَدَعَا بِمَا فِي الْحَنْلِ الْأَوَّلِ فَانْفَتَقَ۔ تفصیل کے لئے تکشف ملخصاً ص صفحہ ۱۰۱)

کرامات حضرت خُبیب رضی اللہ تعالےٰ عنہ

(۶۲ و ۶۳) رَوَی الْبُخَارِیُّ فِیْ قِصَّۃٍ طَوِیْلَۃٍ وَکَانَتْ تَقُوْلُ مَا رَأَیْتُ اَسِیْرًا قَطُّ خَیْرًا مِنْ خُبَیْبٍ لَقَدْ رَاَیْتُہٗ یَاْکُلُ مِنْ قِطْفِ عِنَبٍ وَمَا بِمَکَّۃَ یَوْمَئِذٍ ثَمَرَۃٌ وَاِنَّہٗ لَمُوْثَقٌ فِی الْحَدِیْدِ وَمَا کَانَ اِلَّا رِزْقٌ رَزَقَہُ اللّٰہُ (جلد دوم ص۵۸۶) ترجمہ۔ حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ایک طویل قصہ میں بیان کیا ہے کہ وہ خاتون جن کا پہلے ذکر کیا گیا ہے وہ کہتی تھیں کہ میں نے کسی قیدی کو حضرت خبیب سے زیادہ اچھا نہیں دیکھا یہ اس وقت کا واقعہ ہے جب کہ خبیب مکہ معظمہ میں کافروں کی قید وبند میں تھے۔

نیز انھوں نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت خبیبؓ کو جب وہ لوہے کے پنجرہ میں مقید تھے اور کہیں آ جا نہ سکتے تھے اور اس وقت مکہ معظمہ میں پھلوں کا موسم بھی نہیں تھا۔ انھیں انگور کے خوشے کھاتے ہوئے دیکھا اور ان کو وہ کھانا درحقیقت اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا رزق تھا۔ حضور ختمی نبوت صلی اللہ علیہ وسلم نے اصحاب سے فرمایا ہے کوئی جو خبیبؓ کی لاش کو سولی پر سے اتار لائے؟ چنانچہ حضرت زبیر اور حضرت مقداد رضی اللہ عنہما نے اس کام کا اقرار کیا اور پھر روانہ ہو گئے۔ وہ رات کو چلتے اور دن کو چھپ رہتے چنانچہ اُس سولی کے پاس پہونچ گئے جہاں چالیس محافظ موجود تھے لیکن سب

سوار ہے تھے۔

ان دونوں نے حضرت حبیبؓ کو سولی پر سے اتارا اور گھوڑے پر رکھ لیا۔ اگرچہ حضرت حبیبؓ کے قتل کو چالیس دن گزر چکے تھے لیکن ان کا جسم بالکل تازہ تھا زخموں سے خون ٹپک رہا تھا اور مشک کی خوشبو آرہی تھی۔

صبح کے وقت جب قریش کو اس کی خبر ہوئی تو چاروں طرف شتر سوار دوڑا دیے۔ کچھ شتر سواروں نے آپ دونوں کو آ لیا حضرت زبیرؓ نے یہ دیکھ کر لاش کو فوراً زمین پر رکھ دیا اور زمین انھیں نگل گئی اسی لئے تو حضرت حبیبؓ کو بَلِیعُ الْاَرْض کہا جاتا ہے۔

اس کے بعد حضرت زبیرؓ نے ان کفار کی طرف منہ کر کے کہا۔ میں زبیر ابن العوام ہوں اور حضرت صفیہؓ بن عبدالمطلب میری ماں ہیں اور یہ میرے رفیق حضرت مقداد بن الاسودؓ ہیں۔ تمہارا جی چاہے تو تیر دل سے۔ اور کہو تو آ کر نیزے اور تلوار سے لڑیں اور چاہو تو لوٹ سکتے ہو۔ چنانچہ وہ شتر سوار کافر واپس ہو گئے۔

ان دونوں حضرات نے حضور اقدس میں کل ماجرا بیان کیا اور اسی آنحضرت جبرئیل امین نے مجلس میں حاضری دیکر کہا کہ سرکار آپ کے ان دونوں اصحاب کی فرشتوں میں تعریف ہو رہی ہے۔

مندرجہ تاریخ حبیب از مولفہ مولانا مفتی عنایت احمد صاحب مرحوم مطبوعہ نامی پریس لکھنؤ صفحہ (۵ ۸ و ۶ ۸) کے اس قصہ پر بدو

مطلع نہیں ہوا مگر چونکہ تاریخ حبیب اللہ نہایت ہی معتبر کتاب ہے پس موجودہ کتاب سے اس قصہ کی نقل کافی ہے

(۲۴، ۲۵) روی البخاری فی قصۃ طویلۃ وبعث قریش الی عاصم لیؤتوا بشیٔ من جسدہ یعرفونہ وکان عاصم قتل عظیما من عظمائہم یوم بدر فبعث اللہ علیہم مثل الظلۃ من الدبر فحمتہ من رسلہم فلم یقدروا منہ علی شیٔ۔

(ملٹ ۵۸۲ ج) (۲۶) ترجمہ۔ حضرت امام بخاریؒ نے ایک قصہ کے تحت روایت کی ہے کہ کفار قریش نے اپنے ایک دستہ کو حضرت عاصمؓ کی لاش میں سے کوئی ٹکڑا کاٹ کر لانے کے لئے بھیجا۔ تاکہ اس عضو بدن کو دیکھ کر ان کے قتل کا یقین ہو جائے اور ساتھ ہی ساتھ انکے دل کو ٹھنڈک بھی ہو جائے کہ یہی وہ عاصمؓ ہیں جنہوں نے ہمارے ایک بڑے آدمی کو جنگ بدر میں قتل کر دیا تھا۔ اس دستہ کے پہنچتے ہی اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضرت عاصمؓ اور ان کے مقتول ساتھیوں کی لاش پر شہد کی مکھیوں کو بادل کی طرح بھیجدیا جنہوں نے ان شہیدوں کی لاش کو ان سے محفوظ کر دیا اور وہ کافر کچھ بھی نہ کر سکے۔

بخاری شریف کے حاشیہ پر حضرت ابن اسحٰقؒ نے یہ مضمون بھی لکھا ہے کہ حضرت عاصمؓ نے حق تعالیٰ سے عہد کر لیا تھا کہ کوئی مشرک ان کو چھو نہ سکے گا۔ چنانچہ حضرت فاروق اعظمؓ کو یہ قصہ معلوم ہوا تو انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے معاہدہ کے مدنظر اپنے مسلمان بندہ کی

اس کے انتقال کے بعد بھی حفاظت کی۔

بنا بریں اگرچہ حضرت عاصم کی لاش کی حفاظت کا کوئی خاص انتظام نہیں تھا لیکن پروردگار نے اس کی حفاظت کی۔ اور ان کے جسد مطہر کو کوئی کافر ہاتھ تک نہ لگا سکا۔ اور آپ کا عہد بھی پورا ہو گیا۔ یہ سب آپ کی کرامتیں تھیں۔

کرامات حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ

٦٦) عَنْ اَنَسٍ اَنَّ الرُّبَيِّعَ عَمَّتَهٗ كَسَرَتْ ثَنِيَّةَ جَارِيَةٍ فَطَلَبُوْا اِلَيْهَا الْعَفْوَ فَاَبَوْا فَعَرَضُوا الْاَرْشَ فَاَبَوْا فَاَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَوْا اِلَّا الْقِصَاصَ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْقِصَاصِ فَقَالَ اَنَسُ بْنُ النَّضْرِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتُكْسَرُ ثَنِيَّةُ الرُّبَيِّعِ وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا تُكْسَرُ ثَنِيَّتُهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَنَسُ كِتَابُ اللّٰهِ الْقِصَاصُ فَرَضِيَ الْقَوْمُ فَعَفَوْا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ مَنْ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهٗ (صحیح بخاری مطبوعہ مصطفائی لکھنؤ) ترجمہ حضرت انس بن نضر جو حضرت انس بن مالک کے بھتیجے تھے روایت کرتے ہیں کہ ان کی پھوپھی نے کسی لڑکی کا اگلا دانت توڑ دیا تھا۔ ہمارے لوگوں نے اس

لڑکی والوں سے معافی مانگی تو انھوں نے انکار کر دیا۔ پھر ان سے کہا گیا کہ تم لوگ دیت یعنی دانت کے بدلہ میں دانت لینے کے بجائے کچھ رقم لے لو اس پر بھی ان لوگوں نے انکار کیا۔ اور رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہو کر معافی دینے اور دیت قبول کرنے سے انکار کرتے ہوئے قصاص طلب کیا۔ چنانچہ بحکم قرآن کریم سرور عالم نے قصاص ہی کا حکم دیا۔ اس پر حضرت انس بن نضرؓ نے کہا یا رسول اللہ کیا میری پھوپھی حضرت ربیعؓ کا اگلا دانت توڑ دیا جائیگا۔ اس ذات کی قسم جس نے آپکو حق کیسا تھ بھیجا ہے۔ ان کا دانت تو توڑا نہیں جائے گا۔ آپ کا یہ قول شریعت کے مقابلہ میں انکار کے طور پر نہیں تھا بلکہ غلبہ حال میں ایسا توکل اور بھروسہ غالب ہوا تو قسم کھالی اور سمجھ گئے کہ اللہ تعالےٰ ان لوگوں کے دل میں معافی ڈالدیں گے یا پھر یہ لوگ دیت قبول کرلیں گے، اس پر سرور دو عالم نے ارشاد فرمایا اے انسؓ اللہ کی کتاب تو قصاص کا حکم دیتی ہے اس پر ان لوگوں نے خوش ہو کر دانت کا بدلہ معاف کر دیا۔ اسی واقعہ پر سرور عالم نے فرمایا بیشک بعض بندے ایسے ہیں کہ اگر اللہ کے بھروسہ پر قسم کھالیں تو اللہ تعالیٰ ان کی قسم کو پورا فرماتا ہے۔

ایسی قسم صرف غلبہ حال و کیفیت میں ہوتی ہے۔ جب تک ہر شخص حضرت انسؓ جیسی کیفیت و صلاحیت پیدا نہ کرے اُسکو ہرگز ایسی قسم نہ کھانا چاہیئے۔

———٭———

کرامات حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۲۷) رَوَی الْبُخَارِیُّ فِی قِصَّۃٍ طَوِیْلَۃٍ اَمَا وَاللّٰہِ لَاَدْعُوَنَّ بِثَلٰثٍ اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ عَبْدُکَ ھٰذَا کَاذِبًا قَامَ رِیَاءً وَّسُمْعَۃً فَاَطِلْ عُمُرَہٗ وَاَطِلْ فَقْرَہٗ وَعَرِّضْہُ بِالْفِتَنِ وَکَانَ بَعْدُ اِذَا سُئِلَ یَقُوْلُ شَیْخٌ کَبِیْرٌ مَفْتُوْنٌ اَصَابَتْنِیْ دَعْوَۃُ سَعْدٍ قَالَ عَبْدُ الْمَلِکِ فَاَنَا رَاَیْتُہٗ بَعْدُ قَدْ سَقَطَ حَاجِبَاہُ عَلٰی عَیْنَیْہِ مِنَ الْکِبَرِ وَاِنَّہٗ لَیَتَعَرَّضُ لِلْجَوَارِیْ فِی الطُّرُقِ یَغْمِزُھُنَّ (ص ۱۰۳ ج ۱) ترجمہ

امام بخاریؒ ایک طویل قصے میں بیان کرتے ہیں کہ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ نے فرمایا۔ اللہ کی قسم میں اس شخص کے لئے بد دعا کرتا ہوں جس نے میری تین باتوں کی جھوٹی شکایت کی تھی۔

اے اللہ! یہ تیرا جھوٹا بندہ جو مکاری سے شکایتیں سنانے کے لئے کھڑا ہوا ہے۔ اس کی عمر دراز کردے اس کی محتاجی میں اضافہ کردے اور اس کو فتنہ و فساد میں مبتلا کردے۔

حضرت سعد کی اس دعا کے بعد لوگوں نے اسے دیکھا کہ جب اس سے خیریت دریافت کی جاتی تو وہ بوڑھا پھونس جواب دیتا۔ میں بالکل بڈھا ہو گیا ہوں۔ میری عقل ماری گئی ہے اور مجھے سعدؓ کی بددعا لگ گئی ہے۔

حضرت عبد الملک کہتے ہیں کہ میں نے اس بڈھے کو اس حال میں

میں دیکھا کہ بڑھاپے کی وجہ سے اس کی آنکھوں کو اس کی دونوں بھوؤں نے بالکل چھپا لیا تھا اور وہ رستہ چلتے لونڈیوں باندیوں کو روکتا تھا اور ایسا بے حیا ہو گیا تھا رستہ ہی میں چھیڑ چھاڑ کرتا اور افلاس وغربت کی وجہ وہ اسی قسم کی ذلیل حرکتیں کیا کرتا تھا۔ وہ اگر مالدار رہتا تو اس میں شرم و لحاظ کا کچھ اثر رہتا۔

الحاصل حضرت سعدؓ کی یہ تینوں باتیں درازی عمر افلاس اور فتنہ میں مبتلا ہونا درگاہ خداوندی میں مقبول ہو گئیں۔

(۶۸) عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ رَاَیْتُ عَنْ یَمِیْنِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَنْ شِمَالِہٖ یَوْمَ اُحُدٍ رَجُلَیْنِ عَلَیْہِمَا ثِیَابٌ بِیْضٌ یُقَاتِلَانِ کَاَشَدِّ الْقِتَالِ مَا رَاَیْتُہُمَا قَبْلُ وَلَا بَعْدُ یَعْنِیْ جِبْرَئِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ۔ مشکوٰۃ مطبوعہ اصح المطابع لکھنؤ صفحہ ۵۳۱ ج ۲) حضرت سعدؓ روایت کرتے ہیں کہ میں نے یوم اُحد میں سرکار دو عالم کے دائیں اور بائیں دو سفید پوش لوگوں کو دیکھا جو بڑی سخت جنگ لڑ رہے تھے ایسے جنگ جو میں نے نہ تو پہلے دیکھے اور نہ بعد میں۔ اور یہ دونوں سفید پوش حضرات جبرائیل و میکائیل علیہما السلام

کرامات حضرت حنظلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(٦٩) روى الواقدي في كتاب المغازي قال وكان حنظلة بن
أبي عامر تزوج جميلة بنت عبد الله بن أبي بن سلول ودخل عليها
ليلة قتال أحد بعد أن استأذن رسول الله صلى الله عليه
وسلم فأصبح جنبا وأخذ سلاحه ولحق بالمسلمين وأرسلت
إلى أربعة من قومها فأشهدتهم أنه قد دخل بها فسألوها
فقالت رأيت في الليلة كأن السماء فتحت ثم أدخل وأغلقت
دونه فعرفت أنه مقتول من الغد وتزوجها بعده ثابت بن
قيس فولدت له محمد بن ثابت بن قيس فلما انكشف
المشركون اعترض حنظلة لأبي سفيان يريد قتله فحمل عليه
الأسود بن شعوب بالرمح فقتله وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم
إني رأيت الملائكة تغسل حنظلة بن أبي عامر بين السماء والأرض
بماء المزن في صحاف الفضة قال أبو أسيد الساعدي فذ
هبنا فنظرنا إليه فإذا رأسه يقطر ماء قال أبو أسيد فرجعت
إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فأخبرته فأرسل إلى امرأ
ته فسألها فأخبرته أنه خرج وهو جنب انتهى (زيلعي تخريج ہدایہ
جلد ا ص۳۱۷ و ۳۱۸ مطبوعہ دہلی) ترجمہ حافظ حدیث علامہ واقدی نے
کتاب مغازی میں لکھا ہے۔ کہ حضرت حنظلہ بن عامر نے جمیلہ دختر

عبداللہ بن ابی سلول سے شادی کی اور سرکار دو عالم سے اجازت لیکر جنگ احد کی ایک رات اپنی بیوی سے ہم بستر ہوئے اور اسی حالت جنابت میں صبح سویرے ہتھیار لگا مسلمانوں کی فوج میں پہونچ گئے۔

ادھر ان کی نئی دلھن نے اپنی قوم کے چار آدمیوں کے پاس اطلاع بھیجی کہ میرے خاوند ہمبستری کے بعد جہاد میں چلے گئے اور لوگوں کو اس لئے گواہ کر لیا تاکہ حمل رہ جانے کی صورت میں کسی کو کوئی بات کہنے کی گنجائش نہ رہے۔ جس کو سہیلی نے کتاب زیلعی جلد اول صفحہ میں بھی ذکر کیا ہے لوگوں نے اس نئی دلھن سے پوچھا کہ تم ایسا کیوں کہہ رہی ہو تو اس نے جواب دیا کہ رات کو میں نے خواب میں دیکھا آسمان کھولا گیا۔ اس میں حنظلہ داخل ہوئے پھر آسمان کے دروازے بند کر دئے گئے جس کہ مجھے یقین ہوا کل وہ شہید کر دئے جائیں گے۔

حضرت حنظلہ کی شہادت کے بعد ان نیک سیرت بی بی کا ثابت بن قیس کے ساتھ نکاح ہوا جن کے پیٹ سے محمد بن ثابت بن قیس ہیں۔

اور ادھر کا واقعہ یہ ہے کہ حضرت حنظلہ نے فوج میں آتے ہی دل کھول کر ہاتھ دکھائے جس کے نتیجہ میں مشرکین کو شکست نظر آرہی تھی اور انہوں نے ابو سفیان کو جواب تک مسلمان نہیں ہوئے تھے مارنا ہی چاہا تھا کہ پیچھے سے اسود بن شعیب نے حملہ کر کے حنظلہ کو ایسا برچھا مارا کہ وہ شہید ہو گئے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ میں نے فرشتوں کو

دیکھا کہ وہ حنظلہؓ بن ابی عامر کو نقرئی طشت یعنی چاندی کے ٹب میں مینہ کے پانی سے آسمان و زمین کے بیچ میں نہلا رہے تھے ۔

ابو اسید ساعدی نے کہا کہ ہم نے حنظلہ کو دیکھا کہ ان کے بالوں سے پانی کی بوندیں ٹپک رہی تھیں ۔ اور یہ دیکھ کر میں نے فوراً رسالتمآبؐ کی خدمت میں حاضری دیکر تمام واقعہ سنایا ۔ اس پر سرور عالمؐ نے انکی بیوی کے پاس ایک قاصد بھیجا کہ ان کی حالت روانگی معلوم کرے چنانچہ اس قاصد سے جناب جمیلہ نے کہا کہ وہ جہاد کے میدان میں گھر سے بحالت جنابت گئے تھے یعنی ان کو غسل کی ضرورت تھی ۔

ہر وہ شخص جو بحالت جنابت شہید ہو جائے تو شریعت اسلامیہ کے مد نظر ایسے شہید کو بھی غسل دیا جانا ضروری ہے ۔ چونکہ حنظلہ کو غسل کی ضرورت تھی اور اسلامی فوج کے کسی آدمی کو اس کی اطلاع نہ تھی کہ انکو غسل دیتا ۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کے ذریعہ حنظلہ کو غسل دلایا ۔

حضرت حنظلہ شہید کے سر کے بالوں سے پانی کی بوندیں ٹپکتے ہوئے رسول مقبولؐ کے سوائے اور لوگوں نے بھی دیکھیں اور یہ بھی آپؓ کی کرامت تھی ۔

کرامت ایک انصاری صحابی رضی اللہ عنہ

(۷۰) عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَيْنَمَا رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ يَشْتَدُّ الْحَرْبَ فِي اِثْرِ رَجُلٍ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ أَمَامَهُ إِذْ سَمِعَ ضَرْبَةً بِالسَّوْطِ فَوْقَهُ وَصَوْتَ الْفَارِسِ يَقُوْلُ أَقْدِمْ حَيْزُوْمُ إِذْ نَظَرَ إِلَى الْمُشْرِكِ أَمَامَهُ خَرَّ مُسْتَلْقِيًا فَنَظَرَ إِلَيْهِ فَإِذَا هُوَ قَدْ خُطِمَ أَنْفُهُ وَشُقَّ وَجْهُهُ كَضَرْبَةِ السَّوْطِ فَاخْضَرَّ ذٰلِكَ أَجْمَعُ فَجَاءَ الْأَنْصَارِيُّ فَحَدَّثَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ صَدَقْتَ ذٰلِكَ مِنْ مَدَدِ السَّمَاءِ الثَّالِثَةِ فَقَتَلُوْا يَوْمَئِذٍ سَبْعِيْنَ وَأَسَرُوْا سَبْعِيْنَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ (مشکوٰۃ ص۵۳۱)

(۷۰) ترجمہ حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ جنگ بدر کے دن ایک مسلمان شخص ایک مشرک کے پیچھے دوڑ رہا تھا کہ اس نے اپنے آگے والے مشرک کے سر پر ایک کوڑا مارنے کی آواز سنی اور گھوڑے سوار کو یہ بھی کہتے سنا کہ اے حیزوم (جو حضرت جبریل کے گھوڑے کا نام ہے) آگے بڑھ۔ اس کے بعد مشرک کو چت گرا ہوا دیکھا جس کی ناک چر گئی تھی اور چہرہ لہولہان ہو گیا تھا جیسا کہ خوب زور سے کوڑے مارنے کی وجہ ہو جایا کرتا ہے۔ ایسے ہی اس کے بدن کے سب اعضا نیلے پڑ گئے تھے۔

چنانچہ ان انصاری نے رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہو کر

پورا واقعہ بیان کیا۔ جس پر سرکار کائنات نے فرمایا تو سچ کہتا ہے یہ تو تیسرے آسمان کی مدد تھی۔

چنانچہ مسلمانوں نے اس روز ستر مشرکوں کو قید کیا اور ستر کافروں کو تلوار کے گھاٹ اتارا اسکو امام مسلم نے بھی بیان کیا ہے۔

کرامات حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۲۰۷) فِی الْمِشْکوٰۃِ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ وَلَقَدْ کُنَّا نَسْمَعُ تَسْبِیْحَ الطَّعَامِ وَھُوَ یُؤْکَلُ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ (ص ۵۰۳ ج ۲) ترجمہ مشکوٰۃ شریف میں حضرت عبداللہ بن مسعود رض سے بروایت امام بخاری مروی ہے۔ انہوں نے فرمایا ہم کئی صحابی جو کھانا کھا رہے تھے۔ ہم نے سنا کہ وہ غذا ہم جو کھا رہے تھے وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی تسبیح کر رہی تھی۔ یعنی وہ کھانا سبحان اللہ سبحان اللہ پڑھ رہا تھا۔

ابونعیم نے دلائل النبوت میں ایک طویل قصہ کے تحت حضرت عبداللہ بن مسعود رض سے روایت کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ رات میرے سامنے چھوارے کے پیڑوں میں سے ایک کالا بادل اٹھا جس سے مجھے خوف ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی کوئی صدمہ نہ پہنچے لیکن آپ کا یہ حکم یاد آنے پر کہ "اس جگہ سے مت ہٹنا"

میں اپنی جگہ جما رہا۔ اور اسی حالت میں میں نے سنا کہ آپؐ نے فرمایا
بیٹھ جاؤ تو وہ سارا بادل بیٹھ گیا۔ اور صبح ہوتے ہوتے وہ پورا بادل
چھٹ گیا۔ صبح کو رسول اللہ کی اس جگہ تشریف آوری پر میں نے
اپنا اندیشہ اور پورا واقعہ سنایا تو سرکار دو عالمؐ نے ارشاد فرمایا
کہ نصیبین کے جن تھے جو مجھ سے ملنے آئے تھے۔
(تفصیل کے لئے دیکھو الکلام المبین مؤلفہ مفتی عنایت احمدؒ
ص ۱۱۱ و ۱۱۲) چونکہ جنات کو دیکھنا خلاف عادات ہے اس لئے اسکو بھی
خوارق میں شمار کیا گیا۔

کرامات حضرت اسید بن حضیر و عباد بن بشر رضی اللہ تعالیٰ عنہما

(۳۷۔۳۸) عَنْ اَنَسٍ عَنْ اُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ وَعَبَّادِ بْنِ بِشْرٍ تَحَدَّثَا
عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَاجَةٍ لَهُمَا حَتّٰى ذَهَبَ مِنَ اللَّيْلِ
سَاعَةٌ فِي لَيْلَةٍ شَدِيْدَةِ الظُّلْمَةِ ثُمَّ خَرَجَا مِنْ عِنْدِ رَسُوْلِ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْقَلِبَانِ وَبِيَدِ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا
عُصَيَّةٌ فَاَضَاءَتْ عَصَا اَحَدِهِمَا لَهُمَا حَتّٰى مَشَيَا فِي ضَوْئِهَا
حَتّٰى اِذَا افْتَرَقَتْ بِهِمَا الطَّرِيْقُ اَضَاءَتْ لِلْاٰخَرِ عَصَاهُ فَمَشٰى
كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا فِي ضَوْءِ عَصَاهُ حَتّٰى بَلَغَ اَهْلَهٗ
رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ (مشکوٰۃ ص ۵۴۴) ترجمہ حضرت انسؓ روایت

کرتے ہیں کہ سرکار دو عالم سے جناب اسید و عباد نے اپنی کچھ ضرورتیں ظاہر کیں جس میں کچھ رات ہو گئی۔ رات بہت ہی تاریک تھی چنانچہ وہ اسی اندھیرے میں اپنے اپنے گھروں کو لوٹے ان کے ہاتھوں میں لاٹھیاں تھیں۔ ان میں سے ایک کی لاٹھی روشن ہو گئی اور لالٹین کا کام دینے لگی جس کی روشنی کی مدد سے دونوں چلنے لگے۔ جب ایک کا رستہ ختم ہو گیا۔ اور دوسرے کو آگے جانا تھا تو اس روشن عصا نے اس دوسرے کی لاٹھی کو بھی روشن کر دیا اور یہ دوسرا بھی اپنے گھر کی طرف روانہ ہو گیا۔ اور یہ دونوں آدمی اپنی اپنی لاٹھی کی روشنی میں اپنے اپنے بال بچوں میں پہنچ گئے اس کو امام بخاری نے بھی بیان کیا ہے۔

اس قصے میں دو کرامتیں ظاہر ہوئیں۔ ایک تو یہ کہ بغیر کسی تیل بتی کے ایک لاٹھی روشن ہو گئی اور دوسری کرامت یہ کہ ایک لاٹھی سے دوسری لاٹھی جس میں کوئی الکٹرک کرنٹ نہیں تھا وہ بھی روشن ہو گئی اور رات کے اندھیرے سے ان دونوں حضرات کو کوئی تکلیف نہ ہوئی۔

کرامات پدر حضرت جابر رضی اللہ عنہما

(۵۱) عَنْ جَابِرٍ قَالَ لَمَّا حَضَرَ اُحُدٌ دَعَانِی اَبِی مِنَ اللَّیْلِ فَقَالَ مَا اُرَانِی اِلَّا مَقْتُوْلًا فِیْ اَوَّلِ مَنْ یُّقْتَلُ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاِنِّی لَا اَتْرُکُ بَعْدِی اَعَزَّ عَلَیَّ مِنْکَ

غَيْرُ نَفْسِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنَّ عَلَيَّ دَيْنًا فَاقْضِ وَاسْتَوْصِ بِاَخَوَاتِكَ خَيْرًا فَاَصْبَحْنَا فَكَانَ اَوَّلَ قَتِيْلٍ وَدَفَنْتُهُ مَعَ اٰخَرَ فِيْ قَبْرٍ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ (مشکوٰۃ صفحہ ۵۴۳) ترجمہ

حضرت جابرؓ روایت کرتے ہیں کہ جنگ احد کے وقت ایک رات مجھے میرے پدر بزرگوار نے طلب کر کے فرمایا کہ اصحاب رسول اللہ کی شہادت میں سب سے اول میری شہادت واقع ہوگی۔ رسول اللہ کے علاوہ مجھے سب سے زیادہ عزیز تم ہو۔ سنو!!! مجھ پر ایک آدمی کا قرضہ ہے وہ تم ادا کر دینا اور میں تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ اپنی بہنوں کے ساتھ بھلائی کرنا۔ صبح کو میں نے دیکھا کہ سب سے پہلے میرے والد ماجد ہی نے جام شہادت نوش فرمایا ہے۔ میں نے ان کو اور ان کے ایک ساتھی کو جگہ کی تنگی کی وجہ ایک ہی قبر میں سپرد خاک کیا۔ اس کو امام بخاری نے بھی بیان کیا ہے۔

یہ الہام کشفی دراصل کرامت ہی کرامت ہے۔

کرامات بعض صحابہ رضی اللہ عنہ

(۷۶) عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا اَرَادُوْا غُسْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا لَا نَدْرِيْ اَنُجَرِّدُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ ثِيَابِهٖ كَمَا نُجَرِّدُ مَوْتَانَا اَمْ نُغَسِّلُهُ وَعَلَيْهِ ثِيَابُهٗ

فَلَمَّا اخْتَلَفُوْا اَلْقَى اللّٰهُ عَلَيْهِمُ النَّوْمَ حَتّٰى مَا مِنْهُمْ رَجُلٌ اِلَّا
وَذَقَنُهٗ فِيْ صَدْرِهٖ ثُمَّ كَلَّمَهُمْ مُكَلِّمٌ مِّنْ نَّاحِيَةِ الْبَيْتِ لَا
يَدْرُوْنَ مَنْ هُوَ اغْسِلُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ
ثِيَابُهٗ فَقَامُوْا فَغَسَلُوْهُ وَعَلَيْهِ قَمِيْصُهٗ يَصُبُّوْنَ الْمَاءَ فَوْقَ
الْقَمِيْصِ وَيُدَلِّكُوْنَهٗ بِالْقَمِيْصِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ

(مشکوٰۃ ص۵۴۷ ج۲) ترجمہ حضرت عائشہ صدیقہ روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ کی وفات شریف پر جب آپ کو غسل دینے کا ارادہ کیا تو صحابہ نے کہا ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ ہم کپڑے اتار کر آپ کو غسل دیں جیسا کہ عام طور پر اپنی میتوں کے ساتھ کرتے ہیں یا کپڑوں سمیت آپ کو نہلائیں اس معاملہ میں اختلاف رائے ہو رہا تھا کہ اللہ نے ان پر نیند کو اس طرح مسلط کر دیا کہ ہر ایک کی ٹھوڑی اس کے سینہ پر ہو گئی یعنی وہ سب سو گئے اور اسی حالت میں مکان کی ایک سمت سے جس کو کہتے ہوئے کسی نے دیکھا نہیں اس نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو کپڑوں سمیت غسل دو۔ پس صحابہؓ نے آپ کو اس طرح نہلایا کہ آپ کے جسد مبارک کو ملتے جاتے تھے۔

دلائل نبوت میں علامہ بیہقیؒ نے بھی یہی بیان کیا ہے۔

کرامات حضرت سفینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(٧٧) عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ اِنَّ سَفِيْنَةَ مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْطَاءَ الْجَيْشَ بِاَرْضِ الرُّوْمِ وَاُسِرَ فَانْطَلَقَ هَارِبًا
يَلْتَمِسُ الْجَيْشَ فَاِذَا هُوَ بِالْاَسَدِ فَقَالَ يَا اَبَا الْحَارِثِ اَنَا مَوْلٰى
رَسُوْلِ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ مِنْ اَمْرِيْ كَيْتَ وَكَيْتَ فَاَقْبَلَ
الْاَسَدُ لَهُ بِصَبْصَةٍ حَتّٰى قَامَ اِلٰى جَنْبِهِ كُلَّمَا يَسْمَعُ صَوْتًا
اَهْوٰى اِلَيْهِ ثُمَّ اَقْبَلَ يَمْشِيْ اِلٰى جَنْبِهِ حَتّٰى بَلَغَ الْجَيْشَ ثُمَّ
رَجَعَ الْاَسَدُ (مشکوٰۃ جلد دوم ص۵۴۵) ترجمہ ابن منکدر روایت

ہے کہ حضرت سفینہ جو رسول اللہ کے غلام تھے ایک مرتبہ سرزمین روم
اپنے اسلامی لشکر کا راستہ بھول گئے وہ رستہ تلاش کر رہے تھے کہ
دشمنان اسلام نے انہیں گرفتار کر لیا۔ ایک دن وہ قید سے بھاگ کر
راستہ ڈھونڈ رہے تھے کہ ان کی ایک شیر سے مڈبھیڑ ہوگئی چنانچہ حضرت
سفینہؓ نے اس شیر کو کنیت سے پکار کر کہا۔ اے ابو الحارث میں رسول اللہ
کا غلام ہوں اور میرے ساتھ ایسا ایسا معاملہ ہوا ہے جنگل کا شیر یہ سن کر
خوشامد میں لگ گیا اور ان کے سامنے کھڑے ہو کر دم ہلانے لگا۔
اور پھر ان کے برابر چلنے لگا۔ اسے جب کوئی آواز سنائی دیتی تو
وہ فوراً ادھر کا رخ کر لیتا اور پھر آپ کے ساتھ بغل میں چلنے لگتا
جب حضرت سفینہؓ اپنے اسلامی لشکر میں پہنچ گئے تو شیر اُلٹو

پہنچا کر واپس لوٹ گیا۔

اس واقعہ کو کتاب شرح السنۃ میں بھی بیان کیا گیا ہے۔

کرامت سیدتنا ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

(۷۸) عَنْ اَبِی الْجَوْزَاءِ قَالَ قُحِطَ اَهْلُ الْمَدِیْنَةِ قَحْطًا شَدِیْدًا فَشَكَوْا اِلٰی عَائِشَةَ فَقَالَتْ اُنْظُرُوْا قَبْرَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاجْعَلُوْا مِنْهُ كُوًی اِلَی السَّمَاءِ حَتّٰی لَا یَكُوْنَ بَیْنَهٗ وَبَیْنَ السَّمَاءِ سَقْفٌ فَفَعَلُوْا فَمُطِرُوْا مَطَرًا حَتّٰی نَبَتَ الْعُشْبُ وَسَمِنَتِ الْاِبِلُ حَتّٰی تَفَتَّقَتْ مِنَ الشَّحْمِ فَسُمِّیَ عَامَ الْفَتْقِ رَوَاهُ الدَّارِمِیُّ

(مشکوٰۃ ص۵۴۵ ج۲) ترجمہ۔ حضرت ابوالجوزاءؒ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ مدینہ منورہ میں سخت کال آیا تو ان قحط زدہ لوگوں نے حضرت عائشہ صدیقہؓ سے جا کر کہا کہ اس قحط سے ہم لوگ بہت پریشان ہو گئے ہیں اس پر بی بی عائشہؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ کے مزار مبارک کی طرف دیکھو اور گنبد خضرا میں آسمان کی طرف کو ایک بڑا سوراخ کر دو تاکہ دونوں کے بیچ میں کوئی چیز حائل نہ رہے۔ ان لوگوں نے ایسا ہی کیا تھا کہ خوب بارش ہوئی۔ اتنا مینہ پڑا کہ گھاس جم آئی اور اونٹ اتنے موٹے ہوئے کہ چربی کی وجہ سے پھٹ پڑے اور اس سال کا نام عام فتق رکھا گیا۔

اس قصہ کو دارمیؒ نے بھی بیان کیا ہے۔

(۷۹) فِیْ قِصَّةٍ طَوِیْلَةٍ فَقَالَ رَاٰی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

يَا أُمَّ سَلَمَةَ لَا تُؤْذِينِي فِي عَائِشَةَ فَإِنَّهُ وَاللّٰهِ مَا نَزَلَ عَلَيَّ الْوَحْيُ وَ أَنَا فِي لِحَافِ امْرَأَةٍ مِنْكُنَّ غَيْرَهَا (اسد الغابہ صہ۵ مصری)

ترجمہ ایک طویل قصہ کے تحت درج ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا۔ اے ام سلمہؓ تم عائشہؓ سے کوئی برا برتاؤ کرکے مجھے تکلیف نہ پہنچاؤ۔ اللہ کی قسم بی بی عائشہؓ کے پاس لیٹنے کی حالت میں مجھ پر اللہ کی وحی آتی رہی اُنکے سوائے کسی دوسری بی بی کے پاس لیٹے رہنے کی حالت میں کوئی وحی نہیں آئی۔ اور وہ تم سب میں ایک اچھی خاتون ہیں۔

اللہ اللہ حضرت بی بی عائشہؓ صدیقہؓ کی کرامت اور بزرگی کو ملاحظہ فرمایئے کہ آپ کو کوئی بات ناگوار ہونے سے سرکار دوجہاں کو صدمہ ہوتا ہے۔ اور واقعہ بھی یہی ہے کہ ایک دیندار کی تکلیف و اذیت کی دوسرے دینداروں کو رنج، دکھ، غم اور اندوہ و ملال ہوا ہی کرتا ہے۔

(۸۰) قَالَ أَبُو سَلَمَةَ أَنَّ عَائِشَةَ رَضِيَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا يَا عَائِشَةُ هٰذَا جِبْرِيْلُ يَقْرَؤُكِ السَّلَامَ فَقُلْتُ وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ تَرَىٰ مَا لَا أَرَىٰ۔

(اسد الغابہ صہ۱۹۵) ترجمہ ابو سلمہؓ نے بروایت حضرت عائشہؓ بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن فرمایا۔ اے عائشہؓ یہ جبرئیل تم کو سلام کر رہے ہیں میں نے جواباً کہا ان پر اللہ کی سلامتی، رحمتیں اور برکتیں ہوں۔ اے حضور آپ ان کو دیکھتے ہیں اور میں نہیں دیکھ سکتی۔

یعنی جس طرح سرکار دو عالم کے ذریعہ حضرت جبرئیل نے سلام کہلوایا اسی طرح ان کو حضرت عائشہ صدیقہؓ نے جواب بھجوایا اور چونکہ عورت کسی مرد کو نہیں دیکھتی ہے اس لئے آپؓ نے بھی ان کو جھانکا تاکا نہیں۔

اس حدیث سے بھی حضرت عائشہؓ صدیقہؓ کا عالم بالا کے ساتھ جس اعلیٰ درجہ کا تعلق ظاہر ہوا کہ فرشتے تک آپؓ کو سلام کرتے تھے۔ یہ بھی آپ کی کرامت ہے۔

کرامات سیدتنا حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۱۸) عَنْ خَدِیْجَۃَ اَنَّھَا قَالَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا ابْنَ عَمِّ ھَلْ تَسْتَطِیْعُ اَنْ تُخْبِرَنِیْ بِصَاحِبِکَ الَّذِیْ یَاْتِیْکَ اِذَا جَاءَکَ قَالَ نَعَمْ فَبَیْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عِنْدَھَا اِذْ جَاءَہٗ جِبْرِیْلُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھٰذَا جِبْرِیْلُ قَدْ جَاءَنِیْ فَقَالَتْ اَتَرَاہُ الْاٰنَ قَالَ نَعَمْ قَالَتْ اِجْلِسْ عَلٰی شِقِّیَ الْاَیْسَرِ فَجَلَسَ قَالَتْ ھَلْ تَرَاہُ الْاٰنَ قَالَ نَعَمْ قَالَتْ فَاجْلِسْ عَلٰی شِقِّیَ الْاَیْمَنِ فَجَلَسَ فَقَالَتْ ھَلْ تَرَاہُ الْاٰنَ قَالَ نَعَمْ قَالَتْ فَتَحَوَّلْ فَاجْلِسْ فِیْ حِجْرِیْ فَتَحَوَّلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَجَلَسَ فَقَالَتْ ھَلْ تَرَاہُ قَالَ نَعَمْ قَالَ

فَتَحَسَّرَتْ وَأَلْقَتْ خِمَارَهَا فَقَالَتْ هَلْ تَرَاهُ قَالَ لَا قَالَتْ مَا هٰذَا شَيْطَانٌ إِنَّ هٰذَا الْمَلَكُ يَا ابْنَ عَمِّ اثْبُتْ وَأَبْشِرْ ثُمَّ آمَنَتْ بِهٖ وَشَهِدَتْ أَنَّ الَّذِيْ جَآءَ بِهِ الْحَقُّ (اسد الغابہ ص۴۳۵ ج ۵) ترجمہ حضرت خدیجہ الکبریٰ نے رسول اللہ سے عرب کی عادت کے موافق کی مخاطب کو چچا کے بیٹے یا بھتیجے سے خطاب کرتے ہیں اگرچہ درحقیقت یہ رشتہ نہ بھی ہو کہا اے میرے چچا کے بیٹے!! آپ کے وہ دوست جو آپ کے پاس ہمیشہ آتے ہیں یعنی جبرئیل امین اب جو آئیں تو مجھے ان کے آنے کی اطلاع دے سکتے ہیں؟ آپ نے جواب دیا ہاں۔ ابھی آپ حضرت خدیجہؓ کے پاس ہی تھے کہ جبرئیل کے آجانے کی آپ نے ان کو اطلاع کر دی۔ حضرت خدیجہؓ نے کہا کہ اسوقت آپ ان کو دیکھ رہے ہیں آپؐ نے کہا ہاں۔ اس پر حضرت خدیجہؓ نے کہا آپؐ ذرا میرے بائیں جانب بیٹھ جائیے۔ جب سرکار دوعالمؐ بائیں جانب بیٹھ گئے تو حضرت خدیجہؓ نے پوچھا کہ کیا اب آپؐ ان کو دیکھ رہے ہیں آپؐ نے کہا ہاں۔ اس پر حضرت خدیجہؓ نے کہا تو ذرا اب میرے سیدھی طرف تشریف رکھئے۔ آپ بی بی کی سیدھی طرف آبیٹھے تو حضرت خدیجہؓ نے پھر پوچھا کیا اب بھی آپ ان کو دیکھ رہے ہیں آپؐ نے فرمایا ہاں۔ اس پر آپؓ نے کہا اچھا حضور اب ذرا میری گود کی طرف آجائیے۔ جب آپ اُدھر آگئے تو پھر انھوں نے پوچھا کیا آپ بھی آپ ان کو دیکھ رہے ہیں آپ نے فرمایا ہاں۔ اس کے بعد بی بی خدیجہؓ نے اپنے سر سے

وہ پٹکا اتارا اور سر کو کھول کر پوچھا کیا اب بھی دیکھ رہے ہیں آپ نے
فرمایا اب تو نہیں۔ اس پر خدیجۃ الکبریٰؓ نے کہا یہ شیطان نہیں ہے بلکہ
درحقیقت فرشتہ ہے۔ اب مطلق نہ گھبرائیں اور حق پر ثابت قدم رہیں اور خوش ہوجایئے
کہ نبوت جیسی نعمت سے آپکو سرفراز فرمایا گیا۔ اس کے بعد حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ
آپ پر ایمان لائیں اور اس بات کی شہادت دی کہ آپ جو کچھ خدا کے
پاس سے لائے ہیں وہ بالکل سچ ہے۔

چونکہ ابتدائے نزول وحی میں سرکار کو کچھ گھبراہٹ ہونے پر
حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ نے آپ کو تسکین وتسلی دی تھی تاکہ طبیعت کو
قرار آجائے اور اس مرتبہ بھی اپنی فطرت کو کام میں لائیں۔ تسلی دینے والا
تسلی دینے کی وجہ جس کو وہ تسلی دے اس سے کبھی بھی وہ افضل واعلیٰ
نہیں بن سکتا۔ بلکہ ایک چھوٹا اپنے بڑے کو اس لئے بھی تسلی دیتا ہے
کہ اس کو اس کے امور مستحضر اور یاد آجائیں۔ اس حدیث سے حضرت
خدیجۃ الکبریٰؓ کا یہ برتاؤ بذریعہ الہام ہونا ثابت ہے۔

خوب اچھی طرح سمجھ لیا جائے کہ عقل وسمجھ کے ذریعہ ہرگز ایسے لطیف
اور دقیق امور کا استفادہ نہیں ہوسکتا بلکہ یہ تمام کیفیات الہام کے
ذریعہ پیدا ہوتی ہیں۔ اور الہام نام ہے خرق عادت اور کرامت کا۔

(۸۲) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ یَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
اَتَانِیْ جِبْرِیْلُ عَلَیْهِ السَّلَامُ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذِهٖ خَدِیْجَةُ قَدْ
اَتَتْكَ مَعَهَا اِنَاءٌ فِیْهِ اِدَامٌ اَوْ طَعَامٌ اَوْ شَرَابٌ فَاِذَا هِیَ اَتَتْكَ

فَاَقْرَأْ عَلَيْهَا السَّلَامَ وَمِنْ رَبِّهَا وَمِنِّيْ وَبَشِّرْهَا بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ لَا صَخَبَ فِيْهِ وَلَا نَصَبَ (اسد الغابہ ص ۴۳۴ ج ۵) ترجمہ

حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ سرور عالم نے فرمایا کہ جبریل نے مجھ سے آکر کہا کہ یارسول اللہ آپ کے پاس بی بی خدیجہؓ آرہی ہیں اور ان کے ہاتھ میں جو برتن ہے اس میں سالن کھانے کی چیز اور کچھ پینے کی چیز ہے جب وہ آپ کے پاس آجائیں تو ان سے میرا سلام کہدیجئے کہ اللہ میاں نے آپ کو سلام کہا ہے کہ آپ خوش ہوجائیے آپ کے لئے جنت میں ایسا مکان ہے جو موتیوں کا بنا ہوا ہے جہاں کوئی شور وغل نہیں ہے اور کوئی تکلیف نہیں ہے۔

حضرت جبریل کا حضرت خدیجہؓ کو اللہ تعالیٰ کا سلام لے کر آنا آپؓ کی بزرگی اور اللہ تعالیٰ سے پکے لگاؤ کی کھلی دلیل ہے۔ چونکہ عام طور پر بندوں سے اللہ بزرگ برتر کا یہ برتاؤ نہیں ہے۔ اور یہ تمام خرق عادات آپ کی کرامتیں تھیں۔

کرامات سیدتنا النساء حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا

(۸۳) عَنْ اُمِّ سَلْمٰی قَالَتْ اشْتَكَتْ فَاطِمَةُ شَكْوَاهَا الَّتِي قُبِضَتْ فِيهَا فَكُنْتُ اُمَرِّضُهَا فَاَصْبَحَتْ يَوْمًا كَاَمْثَلِ مَا رَاَيْتُهَا فِي شَكْوَاهَا تِلْكَ قَالَتْ وَخَرَجَ عَلِيٌّ لِبَعْضِ حَاجَتِهِ فَقَالَتْ يَا اُمَّهْ اسْكُبِي لِي غُسْلًا فَسَكَبْتُ لَهَا غُسْلًا فَاغْتَسَلَتْ كَاَحْسَنِ مَا رَاَيْتُهَا تَغْتَسِلُ ثُمَّ قَالَتْ يَا اُمَّهْ اَعْطِينِي ثِيَابِيَ الْجُدُدَ فَاَعْطَيْتُهَا فَلَبِسَتْهَا ثُمَّ قَالَتْ يَا اُمَّهْ اجْعَلِي لِي فِرَاشِي وَسْطَ الْبَيْتِ فَفَعَلْتُ فَاضْطَجَعَتْ وَاسْتَقْبَلَتِ الْقِبْلَةَ وَجَعَلَتْ يَدَهَا تَحْتَ خَدِّهَا ثُمَّ قَالَتْ يَا اُمَّهْ اِنِّي مَقْبُوضَةٌ الْآنَ وَقَدْ تَطَهَّرْتُ الْآنَ فَلَا يَكْشِفُنِي اَحَدٌ فَقُبِضَتْ مَكَانَهَا قَالَتْ فَجَاءَ عَلِيٌّ فَاَخْبَرْتُهُ ۔ اسد الغابہ ابی نعیم والی موسیٰ ص ۵۹۰ ج ۵، ترجمہ حضرت ام سلمٰی نے بیان کیا کہ حضرت فاطمہؓ ایسی بیماری میں مبتلا ہوئیں جس میں ان کو موت آگئی وہ بیمار تھیں اور میں تیمار دار تھی۔ ایک دن صبح سویرے میں نے انہیں دیکھا کہ انکو افاقہ نظر آ رہا تھا اور حضرت علیؓ کسی کام سے باہر گئے ہوئے تھے کہ حضرت فاطمہ نے کہنے پر۔

اے اماں۔ میں نہانا چاہتی ہوں میرے لئے نہانے کا پانی انڈیل دو۔ میں نے پانی تیار کر دیا اور جس طرح وہ تندرستی میں نہاتی تھیں ویسے ہی خوب نہائیں پھر انھوں نے نئے کپڑے مانگے میں نے اُن کو

کپڑے بھی دیدیئے جو انھوں نے خود پہن کر کہا۔ امّی اب ذرا آپ میرے
نئے گھر کے بیچوں بیچ بچھونا بچھا دیجئے میں نے یہ بھی کر دیا۔ بس وہ بستر پر
جا لیٹیں اور قبلہ کی طرف منہ کر کے اپنا ایک ہاتھ اپنے گال کے نیچے رکھ کر
کہا اے امّی جان۔ اب میں اللہ تعالیٰ سے ملنے جا رہی ہوں اور بالکل
پاک ہوں۔ اب کوئی بلا ضرورت مجھے کھولے نہیں۔ اس کے بعد ان کی رُوح
پرواز کر گئی۔ اور حضرت علی کے آنے کے بعد پورا واقعہ میں نے ان سے
کہہ سنایا۔

حضرت فاطمہؓ کے مناقب و فضائل اور تفصیل حالات کتاب مناقب
فاطمہؓ مولفہ احمد حسن صاحب سنبھلی میں ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔

امام احمد بن حنبلؒ نے مسند حنبلؒ میں حضرت ابو نعیمؒ سے روایت کی
ہے کہ بی بی فاطمہؓ کو کپڑے دینے اور ان کا بستر بچھانے والی خاتون
کا نام زوجہ ابی رافع ہے۔ ہمیں تو اس کرامت کے ضمن میں یہ بتانا
ہے کہ حضرت خاتون جنتؓ کو جو مرض الموت میں تھیں ان کو قرب موت کا
کشف الہامی ہوا چنانچہ وہ تندرستوں کی طرح نہا دھو۔ نئے کپڑے
بدل اللہ سے ملنے کے لئے تیار ہو گئیں جو ان کی کرامت ہے۔

کتاب اسد الغابہ جلد پنجم صفحہ ۵۲۲ پر لکھا ہے کہ حضرت فاطمہؓ کے
اس طرح غسل سے آپ کا ارادہ یہ نہیں تھا کہ آپ کو غسل میت
نہ دیا جائے جیسا کہ ایک دوسری روایت میں حضرت اسمٰعیل سے مروی
ہے کہ حضرت فاطمہؓ نے کہا جب میں مر جاؤں تو اے اسماء تم اور علیؓ مجھے

نہلائیں اور ان کے سوا میرے غسل میں کوئی ہاتھ نہ لگائے۔

الحاصل آپ کو مرنے سے پہلے اپنی موت کا الہام ہوا جو آپ کی کرامت ہے۔

(۸۴) عَنْ عَلِیٍّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِذَا کَانَ یَوْمُ الْقِیٰمَۃِ نَادٰی مُنَادٍ مِنْ وَّرَآءِ الْحِجَابِ یَآ اَھْلَ الْجَمْعِ غُضُّوْا اَبْصَارَکُمْ عَنْ فَاطِمَۃَ بِنْتِ مُحَمَّدٍ حَتّٰی تَمُرَّ (اسد الغابۃ ص۵۲۳ ج ۵)

ترجمہ۔ حضرت علی کہتے ہیں رسول اللہ نے فرمایا کہ قیامت کے دن ایک پکارنے والا پردہ کے پیچھے سے پکار کر کہے گا۔ اے حاضرین!! اپنی آنکھیں بند کر لو۔ اس لئے کہ حضرت فاطمۃ الزہرا بنت رسول اللہ ادھر سے گزر رہی ہیں۔ اللہ اللہ آپ کی بزرگی اور بلندی درجات کہ قیامت کے دن بھی۔ آپ کی یہ عزت ہوگی کہ آپ کی خاطر داری کے لئے الگ الگ احکام جاری ہوتے رہیں گے۔

(۸۵) عَنْ عَلِیٍّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لِفَاطِمَۃَ اِنَّ اللّٰہَ یَغْضَبُ لِغَضَبِکِ وَ یَرْضٰی لِرِضَاکِ (اسد الغابۃ ص۵۲۲)

ترجمہ۔ حضرت علی کا بیان ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا۔ اے فاطمۃ تمہاری خفگی سے اللہ تعالیٰ غضبناک ہو جاتا ہے اور تمہاری رضا مندی سے اللہ تعالیٰ خوش ہو جاتا ہے۔ یعنی تم اگر کسی سے ناراض ہو جاؤ اور اس سے خفا ہو تو اللہ تعالیٰ بھی غضبناک ہو کر اس شخص پر قہر و غضب کی بجلیاں گراتا ہے کیونکہ تم کسی سے ناحق ناراض نہیں ہوتی ہو۔ الا جس سے تم

رضامند ہوتی ہو تو اللہ تعالیٰ بھی اس سے راضی ہو کر اس پر اپنے انعام و اکرام کے بادل برساتا ہے۔ کیونکہ تم بے موقع و محل کسی سے راضی و خوش ہوتی نہیں ہو تمہارا غصہ اور تمہاری رضامندی سب کچھ اللہ واسطے ہے، اس لئے تم کو اللہ تعالیٰ نے اتنی عزت دی ہے اور تمہارے رتبہ کو بلند کیا ہے۔

اس حدیث سے یہ بھی ثابت ہوا کہ حضرت فاطمہؓ کی رضا اللہ پاک کی خوشنودی اور آپ کی خفگی اللہ تعالیٰ کا غضب قرار دیا گیا اس لئے کہ ان کا کوئی کام اللہ تعالیٰ کے سوائے کسی دوسرے کیلئے نہیں تھا سب لوگ اور خصوصاً عورتیں حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے قدم بہ قدم چل کر اپنا رتبہ اونچا کر سکتی ہیں۔ بس عمل کی دیر ہے۔

(۸۶) عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ فِیْ قِصَّۃٍ طَوِیْلَۃٍ فَانْطَلَقَ مُنْطَلِقٌ اِلٰی فَاطِمَۃَ فَاَقْبَلَتْ تَسْعٰی وَثَبَتَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَاجِدًا حَتّٰی اَلْقَتْہُ عَنْہُ وَاَقْبَلَتْ عَلَیْھِمْ تَسُبُّھُمْ اَلْخ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ (اشعۃ اللمعات ص۵۲۴ج۴ مصطفائی) ترجمہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے ایک طویل قصہ میں بیان کیا ہے کہ ایک مرتبہ جبکہ رسول اللہؐ نماز میں مشغول تھے تو کافروں نے سجدہ کی حالت میں نجاست ڈال دی اور آپؐ کا مذاق اڑانے لگے میں نے ان کافروں کو سمجھایا لیکن وہ ماننے کے بجائے الٹا برہم ہو گئے اور فساد ہونے ہی کو تھا کہ میں نے خود کو اکیلا پا کر اس واقعہ کی اطلاع حضرت فاطمہؓ کو دیدی تاکہ ان کی صغر سنی پر بھی یہ ظالم اپنی

حرکتوں سے باز آجائیں حضرت فاطمہؓ اگرچہ چھوٹے عمر کی لڑکی تھیں لیکن انھوں نے میری گفتگو کو نہایت غور سے سُنا اور پھر دوڑتی ہوئی جا کر رسول اللہؐ پر سے جبکہ آپؐ ابھی تک سجدہ ہی کی حالت میں تھے اس نجاست کو اٹھا کر دور پھینک دیا۔ اور ان کافروں سے خوشامد کی کوئی بات کئے بغیر نہایت دلیرے گفتگو کر کے ان کو خوب خوب صلواتیں سنائیں۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہٗ نے اس حدیث کی جو شرح کی ہے اس کا ترجمہ حسب ذیل ہے۔

حضرت فاطمہؓ کی اس عالی ہمتی اور قوت گفتار سے ان کی بزرگی اور کرامت ظاہر ہوتی ہے کہ آپ نے بچپن کے باوجود نہایت دلیری سے دشمنوں کو گالیاں دیں اور ان ظالموں کو آپؐ سے تعرض و مقابلہ کی ہمت ہی نہ ہوئی۔ (اھ۔ جلد چہارم صفحہ) کوئی دشمن غصہ کی حالت میں اپنے مخالف کے بچہ کی سخت و سست گفتگو اور گالیوں کو کبھی بھی اس لئے یہ کہہ کر نہیں ٹال سکتا کہ جانے دو بچہ ہے۔ اس کی گالیاں ہی کیا بلکہ وہ اور بھی برسرپیکار ہو جاتا ہے۔ اور یہ گالیاں ایک نئی لڑائی کا پیش خیمہ ہو جاتی ہیں۔ چہ جائیکہ مسلمان کے پکے دشمن یہ ظالم کافر جو لڑکیوں کو زندہ دفن کرنے کے عادی تھے حضرت فاطمہؓ کے بچپن کی وجہ آپ کی گالیوں سے خاموش نہ بیٹھے بلکہ آپ کی دلیرانہ گفتگو کے سبب اللہ تعالیٰ نے ان ظالم کافروں کا منہ بند کر دیا۔

الحاصل حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا بڑی بزرگ

شخصیت تھیں اور آپؓ کی بہت سی کرامتیں ہیں ۔

(۷۸) عن البراءؓ قال کان رجل یقرأ سورۃ الکہف و إلی جانبہ حصان مربوط بشطنین فتغشتہ سحابۃ فجعلت تدنو وتدنو وجعل فرسہ ینفر فلما أصبح أتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فذکر ذلک لہ فقال تلک السکینۃ تنزلت بالقرآن متفق علیہ (مشکوٰۃ ص۱۸۴)

ترجمہ حضرت براءؓ کہتے ہیں کہ ایک آدمی کے برابر میں مضبوط رسیوں سے ایک گھوڑا بندھا ہوا تھا۔ اور یہ آدمی سورہ کہف کی تلاوت کر رہا تھا کہ اتنے میں ایک ابر اٹھا اور وہ گھوڑے پر بھی چھا گیا۔

گھوڑا بدک رہا تھا اور بادل برابر بڑھتا جا رہا تھا۔ اس قصہ کا تذکرہ جب صبح کو رسول اللہ سے کیا تو آپؐ نے فرمایا کہ سیاہ بادل نہیں تھا۔ بلکہ تلاوت قرآن کریم کی وجہ طمانیت و سکون کے فرشتے نازل ہوئے تھے ۔

کرامت حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(٨٨) عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ ن الْخُدْرِیِّ اَنَّ اُسَیْدَ بْنَ حُضَیْرٍ قَالَ بَیْنَمَا هُوَ
یَقْرَأُ مِنَ اللَّیْلِ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ وَفَرَسُهٗ مَرْبُوْطَةٌ عِنْدَهٗ اِذْ جَالَتِ
الْفَرَسُ فَسَکَتَ فَسَکَنَتْ فَقَرَأَ فَجَالَتْ فَسَکَتَ فَسَکَنَتْ ثُمَّ قَرَأَ
فَجَالَتِ الْفَرَسُ فَانْصَرَفَ وَکَانَ ابْنُهٗ یَحْیٰی قَرِیْبًا مِنْهَا فَاَشْفَقَ اَنْ
تُصِیْبَهٗ وَلَمَّا اَخَّرَهٗ رَفَعَ رَاْسَهٗ اِلَی السَّمَآءِ فَاِذَا مِثْلُ الظُّلَّةِ فِیْهَا اَمْثَالُ
الْمَصَابِیْحِ فَلَمَّا اَصْبَحَ حَدَّثَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِقْرَأْ
یَا ابْنَ حُضَیْرٍ اِقْرَأْ یَا ابْنَ حُضَیْرٍ قَالَ فَاَشْفَقْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنْ
تَطَأَ یَحْیٰی وَکَانَ مِنْهَا قَرِیْبًا فَانْصَرَفْتُ اِلَیْهِ وَرَفَعْتُ رَاْسِیْ اِلَی السَّمَآءِ
فَاِذَا مِثْلُ الظُّلَّةِ فِیْهَا اَمْثَالُ الْمَصَابِیْحِ فَخَرَجْتُ حَتّٰی لَا اَرَاهَا قَالَ
وَتَدْرِیْ مَا ذَاكَ قَالَ لَا قَالَ تِلْكَ الْمَلٰٓئِکَةُ دَنَتْ لِصَوْتِكَ وَلَوْ قَرَأْتَ
لَاَصْبَحَتْ یَنْظُرُ النَّاسُ اِلَیْهَا لَا تَتَوَارٰی مِنْهُمْ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ
وَاللَّفْظُ لِلْبُخَارِیِّ ۔۔۔۔۔۔۔ (مشکوٰۃ ص ۱۸۴) ترجمہ حضرت
ابو سعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ اسید بن حضیرؓ نے کہا کہ وہ خود ایک رات
سورۂ بقرہ کی تلاوت کر رہے تھے اور ان کا گھوڑا ان کے پاس بندھا ہوا
تھا وہ دفعتاً کودا تو یہ خاموش ہو گئے اور وہ گھوڑا بھی ٹھہر گیا اور جب
وہ تلاوت کرنے لگے تو گھوڑے نے پھر جولانی دکھائی تو یہ پھر چپ ہو گئے
اور وہ گھوڑا بھی خاموش کھڑا ہو گیا۔ پھر پڑھنے لگے تو تیسری مرتبہ اس گھوڑے

ٹاپیں مارنا شروع کر دیں تو یہ قرآن شریف پڑھنا چھوڑ کر وہاں سے اس لئے
ہٹ گئے کہ گھوڑا ان کے چھوٹے لڑکے یحییٰ کو جو اس کے پاس ہی بیٹھا تھا کہیں
لات نہ مار دے جس سے بچے کو کوئی نقصان پہنچ جائے انھوں نے اپنے
لڑکے کو وہاں سے اٹھا کر اپنا سر جو اونچا کیا تو کیا دیکھتے ہیں کہ آسمان پر
سائبان کی طرح ایک چیز ہے جس میں چراغ جل رہے ہیں ۔ صبح کو
یہ واقعہ رسول اللہؐ کو سنایا تو آپؐ نے فرمایا تم پڑھے جاتے اور
برابر پڑھتے رہتے ۔ میں اس بات سے ڈر گیا کہ میرا بیٹا یحییٰ جو گھوڑے
کے قریب ہی تھا کہیں اس کو کوئی نقصان نہ ہو جائے ۔ اسی لئے میں
نے تلاوت چھوڑ اپنے ۔ بچے کی طرف رخ کیا اور اتفاقاً آسمان کی
طرف سر اٹھانے پر اس سائبان کو دیکھا جس میں لیمپ روشن تھے ۔
میں یحییٰ کو وہاں سے ہٹا کر نکلا تو میں نے پھر وہ سائبان وغیرہ کچھ نہ دیکھا
اس پر سرکار کونینؐ نے ارشاد فرمایا ۔ تم جانتے ہو وہ کیا تھا میں نے
عرض کیا جی نہیں ۔ آپؐ نے فرمایا وہ فرشتے تھے جو تمہاری آواز کے
قریب آ رہے تھے اگر تم قرآن کریم مسلسل اور برابر پڑھتے رہتے
تو صبح کو تمام لوگ ان کو دیکھتے اور وہ کسی کی آنکھ سے چھپے نہ رہتے
یعنی ہر ایک کو دکھائی دیتے ۔

بخاری شریف کی اس متفق علیہ حدیث کو مسلم میں بھی درج
کیا گیا ہے ۔

کرامت بعض اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم

(۸۹) عن ابن عباسؓ قال ضرب بعض اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم خباءہ علی قبر وھو لا یحسب انہ قبر فاذا فیہ انسان یقرأ سورۃ تبارک الذی بیدہ الملک حتی ختمھا فاتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاخبرہ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ھی المنجیۃ تنجیہ من عذاب اللہ رواہ الترمذی (مشکوٰۃ ص۱۸۸ ج۱) ترجمہ حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں بعض اصحابؓ نے اپنا خیمہ اس جگہ لگایا جہاں ایک قبر تھی جو انہیں معلوم نہ تھی۔ اور اس قبر کے مردے نے سورہ تبارک الذی پڑھ کر پوری کی۔

ان اصحابؓ نے رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہوکر پورا واقعہ بیان کیا۔ چنانچہ سرورِ عالم نے ارشاد فرمایا سورۂ تبارک الذی انسان کو برائیوں سے روکنے والی اور سختیوں سے بچانے والی ہے اس سورۃ نے اس قبر والے کو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے نجات دلائی۔ اس واقعہ کو امام ترمذیؒ نے بھی بیان کیا ہے

اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ بعض اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جیتے جاگتے اس قبر والے کی آواز نی اس کی حالت کو اپنی آنکھوں دیکھا جو خرق عادت و کرامت ہے

کرامت حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۹۰) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ فِیْ حَدِیْثٍ طَوِیْلٍ فَقَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا فَعَلَ اَسِیْرُكَ قُلْتُ زَعَمَ اَنَّهٗ یُعَلِّمُنِیْ کَلِمٰتٍ یَنْفَعُنِی اللّٰهُ بِهَا قَالَ اَمَا اِنَّهٗ صَدَقَكَ وَهُوَ کَذُوْبٌ وَتَعْلَمُ مَنْ تُخَاطِبُ مُنْذُ ثَلٰثِ لَیَالٍ قُلْتُ لَا قَالَ ذَاكَ شَیْطَانٌ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ (مشکوٰۃ ص۱۸۵ ج۱) ترجمہ حضرت ابو ہریرہؓ ایک طویل قصہ کے ماتحت کہتے ہیں کہ مجھ سے رسول اللہؐ کے فرمانے پر کہ تمہارے قیدی نے کیا کیا! میں نے عرض کیا کہ حضور اس کا ارادہ ہے کہ وہ مجھے فائدے ہوں گے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا یاد رکھو!! جو کچھ اس نے کہا وہ تو ٹھیک ہے اور تم تین راتوں سے جس سے باتیں کر رہے ہو جانتے ہو وہ کون ہے، میں نے عرض کیا حضور میں تو پوری پوری اس کی حقیقت نہیں جانتا اس پر رسول اللہ نے فرمایا وہ مردود شیطان ہے۔

امام بخاری نے اس سالم حدیث کو مشکوٰۃ شریف میں بیان کیا ہے لیکن ضرورت کے موافق اس کا تھوڑا سا وہ مضمون یہاں نقل کر دیا ہے جس میں حضرت ابو ہریرہؓ کا مردود شیطان کو گرفتار کر لینا مذکور ہے شیطان کی گرفتاری یہ خرق عادت اور کرامت ہے۔

کرامت حضرت ربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۹۱) عَنْ رِبْعِیِّ بْنِ حِرَاشٍ قَالَ کُنَّا اَرْبَعَةَ اِخْوَةٍ وَکَانَ الرَّبِیْعُ
اَخُوْنَا اَکْثَرَنَا صَلٰوۃً وَاَکْثَرَنَا صِیَامًا فِی الْهَوَاجِرِ وَاِنَّهٗ تُوُفِّیَ بَیْنَنَا وَ
نَحْنُ حَوْلَهٗ وَبَعَثْنَا مَنْ یَّبْتَاعُ لَهٗ کَفَنًا اِذْ کَشَفَ الثَّوْبَ عَنْ وَجْهِهٖ
فَقَالَ السَّلَامُ عَلَیْکُمْ فَقَالَ الْقَوْمُ وَعَلَیْکَ السَّلَامُ یَا اَخَا عَبْسٍ
اَبَعْدَ الْمَوْتِ قَالَ نَعَمْ اِنِّیْ لَقِیْتُ رَبِّیْ عَزَّ وَجَلَّ بَعْدَکُمْ فَلَقِیْتُ رَبًّا
غَیْرَ غَضْبَانَ فَاسْتَقْبَلَنِیْ بِرَوْحٍ وَّرَیْحَانٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ اَلَا وَاِنَّ
اَبَا الْقَاسِمِ صلعم یَنْتَظِرُ الصَّلٰوۃَ عَلَیَّ فَعَجِّلُوْنِیْ وَلَا تُؤَخِّرُوْنِیْ ثُمَّ
کَانَ بِمَنْزِلَةِ حَصَاةٍ رُمِیَ بِهَا فِیْ طَسْتٍ فَنُمِیَ الْحَدِیْثُ اِلٰی عَائِشَةَ
فَقَالَتْ اَمَا اِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ یَتَکَلَّمُ
رَجُلٌ مِّنْ اُمَّتِیْ بَعْدَ الْمَوْتِ (رَوَاهُ فِی الْحِلْیَةِ) الرحمۃ المهداۃ

مطبوعہ فاروقی دہلی ص۳۲) ترجمہ حضرت ربعی بن حراش کہتے ہیں کہ ہم
چار بھائی تھے اور ہمارے بڑے بھائی حضرت ربیع رضی اللہ عنہ بڑے نمازی اور بڑے
روزہ دار تھے۔ سردیوں گرمیوں میں بھی وہ نفلیں پڑھتے اور روزے
رکھتے تھے جب ان کا انتقال ہوا تو ہم سب ان کے آس پاس اکٹھا
تھے۔ اور ہم ان کے لئے کفن کا کپڑا لینے آدمی بھی بھیج چکے تھے کہ ایک
مرتبہ انہوں نے اپنے منہ سے کپڑا ہٹا کر کہا۔ السلام علیکم۔ ہم لوگ
جو عبسی قوم کے ہیں جواب دیا وعلیکم السلام برادران عبس کیا موت کے بعد

بھی تم بات چیت کرتے ہو!

حضرت ربیعؓ نے جواب دیا۔ ہاں۔ تم سے جدا ہو کر جیب میں پروردگارِ عالم سے ملا۔ تو میں نے اسے غضبناک نہیں دیکھا۔ اس نے مجھ پر رحمتوں کے بادل برسا کر جنت کی خوشبوئیں، جنت کی روزی جنت کے لباس اور دبیز ریشمی کپڑے مرحمت فرمائے۔ سنو! حضرت ابوالقاسم رحمۃ للعالمین میری نماز پڑھانے کے لئے منتظر ہیں۔ بس اب دیر مت لگاؤ۔ اور جلدی کرو۔ اس کے بعد وہ اس طرح ہو گئے جیسے کسی طشت میں ایک کنکری گر جائے یعنی تھوڑی دیر کے لئے ان کی زبان نے حرکت کی اور پھر وہ بالکل خاموش اور بے جان ہو گئے۔ اور پھر ان کے کفن دفن کا انتظام کیا گیا۔

یہ قصہ جب عائشہ صدیقہ کو سنایا گیا تو آپ نے فرمایا۔ ہاں مجھے یاد ہے۔ ایک خود رسول اللہؐ نے فرمایا تھا کہ میری امت میں ایسے آدمی ہیں جو مرنے کے بعد بھی گفتگو کرتے ہیں۔

اس واقعہ کو حلیہ میں بھی بیان کیا گیا ہے۔

حضرت ربیع کا اسم گرامی صحابہ کی فہرست میں دیکھا تو نہیں گیا مگر دوسرے قرینوں اور اس واقعہ سے بھی آپ کا صحابی ہونا مسلم ہو جاتا ہے۔

کرامات حضرت علا ابن خضرمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۹۲ و ۹۳) عَنْ سَهْمِ بْنِ مِنْجَابٍ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَضْرَمِيِّ
فَسِرْنَا حَتّٰى اَتَيْنَا دَارِيْنَ وَالْبَحْرُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ فَقَالَ يَا عَلِيْمُ
يَا حَكِيْمُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ اِنَّا عَبِيْدُكَ اَللّٰهُمَّ فَاجْعَلْ لَنَا اِلَيْهِمْ سَبِيْلًا
فَتَقَحَّمَ بِنَا الْبَحْرَ فَخُضْنَا مَا يَبْلُغُ لُبُوْدَنَا الْمَاءُ فَخَرَجْنَا اِلَيْهِمْ۔
وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ فَلَمَّا رَاٰى عَامِلُ كِسْرٰى فَقَالَ لَا
نُقَاتِلُ هٰؤُلَاءِ نَعْمَدُ فِيْ سَفِيْنَةٍ وَلَحِقَ بِفَارِسٍ نَعَاهُ فِي الْحَلْبَةِ۔

(الرحمۃ المہداۃ صـ۲۲۱) ترجمہ سہم بن منجاب نے بیان کیا کہ ہم علا ابن حضرمی کے ساتھ جہاد کے لئے روانہ ہو کر جب مقام دارین پہنچے جو ہندوستانی مشک اور کستوری کی بحرین میں بہت بڑی منڈی ہے اور سمندر کے ساحل پر واقع ہے۔ چنانچہ حضرت علا ابن حضرمی نے سمندر کے کنارے پر کھڑے ہو کر کہا۔ اے اللہ تو جاننے والا ہے تو قوت والا ہے اور تو بہت بڑا ہے ہم تیرے معمولی بندے یہاں کھڑے ہوئے ہیں اور اسلام کا دشمن سمندر کے اس سرے پہ ہے الٰہی ان کو شکست دینے کیلئے ان کو راہ راست پر لانے کے لئے اور ان کو اسلام کا کلمہ پڑھانے کے لئے ہم کو ان تک پہنچا دے اس دعا کے بعد انھوں نے ہم کو سمندر میں اتار دیا اس سمندر کا پانی ہمارے گھوڑوں کے سینہ تک بھی نہیں پہنچا۔

اور ہم سمندر پار ہو کر اسلام کے دشمنوں پر جا ٹوٹے۔

حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ ان حالات کو بادشاہ کسریٰ نے دیکھ کر اپنی فوج کے سرداروں سے کہا کہ ہم ان مجاہدوں سے ہرگز نہیں لڑ سکتے۔ ان بہادروں سے مقابلہ کی ہم کو تو ہمت ہی نہیں رہی اور بالآخر وہ کشتی میں بیٹھ کر فارس کی طرف روانہ ہو گیا اور اس کی فوج بھی ایک دو تین ہو گئی۔ اس قصہ کو حلیہ میں بھی بیان کیا گیا ہے۔

کرامت حضرت زید بن خارجہ بن زید ابن ابی زہیر انصاری خزرجی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۹۴) ذَکَرَ الْحَافِظُ ابْنُ حَجَرٍ فِی تَہْذِیْبِ التَّہْذِیْبِ فِی تَرْجَمَتِہٖ وَاَنَّہُ الْمُتَکَلِّمُ بَعْدَ الْمَوْتِ ابْنُ سَعْدٍ وَابْنُ اَبِیْ حَاتِمٍ وَالتِّرْمِذِیُّ وَیَعْقُوْبُ بْنُ سُفْیَانَ وَالْبَغَوِیُّ وَالطَّبْرِیُّ وَاَبُوْ نُعَیْمٍ وَغَیْرُھُمْ (ص۴۱۳ ج ۳ مع حاشیہ) ترجمہ۔ حافظ حدیث ابن حجرؒ نے تہذیب التہذیب میں لکھا ہے کہ زید بن خارجہ وہ شخصیت ہے جنھوں نے مرنے کے بعد بھی گفتگو کی۔ اس کو ابن سعد ابن ابو حاتم، امام ترمذی، یعقوب بن سفیان، بغوی، طبری اور ابونعیم وغیرہ نے بھی بیان کیا ہے۔

زید بن خارجہ نے خلافت سوم میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ تہذیب التہذیب کے حاشیہ پر لکھا ہوا ہے کہ اس قصہ کی سند حضرت نعمان بن بشیرؓ نے اس طرح بیان کی کہ زید بن خارجہ کے انتقال کے بعد ان کی نماز جنازہ پڑھانے کیلئے خلیفہ سوم حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی تشریف آوری کا انتظار تھا۔ میں نے کہا لاؤ اتنی دیر میں دو رکعت نفل پڑھ لیتا ہوں۔ ادھر میں نماز میں لگا اور ادھر زید بن خارجہ اپنے منہ پر سے کپڑا ہٹا کر کہا۔

السلام علیکم یا اہل البیت، سب لوگوں سے ان کی گفتگو ہو رہی تھی اور میں سجدہ میں سبحان ربی الاعلیٰ پڑھ رہا تھا۔ زید بن خارجہ نے اپنی دوران گفتگو میں کہا۔ لوگو بالکل خاموش ہو جاؤ اور سنو! رسول اللہؐ نے حدیث شریف میں فرمایا ہے کہ سب سے پہلے شخص حضرت ابو بکر صدیقؓ تھے جو جسمانی طور پر تو دبلے پتلے تھے مگر اللہ تعالیٰ کے احکام کے اجرا میں بڑے طاقتور اور قوت دار تھے۔ اور اس کے بعد حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سب سے زیادہ بچے تھے وہ جس طرح مضبوط بدن کے آدمی تھے اسی طرح احکام خدا کے اجرا میں بھی بڑے سخت اور بہت کڑے تھے اور اب حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ جن کی خلافت کے دو برس بیت گئے اور چار سال باقی ہیں یہ بھی نیک اور صداقت کا مجسمہ ہیں ان کے دور خلافت میں تمام معاملات اور اشیائے محفوظ پر فتنوں کا دباؤ ہے اور اریس کنواں کو تو تم لوگ جانتے ہی ہو جہاں رسول اللہ کی انگوٹھی حضرت عثمانؓ کے ہاتھ سے گر گئی تھی اور اسی دن سے فتنہ و فساد کے دروازے کھل گئے تھے۔ اور اے عبداللہ بن رواحہ تم پر خدا کی سلامتی ہو کیا تم کو خارجہ اور سعد کے حالات معلوم نہیں۔ اس کے بعد وہ بالکل خاموش ہو گئے میں نماز سے فارغ ہو کر یہ تمام باتیں سن ہی رہا تھا کہ حضرت عثمان نے تشریف لا کر ہمارا جنازہ پڑھا دیا۔

اس واقعہ کو کئی طریقوں سے حضرت نعمان بن بشیرؓ اور دوسرے

حضرات نے بیان کیا ہے۔ تفصیل کے لئے دیکھو تہذیب التہذیب جلد سوم صفحہ ۴۱۰ تا ۴۱۴۔

کرامات حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ

(۹۵) ابن اسحقؒ اور علامہ بیہقیؒ روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابو واقد لیثیؓ نے بیان کیا ہے کہ وہ جنگ بدر میں ایک مشرک کے قتل کرنے کے لئے جھپٹے۔ کیا دیکھتے ہیں کہ شمشیر آبدار ابھی اس تک پہنچی بھی نہیں کہ اس کا سر کٹ کر نیچے گر پڑا تفصیل کے لئے دیکھئے از کلام المبین صفحہ

کرامت حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۹۶) حاکمؒ بیہقیؒ اور ابو نعیمؒ بیان کرتے ہیں کہ حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جنگ بدر کی حالت یہ تھی کہ جب ہم کسی مشرک اور خدا کے باغی کے قتل کے لئے تلوار کا اشارہ کرتے ابھی ہماری تلوار اس کے سر پر پڑتی تک نہ تھی کہ اس بدبخت کی کھوپڑی کٹ کر دور جا پڑتی واقعہ یہ ہے کہ جنگ بدر میں مسلمانوں کی امداد کے لئے آسمان سے فرشتے آئے تھے اور وہ ہر مسلمان کا اشارہ پاتے ہی اس مشرک کو قتل کر دیتے تھے۔

کرامت حضرت ابو بردہ نیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۹۷) امام بیہقیؒ روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ نے فرمایا میں نے جناب رسالتمآب ﷺ کی خدمت میں مشرکوں کے تین سر لیجا کر عرض کیا یا رسول اللہ ان میں سے دو کو تو میں نے قتل کیا ہے اور تیسرے کا واقعہ یہ ہے کہ ایک خوشرو نوجوان جو بڑا لمبا تڑنگا تھا لیکن وہ ہم مجاہدوں میں کا نہیں تھا کیونکہ سب دوستوں کو تو میں پہچانتا ہوں اس شیر مرد نے اس ناپاک کو مار کر گرا دیا اور میں اس گندے سر کو یہاں لے آیا ہوں۔ اس پر سرور عالم ﷺ نے فرمایا کہ وہ فلانا فرشتہ تھا (الکلام المبین صث۔)

کرامت حضرت سہیل بن عمرو رضی اللہ عنہ

(۹۸) علامہ بیہقیؒ بیان کرتے ہیں کہ حضرت سہیلؓ نے فرمایا کہ میں نے جنگ بدر میں کچھ گورے چٹے اور سرخ و سفید لوگوں کو دیکھا جو چتکبرے گھوڑوں پر سوار تھے اور مشرکوں میں سے کوئی بھی ان کا مقابلہ نہیں کرسکتا تھا وہ ادھر رخ کرتے صفوں کی صفیں کھیت کر دیتے (الکلام المبین صـ٨٧)

فوج رواں کی طرح صف صف پہ پھٹ گئے۔

مشرک سر اپنا پھینک کے پیچھے کو ہٹ گئے۔

کرامت حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۹۹) صحیحین میں حضرت اسامہ سے روایت ہے کہ انھوں نے رسول اللہ کے حضور میں جبرئیل کو دیکھا (الکلام المبین ص۸)

کرامت زن صالحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۱۰۰) بیہقیؒ اور ابن عدیؒ نے حضرت انسؓ سے روایت کی ہے کہ ایک اندھی بڑھیا کے ایک نوجوان انصاری بیٹے نے وفات پائی اور بڑھیا نے اس کے منہ پر کپڑا اڑھا دیا۔

ہم اس کو صبر و تسلی دے رہے تھے بیچ میں وہ کہنے لگی اے اللہ۔ تو جانتا ہے کہ میں نے تیرے پیغمبر کی طرف اس امید پر ہجرت کی ہے کہ تو تکلیفوں میں میری مدد کرے۔

آج میری مصیبت کو تو ٹال دے۔ اے اللہ محمد رسول اللہ کا صدقہ میری مدد کر۔ حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم لوگ ابھی وہیں بیٹھے تھے کہ اس مردے نے جو انصاری تھا اپنے منہ سے کپڑا ہٹایا اور اپنی بڑھی مہاجر ماں سے کہا اب تم مت گھبراؤ میں اچھا ہو گیا۔ چنانچہ ہم سب نے اس کے ساتھ کھانا کھایا (الکلام المبین ص۱۰۰)

نوٹ۔ ہر وہ دعا جس میں مقصد کا حصول ناممکن ہو وہ جائز نہیں لیکن ان صحابیؓ نے غلبۂ حال میں مجبوراً دعا کی تھی اور غلبۂ حال میں ہر شخص معذور ہے۔ اور ان صحابیؓ کی نیت ہجرت کا مطلب یہ ہے کہ ہجرت تھی تو اللہ ہی کیلئے مگر اس کی برکت سے مقصود انسانی بھی پیش نظر تھا۔ اور صلوٰۃ الحاجت کا بھی یہی مقصد ہوتا ہے۔ کہ انسان کی تکلیفیں دور ہو جائیں تاکہ وہ اطمینان سے عبادت کر سکے۔

کرامت حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۱۰۱) علامہ بیہقیؒ نے عبداللہ انصاری سے روایت کی ہے کہ ثابت بن قیس جس وقت جنگ یمامہ میں شہید ہوئے تو ان کے دفن میں، میں بھی شریک تھا جب ان کو قبر میں رکھ دیا گیا تو انھوں نے کہا۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ عُمَرُ الشَّهِيْدُ عُثْمَانُ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ۔ اور اس پوری شہادت کو ہم نے بخوبی سنا۔ اس کے بعد ان شہید کو ویسا ہی پایا جیسا کہ وہ باتیں کرنے سے پہلے تھے یعنی بالکل خاموش مردہ (الکلام المبین صفحہ ...)

کرامت حضرت جعد بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۱۰۲) ابن سعدؒ نے جعد بن قیس مرادی سے روایت کی ہے کہ ہم کرنے

کے ارادہ سے چار آدمی اپنے وطن سے روانہ ہوئے اور ملک یمن کے ایک جنگل میں جا رہے تھے کہ ہم کو یہ شعر سنائی دیئے۔

اے جانے والے سوارو! جب تم زمزم اور حطیم پر پہنچو رسول اللہ کو جنھیں خدا نے اپنا پیغمبر بنایا ہے ہمارا سلام عرض کرنا اور یہ بھی کہنا کہ ہم آپ کے دین پر برقرار ہیں آپ کے فرمانبردار اور تابعدار ہیں اور آپ کی اس اطاعت کرنے کی ہم کو مسیح بن مریمؑ نے بھی وصیت کی تھی۔

الکلام المبین صـــ
)

کرامت حضرت بلال بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۱۰۴) امام احمدؒ بزارؒ ابویعلیؒ بیہقیؒ اور دیگر محدثین نے حضرت بلال بن حارثؓ سے روایت کی ہے کہ ایک دفعہ ہم لوگ رسول اللہؐ کے ساتھ شریک سفر تھے۔ مکہ معظمہ کے راستہ میں بمقام عرج "پڑاؤ ڈالا گیا اور الگ الگ خیمے نصب کئے گئے۔

میں اپنے خیمہ سے نکل کر سرکار دو عالمؐ کی ملاقات و مزاج پرسی کیلئے جب لشکر کے خیمہ میں پہنچا تو آپ وہاں نہ تھے بلکہ وہاں سے دور سامنے جنگل میں تنہا تشریف فرما تھے۔ میں لپکتا ہوا جب قریب پہنچا تو شور و غوغا کی آواز میرے کانوں میں آئی۔ بس میں سمجھ گیا کہ مردان غیب کا ہجوم ہے لہٰذا میں وہیں دور ٹھہر گیا۔ ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ بہت سے آدمی چیخ چیخ کر باتیں کر رہے ہیں۔

اور جھگڑا ہو رہا ہے۔ تھوڑی دیر کے بعد رسول اللہ مسکراتے ہوئے میرے پاس تشریف لائے میں نے وہیں جنگل میں عرض کیا یا رسول اللہ یہ کیا شور تھا؟ آپ نے فرمایا مسلمان جنوں اور کافر جنوں میں سکونت کی نزاع تھی اور دونوں گروہ پہنچے ہوئے اس جھگڑے کے تصفیہ کے لئے میرے پاس آئے تھے۔ میں نے ان لوگوں کا مقدمہ سن کر یہ فیصلہ کر دیا کہ مسلمان جن حبش اور کافر جن "غور" میں سکونت اختیار کریں اور آپس میں ہرگز نہ ملیں کہ دونوں راضی ہو گئے ——— اور چلے گئے ——— اس حدیث کے راوی حضرت کثیر بن عبداللہ کا بیان ہے میں نے تجربہ کیا ہے کہ ملک حبش میں جن کے آسیب کے مریض کو جلدی شفا ہو جاتی ہے اور ملک غور میں جس کو آسیب گھیر لیتا ہے تو وہ اکثر ہلاک ہو جاتا ہے (از کلام المبین) ص ۱۲۷

کرامت حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۱۰۴) فی تاریخ الریاحین: ومن ذلک الحدیث المتفق علی صحتہ ایضا فی سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ الذی قالت لہ اروی التی ادعت علیہ انہ اخذ شیئا من ارضہا فقال اللہم ان کانت کاذبۃ فاعم بصرہا واقتلہا فی ارضہا فما ماتت حتی ذہب بصرہا وبینما ہی تمشی فی ارضہا اذ وقعت فی حفرۃ فماتت اخرجاہ فی الصحیحین (ص ... مصری ترجمہ

سعید بن زیدؓ کے بارے میں جس حدیث پر تمام علماء کا اتفاق ہے اور جس کو روض الریاحین میں بھی لکھا ہے وہ یہ ہے کہ ایک مکار عورت نے حضرت سعیدؓ پر یہ جھوٹا دعویٰ کیا تھا کہ انھوں نے اس کی زبردستی کچھ زمین لے لی ہے، اس پر حضرت سعید نے اس کے لئے یہ بددعا کی اے اللہ۔ اگر یہ عورت جھوٹی ہے تو اس کی آنکھیں پھوڑ دے اور اس کو اس کی زمین پر ہی موت دیدے ــــ بس وہ اپنی زندگی ہی میں اندھی ہوگئی اور ایک دن جبکہ وہ اپنی زمین پر چل رہی تھی ناگاہ ایک گڑھے میں گر کر مرگئی ــــ اس قصہ کو صحیحین میں بھی بیان کیا گیا ہے۔

کرامات حضرت سلیمان و ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہما

(۱۰۵/ ۱۰۶) اَنَّهٗ كَانَ بَيْنَ سَلْمَانَ وَاَبِي الدَّرْدَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا قَصْعَةٌ فَسَبَّحَتْ حَتّٰى سَمِعَا التَّسْبِيْحَ (روض الریاحین صـــــ)

ترجمہ۔ حضرت سلیمانؓ اور حضرت ابو درداءؓ بیٹھے ہوئے تھے اور دونوں کے بیچ میں ایک پیالہ رکھا ہوا تھا جو "سبحان اللہ" پڑھ رہا تھا اور اس کی اس تسبیح کو دونوں حضرات نے سنا۔

کرامت حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۱۰۷) فی حدیث طویل قال من کان یطعمک قلت ما کان لی من طعام الا ماء زمزم فسمنت حتی تکسرت عکن بطنی وما اجد علی کبدی سخفۃ جوع فقال انہا مبارکۃ وانہا طعام طعم رواہ مسلم (تیسیر الوصول ص۱۵۳ ج۲) ترجمہ حضرت ابوذر غفاری نے ایک لمبی حدیث میں بیان کیا ہے کہ مجھ سے سرکار دو عالمؐ نے دریافت فرمایا۔ اے ابوذر! تم کو کھانا کون کھلاتا تھا۔؟ میں نے جواب دیا حضور! مجھے کھانا تو کوئی نہیں کھلاتا تھا البتہ آب زمزم خوب پیا کرتے تھے۔ جس سے میں موٹا ہوگیا اور اتنا موٹا ہوگیا کہ میرے پیٹ پر بٹیں پڑنے لگیں اور بھوک نے میرے جگر کا فعل بھی خراب نہیں کیا۔ اس پر سرور عالمؐ نے ارشاد فرمایا۔ آب زمزم بڑی اچھی چیز ہے اور پیٹ بھرنے کیلئے عمدہ قسم کا کھانا بھی ہے۔ اسکو مسلم میں بھی بیان کیا گیا ہے۔۔ واقعہ یہ ہے کہ حضرت ابوذر غفاری چاہ زمزم پر ایک ماہ تک مقیم رہے۔ آپ وہاں صرف آب زمزم ہی پیتے رہے۔ اور کوئی غذا نہیں کھائی۔ اگرچہ اس متبرک پانی کی تاثیر یہی ہے مگر ہر شخص اس کا مظہر نہیں ہو سکتا۔ جن کو اللہ تعالیٰ اپنی نعمتوں سے نوازتا ہے۔ وہی ایسی برکتوں کے محل و مظہر ہوا کرتے ہیں۔

درنگواہی آدمیت دور رو آن زو وزن

کرامت حضرت عمران حُصَین رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۱۰۸ تا ۱۱۰) صحیح مسلم شریف میں حضرت عمرانؓ سے روایت ہے کہ فرشتے مجھے سلام کیا کرتے تھے مجھے تیس برس سے بواسیر تھی، اس بیماری کو دور کرنے کے لیے میں نے مسّوں کو داغنا شروع کیا تو فرشتوں نے مجھے سلام کرنا چھوڑ دیا۔ اور جب میں نے اس مکروہ فعل کو ترک کر دیا تو ملائکہ پھر مجھے سلام کرنے لگے ہے اور صحیح ترمذی میں ہے کہ عمران بن حصینؓ کے گھر میں لوگ کسی سلام کرنے والے کو تو نہیں دیکھتے تھے۔ مگر السلام علیکم یا عمران کی آوازیں برابر ان کو سنائی دیتی تھیں ـــــ نسیم الریاض میں معتبر کتابوں کے حوالے سے لکھا ہوا ہے عمران بن حصینؓ سے فرشتے معانقہ کیا کرتے تھے۔

بدن کے کسی عضو کو داغنا۔ گودنا اور جلانا بہت ہی برا کام ہے لیکن حضرت عمران بن حُصینؓ سے فرشتوں کی سلام دعا، گفتگو اور معانقہ یہ ان کی کرامت ہے۔

کرامت حضرت حارث بن کلدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ

(۱۱۱و۱۱۲) اَخْرَجَ ابْنُ سَعْدٍ وَالْحَاكِمُ بِسَنَدٍ صَحِيْحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ وَالْحَارِثَ بْنَ كَلْدَةَ يَاْكُلَانِ خَزِيْرَةً اُهْدِيَتْ لِاَبِي بَكْرٍ فَقَالَ الْحَارِثُ لِاَبِي بَكْرٍ ارْفَعْ يَدَكَ يَا خَلِيْفَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَاللّٰهِ اِنَّ فِيْهَا لَسَمَّ سَنَةٍ وَاَنَا وَاَنْتَ نَمُوْتُ فِيْ يَوْمٍ وَاحِدٍ فَرَفَعَ يَدَهٗ فَلَمْ يَزَالَا عَلِيْلَيْنِ حَتّٰى مَاتَا فِيْ يَوْمٍ وَاحِدٍ عِنْدَ انْقِضَاءِ السَّنَةِ (تاریخ الخلفاء صفحہ ۶۰) ترجمہ۔ ابن سعدؒ اور حاکمؒ نے صحیح سند کے ذریعہ ابن شہابؒ سے روایت کی ہے کہ حضرت صدیق اکبرؓ اور حضرت حارثؓ دونوں بیٹھے دلیا کھا رہے تھے جو تحفہ کے طور پر آیا تھا دلیا کھاتے کھاتے ایک مرتبہ حضرت حارثؓ نے کہا اے خلیفہ رسولؐ ہاتھ کھینچ لیجئے۔ اللہ کی قسم حریرہ میں وہ زہر ہے جس سے سال بھر میں ہلاکت واقع ہوتی ہے اب آپ اور ہم دونوں ایک دن مریں گے چنانچہ صدیق اکبرؓ نے وہ دلیا کھانا چھوڑ دیا اور پھر وہ دونوں ایک سال تک بیمار رہ کر ایک ہی دن اس دنیا سے رحلت فرما گئے۔

حضرت حارث کی دو کرامتیں ظاہر ہوئیں ایک تو دلیا کھاتے کھاتے بغیر کسی ظاہری سبب کے یہ معلوم کر لیا کہ اس میں وہ سلو پازن ملا ہوا ہے جس کا کھانے والا ایک سال میں ہلاک

ہو جاتا ہے اور دوسری کرامت یہ کہ دونوں کی وفات ایک ہی دن ہوگی اور یہ سب ایسا ہی
ہوا جسکو قرینہ سے کوئی دوسرا معلوم نہیں کرسکتا اور یہ کشف آپ کی کرامت تھی۔

کرامت حضرت ہلال بن امیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

۱۳۰) عن ابن عباسؓ فی قصۃ ہلال بن امیۃ قال والذی بعثک بالحق انی لصادق ولینزلن اللہ تعالیٰ ما یبرئ ظہری من الحد فنزل جبریل علیہ السلام وفیہ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لولا ما مضی من کتاب اللہ لکان لی ولہا شان۔ اخرجہ الجماعۃ الا الترمذی والنسائی وابو داؤد کذا فی التیسیر المطبوع فی کلکتہ صفحہ ۲۰۸ (مشکوٰۃ صفحہ ۲۸۵)

ترجمہ۔ حضرت ابن عباس بیان کرتے ہیں کہ حضرت ہلال نے اپنی بیوی پر زنا کا دعوی کیا۔ جس پر رسول اللہ ﷺ نے ہلال سے کہا ورنہ اس بہتان کی وجہ سے تمہاری پیٹھ پر حد جاری ہوگی یعنی تم کو اسی کوڑے لگائے جائیں گے۔ اس پر حضرت ہلال نے کہا قسم ہے اس ذات پاک کی جس نے آپ کو دین حق دیکر بھیجا ہے میں بالکل سچا ہوں اور اللہ تعالیٰ عنقریب کوئی حکم بھیجے گا جو میری کمر کو حد قذف سے بری کردیگا۔ اتنے میں حضرت جبریل آئے اور لعان کی آیت ساتھ لائے یعنی وہ حکم جو میاں بیوی کی تہمت سے متعلق ہے جس سے اسکا فیصلہ ہوتا ہے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر اس بارے میں حکم اللہ تعالیٰ نازل نہ کرتا تو میرا اور اس عورت کا معاملہ بڑا ہی سخت ہو جاتا یعنی مجھکو دو سزاؤں میں سے جو حد مقرر ہے پیدا ہونے والے لڑکے کے لئے مقرر کر دی گئی تھی اسکو بجا لاتا۔ ترمذی اور ابو داؤد نے اسکو بیان کیا ہے۔

کرامت حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ

۱۴۱) بیہقی و نسائی نے روایت کیا کہ رسول اللہ ﷺ کے حکم سے خالدؓ نے جب عزیٰ کو ڈھایا تو اس میں سے ایک ننگی عورت نکلی بال بکھرے ہوئے اپنے سر پر ہاتھ رکھے بیٹھی ہوئی تھی کہ حضرت خالد نے اس کو دو ٹکڑے کر دیا اور پھر

آنحضرت کے حضور میں آکر اس قصہ کو بیان کیا۔ آپ نے فرمایا عزیٰ وہی عورت تھی جس کو تم نے قتل کر دیا۔ اب کبھی اس کی عبادت نہ ہو گی شاباش! شاباش! یہ عزیٰ درخت پر بنائی ہوئی ایک عمارت تھی جس کو مشرکین اس لئے پوجتے تھے کہ اس میں سے آوازیں سنائی دیتی تھیں (از قبیل شیاطین) اس عمارت میں ایک خبیث روح تھی جو باولا کرتی تھی چنانچہ وہ خبیث شئے ہمکلام ہو کر دو عالم کے خوف سے انسانی صورت میں جب وہاں سے نکلی تو حضرت خالد بن ولیدؓ نے اسے موت کے گھاٹ اتار دیا اسی کا نام عزیٰ تھا اسی شیطانی روح کو قتل کرنا اور بت خانہ عزیٰ کا پھر دوبارہ عبادت نہ ہونا یہ حضرت خالدؓ کی کرامت تھی۔

کرامت حضرت عامر بن فہیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۱۱۵) رَوَى الْبُخَارِيُّ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ فِي حَدِيثٍ طَوِيلٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبِي قَالَ لَمَّا قُتِلَ الَّذِينَ بِبِئْرِ مَعُونَةَ وَأُسِرَ عَمْرُو بْنُ أُمَيَّةَ الضَّمْرِيُّ قَالَ لَهُ عَامِرُ بْنُ الطُّفَيْلِ مَنْ هٰذَا؟ فَأَشَارَ إِلَى قَتِيلٍ فَقَالَ لَهُ عَمْرُو بْنُ أُمَيَّةَ هٰذَا عَامِرُ بْنُ فُهَيْرَةَ فَقَالَ لَقَدْ رَأَيْتُهُ بَعْدَ مَا قُتِلَ رُفِعَ إِلَى السَّمَاءِ حَتَّى إِنِّي لَأَنْظُرُ إِلَى السَّمَاءِ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْأَرْضِ ثُمَّ وُضِعَ (ص ۵۸۶ ج ۲) ترجمہ: امام بخاریؒ نے ایک طویل حدیث میں روایت بیان کی ہے کہ حضرت ہشام بن عروہؓ نے کہا کہ مجھ سے میرے والد بزرگوار نے فرمایا کہ بئر معونہ میں جس وقت صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین شہید کئے گئے اور عمرو بن امیہ ضمریؓ کو قید کیا گیا تو ان سے عامر بن طفیل نے ایک مقتول و شہید کی طرف اشارہ کر کے پوچھا یہ کون ہے؟ جس پر اسیر مشرکین عمرو بن امیہ نے جواب دیا کہ جس جانتے یہ تو عامر بن فہیرہ ہیں اور عامر بن طفیل نے یہ بھی بیان کیا کہ میں نے اس شہید یعنی عامر بن فہیرہ کے جنازے کو آسمان کی طرف جاتے ہوئے دیکھا

اور پھر وہ جنازہ اتنا اونچا ہو گیا کہ آسمان و زمین کے درمیان میں اس کو دیکھ نہ سکا یعنی میری نظر بھی نہ پہنچ سکی اور پھر تھوڑی دیر بعد ان کا جنازہ زمین پر لا کر رکھ دیا گیا ـــ اللہ تعالیٰ نے ماذن بن تھیر کی عظمت و بزرگی دکھلانے کے لیے ان کے جنازہ کو آسمان کی طرف اٹھا دیا تھا۔ یہ بھی آپ کی کرامت تھی

کرامت ایک جن صحابی کی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۱۱۷ تا ۱۱۸) أَخْرَجَ ابْنُ الْجَوْزِيِّ فِي كِتَابِ صِفَةِ الصَّفْوَةِ بِسَنَدِهِ عَنْ سَهْلِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كُنْتُ فِي نَاحِيَةِ دِيَارِ عَادٍ إِذْ رَأَيْتُ مَدِيْنَةً مِنْ حَجَرٍ مَنْقُوْرٍ فِي وَسْطِهَا قَصْرٌ مِنْ حِجَارَةٍ تَأْوِيْهِ الْجِنُّ فَدَخَلْتُ فَإِذَا شَخْصٌ عَظِيْمُ الْخَلْقِ يُصَلِّيْ نَحْوَ الْكَعْبَةِ وَعَلَيْهِ جُبَّةُ صُوْفٍ فِيْهَا طَرَاوَةٌ فَلَمْ أَتَعَجَّبْ مِنْ عَظِيْمِ خِلْقَتِهِ كَتَعَجُّبِيْ مِنْ طَرَاوَةِ جُبَّتِهِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ عَلَيَّ السَّلَامَ وَقَالَ يَا سَهْلُ إِنَّ الْأَبْدَانَ لَا تُخْلِقُ الثِّيَابَ وَإِنَّمَا تُخْلِقُهَا رَوَائِحُ الذُّنُوْبِ وَمَطَاعِمُ السُّحْتِ وَإِنَّ هٰذِهِ الْجُبَّةَ عَلَيَّ مُنْذُ سَبْعِمِائَةِ سَنَةٍ لَقِيْتُ فِيْهَا عِيْسٰى وَمُحَمَّدًا عَلَيْهِمَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ فَآمَنْتُ بِهِمَا فَقُلْتُ لَهُ وَمَنْ أَنْتَ قَالَ مِنَ الَّذِيْنَ نَزَلَتْ فِيْهِمْ قُلْ أُوْحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ۔ لباب النقول مصری صـ ۲۱۰) ترجمہ: حافظ ابن جوزی نے کتاب صفوۃ الصفوۃ میں اپنی سند سے علام الاولیاء حضرت سہل بن عبد اللہ سے روایت بیان کی ہے وہ کہتے تھے کہ میں قوم عاد کے شہروں سے شہر عاد کی ایک سمت پر تھا جہاں میں نے تراشیدہ پتھروں کا ایک شہر دیکھا یعنی اس شہر کی سب عمارتیں پتھروں کو اندر سے کھود کر بنائی گئی تھیں اور اس شہر کے بیچوں بیچ ایک سنگین محل تھا جس میں جنات بسا کرتے تھے لیکن میں اس محل میں گھس گیا دیکھتا ہوں کہ ایک موٹا تازہ اور لمبا چوڑا شخص کعبہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھ رہا ہے اور پُر رونق اونی جبہ پہنے ہوئے ہے۔ مجھ کو بڑا تعجب ہوتا ہے اور اس کے پیکر کو دیکھ کر اتنا تعجب نہیں ہو رہا تھا کہ اس نے نماز سے فراغت کر کے سلام پھیرا۔

میں نے ان کو سلام کیا اور انہوں نے مجھے سلام کا جواب دیا اور کہا اے سہیل بن عبداللہ بدن کی گرمی سے کپڑا بوسیدہ

نہیں ہوتا اس لئے کہ بدنوں میں کوئی ایسی خاصیت نہیں کہ اس سے کپڑے پھٹ جائیں بلکہ کپڑے تو صرف

گناہوں کی بدبو اور حرام غذا کے کھانے سے بوسیدہ ہو کر پھٹ جاتے ہیں اس صوفی جبہ کو تو میں سات سو سال

سے پہنے ہوئے ہوں اور میں نے اسی لباس میں حضرت عیسیٰ اور سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملاقات کی ہے اور دونوں

پر ایمان لایا ہوں۔ میں نے ان سے پوچھا آپ کون ہیں تو انہوں نے جواب دیا میں ان میں سے ہوں جن کے متعلق آیت

نازل ہوئی ہے۔ قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ۔ دیکھا آپ نے ان جن صحابی نے اپنی

تین کرامتوں کو ظاہر کیا۔۔۔ اول یہ کہ انہوں نے جو سہیل جوان کے نام سلام کہہ دیا۔ دوسرے

یہ بتایا کہ گناہوں کی نحوست بھی ایک چیز ہے جس سے کپڑے پرانے ہو کر پھٹ جاتے ہیں اور تیسری کرامت

یہ بتائی کہ تعجب کی کوئی بات نہیں یہ تو سات سو سال سے بھی زیادہ پرانا جبہ ہے مگر پرانے پن سے

بچنے کی وجہ بالکل نیا معلوم ہو رہا ہے۔

تمام شد

کتاب کے خاتمہ پر مولوی سید احمد حسن سنبھلی نے تحریر فرمایا ہے کہ سرسری تلاش اور ضیق الوقت

میں یہ رسالہ جس میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی کرامتیں درج ہیں خدا کا شکر ہے مکمل ہو گیا ورنہ جی چاہتا تھا کہ

بہت بڑا ذخیرہ کرامات کا جمع ہو جاتا لیکن اب بھی بقدر ضرورت یہ بہت کافی ہے جس دن حضرت

سیدنا امام حسین کی کرامتیں لکھنا شروع کی تھیں اس شب میں سیدتنا حضرت فاطمۃ الزہرا بنت رسول اللہ کی زیارت

سے مشرف ہوا اور دونوں کو ایک ہی مبارک مکان میں تشریف فرما دیکھا اور جی بھر کر دیکھا حدیث میں آیا ہے انہ فی الجنت

میں بھی ایسا ہی ہو گا کہ جناب سیدہ و رسول اللہ ایک ہی دولت کدہ میں تشریف فرما ہوں گے فقط اسی طرح

شہداء کا رتبہ ہو گا اللہ ان حضرات کی ہمیں کرامتیں اور ان کے ناشر ہمارے کو اپنی رحمتوں سے مالا مال اور سرفراز

کرے۔ آمین یا رب العالمین۔ الا مرالعمر۔ فقط خستہ شد

احمد حسن ۔۔۔

۲۶ء